[1] فائدہ معشرات السبع دہ سات کلمے ہین کہ ایک کو دس دس مرتبہ پڑھتے ہین وہ کلمے یہ ہین اول اللہ اکبر دس بار دوسرا الحمد للہ دس بار تیسرا سبحان اللہ وبحمدہ دس بار چوتھا سبحان اللہ الملک القدوس دس بار پانچوان لا الٰہ الا اللہ دس بار چھٹا استغفر اللہ الذی لا الٰہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ دس بار ساتوان اللّٰھم انی اعوذ بک من ضیق المقام الدنیا وضیق یوم القیامۃ دس مرتبہ پڑھے ۱۲ منہ قدس اللہ سرہ

[2] یعنی لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ ۱۲

[3] یعنی اشھد ان لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ واشھد ان محمدا عبدہ ورسولہ ۱۲

واقع ہو جھکا کے کلمہ لا کو قوت اور سختی سے دل کے اندر سے کھینچ کر اور الٰہ کو اپنے مونڈھے پر
لیجا کے سر کو پشت کیطرف مائل کر کے تصور کرے اور غیر اللہ کو دل میں سے نکال کر پس پشت
ڈالدے اور دم کو چھوڑ کر لفظ الا اللہ کی زور اور سختی سے دل پر ضرب مارے کہ عشق اور نور الٰہی کو دل میں
داخل کیا اسیطرح اس نفی و اثبات کو فکر اور ملاحظے اور واسطے کے ساتھ دو سو بار کہے اور اس ذکر میں
نو بار لا الٰہ الا اللہ دسویں بار محمد رسول اللہ کہے بعد اسکے بطور سابق تین بار کلمہ طیب اور ایکبار
کلمہ شہادت کہے لیکن مبتدی کلمہ لا الٰہ میں لا معبود اور متوسط لا مقصود اور منتہی لا موجود
ملاحظہ کرے اسکے بعد لمحہ دو لمحہ مراقب ہو کر تصور کرے کہ فیضان الٰہی عرش سے میرے سینے میں آتا ہے **طریق اثبات مجرد** پھر دو زانو بیٹھے اور کمر کو سیدھی کرے اور سر کو داہنے مونڈھے پر لیجا کے لفظ الا اللہ کو زور اور
سختی سے دل پر ضرب کرے اسکو چار سو بار دمادم کرے پھر بطور سابق تین بار کلمہ طیب اور ایکبار کلمہ شہادت
کہے اور لمحہ دو لمحہ مراقب ہو **طریق ذکر اسم ذات** پھر ذکر اسم ذات اللہ اللہ کا کرے اسطرح سے
اول حرف ہاء لفظ اللہ کو پیش اور دوسری ہاء لفظ اللہ کو ساکن کرے یعنی جزم دے اور
آنکھیں بند کر کے اور سر کو داہنے مونڈھے پر لا کے لفظ مبارک اللہ اللہ کی دونوں ضرب جہر اور قوت سے دل پر
مارے اس ذکر اسم ذات دو ضربی کو چھ سو بار دمادم کرے لیکن سویں گیارھویں بار اللہ حاضری اللہ ناظری
اللہ شاہدی مع ملاحظہ معنوں کے کہتا ہے تاکہ کیفیت اور لذت ذکر کی اور دفع غفلت اور خواب
حاصل ہو بعد اس کے بطور سابق تین بار کلمہ طیب اور ایک بار کلمہ شہادت کہے پھر ایک ضربی اسطرح
سر کو جانب داہنے مونڈھے کے کج کر کے لفظ مبارک اللہ کو دل پر سو بار دمادم ضرب کرے بعد تین بار
کلمہ طیب ایکبار کلمہ شہادت کہکے درود شریف اور استغفار گیارہ گیارہ بار پڑھکے دعا مانگے اور مناجات
کرے کہ الٰہی تو ہی مقصود اور رضا تیری مطلوب ہے ترک کیا میں نے دنیا اور آخرت کو
واسطے تیرے عطا کر مجکو نعمتیں اپنی اور وصول تام درگاہ مقدس اپنی میں آمین۔

۱ے ذکر لا الٰہ میں ملاحظہ مفہوم اور معنی لا موجود کا کرے اسواسطے کہ مقصود نفی غیر کی ملاحظے میں ہے اور اس ذکر میں سویں و
بار سوم مرتبہ لفظ الا اللہ کے ساتھ اسکو یعنی لا موجود یا لا مقصود کو اول شامل کیا کرے باقی ملاحظے میں ہی ۱۲ منہ قدس اللہ تعالیٰ سرہ

طریق ذکر پاس انفاس کا

یعنے اپنے انفاس پر آگاہ اور ہوشیار رہے کہ بے ذکر اللہ کے کوئی دم نہ گذرے[۵۱] خواہ ذکر جلی ہو خواہ ذکر خفی پس وقت نکلنے سانس کے دم کے ساتھ لَا اِلٰہَ اور وقت داخل ہونے سانس کے دم کے ساتھ اِلَّا اللّٰہُ کہے دہن بستہ بے حرکت زبان خیال سے دم کو ذاکر کر لے اور نظر ناف پر رکھے دہان سے ذکر جاری کرے **طریق دوسرا یہ ہے** کہ لفظ مبارک اللہ کو سانس کے ساتھ اوپر کھینچے اور لفظ ہو کے ساتھ سانس کو چھوڑ دے اِس ذکر کے خیال اور دھیان سے ایسی کثرت اور مشق کرے کہ دم ذکر اور مستغرق بذکر ہو جائے

بیان ذکر اسم ذات زبانی

طالب کو چاہیے کہ باوجود ذکر پاس انفاس کے اسم ذات کو زبانی ہر روز چوبیس[۲۴] ہزار[۵۲] بار کہا وسعت مرتبہ کہے اور اگر اسقدر نہ ہو سکے تو چھ ہزار سے کم کرا دے نے مرتبہ ہے نہ کرے[۵۳] **طریق ذکر نفی و اثبات** کہ حضرات قادریہ کرتے ہین یہ ہے کہ خلوت مین رو بقبلہ باادب تمام بیٹھے اور آنکھین بند کرکے لا نفی کو زیر ناف سے زور اور سختی کے ساتھ نکال کے اور دراز کرکے داہنے مونڈھے تک لیجا کے الٰہ کو دماغ سے نکالدے اور اِلَّا اللّٰہُ کو قوت سے دل پر ضرب کرے اور لَا اِلٰہَ سے نفی معبودیت اور مقصودیت اور موجودیت غیر اللہ کی ملاحظ کرے تا وجود غیر کا نظر سے اٹھ جائے اور اِلَّا اللّٰہُ سے اثبات وجود مطلق حق سبحانہ تعالے کا کرے اسی طرح گیارہ سو بار ایک جلسے مین ہر روز کیا کرے تا اثر اُسکا ظاہر ہو اور اس ذکر کو اسی طرح حبس دم مین بھی کرتے ہین **طریق شغل اسم ذات کا یہ ہے** کہ زبان کو تالو سے لگا کے دل سے جسقدر ہو سکے رات دن تصور کیا کرے تا پختہ ہو کر بے تکلف جاری ہو جاوے باقی اذکار اور اشغال

---

[۵۱] فائدہ یعنے جاگتے اور سوتے ہر حال مین ذاکر رہے تا ذکر حیات اور پاس انفاس حاصل ہو اور دل ماسوائے اللہ سے پاک وصاف اور نورانی ہو کر مشعر تجلیات اور واردات غیبی کا ہو ۱۲ منہ قدس اللہ سرہ العزیز

[۵۲] فائدہ حکمت اسمین یہ کہ آدمی رات دن مین چوبیس ہزار سانس یعنی دم لیتا ہے تو گویا ہر دم ذاکر رہا اور ذاکرین مین داخل ہوا ۱۲ منہ قدس اللہ سرہ العزیز

[۵۳] تا اثر یعنے لذت اور محویت اور بیخودی ظاہر ہو اور تصفیہ قلب اور تجلی روح حاصل ہو ۱۲ منہ قدس اللہ سرہ العزیز

اس طریقے کے ضیاء القلوب مین موجود ہین۔

طریق شغل نفی و اثبات کہ حبس دم[1] مین کرتے ہین یہ ہی کہ آنکھین بند کرکے زبان کو تالو سے لگالے اول دم کو ناف سے کھینچکر دل مین قرار دے پھر اسی طرح کلمہ لا الٰہ کو دل سے نکال کے اور داہنے مونڈھے پر لیجاکے الا اللہ کی ضرب دل پر مارے اسیطرح اول ورزش دم ہر دم مین تین تین بار مشغول ہو پھر ہر روز درجہ بدرجہ ایک ایک بار زیادہ کرتا رہے تا حرارت باطن پیدا ہو کر تمام بدن مین سرایت کرے اور خطرہ دفع ہو کر تمام اعضا مین جاری ہو اور محبت اور عشق الٰہی ظہور کرے

طریقہ مراقبے کا یہ ہی کہ دو زانو نمازی کیطرح سر جھکا کے بیٹھے اور دلکو غیر اللہ سے خالی کرکے حق سبحانہ تعالیٰ کی حضوری مین حاضر رکھے اول اعوذ و بسم اللہ پڑھکے تین بار اَللّٰہُ حَاضِرِیْ اَللّٰہُ نَاظِرِیْ اَللّٰہُ مَعِیْ زبان سے تکرار کرکے پھر مراقب ہو کے اُن کے معنون کا دلمین ملاحظہ کرے اور تصور کرے یعنی جانے کہ اللہ سبحانہ و تعالیٰ حاضر و ناظر میرے پاس ہی اس جاننے مین اسقدر غوض کرے اور مستغرق ہو کر شعور غیر حق کا نہ رہے یہانتک کہ اپنی بھی خبر نہ رہے اگر ایک آن بھی اس سے غافل ہوگا تو مراقبہ نہوگا[2]

مراقبہ دوسرا اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ انوار الٰہی کو کہ ہر زمان و مکان مین موجود ہی جیسا کہ وجہ ہستی اُس کے کا ہر جگہ ثابت ہے ملاحظہ کرے اور مستغرق ہو جاوے۔

طریق ذکر اسم ذات جو متعلق لطائف ستہ سے ہی وہ یہ ہی کہ زبان کو تالو سے لگاکے اور آنکھین بند کرکے بزبان خیال دل صنوبری سے اللہ اللہ کہے اسطرح سے کہ اس اسم کو غیر ذات جانے اور حیثیت کو مقصود

---

[1] فائدہ حبس دم اور خطرہ بندی کے لیے خلو معدہ کھانے پینے سے شرط ہی خصوصًا ابتداے حال مین اور بڑی شرط یہ ہی کہ درجہ اوسط کا نگاہ رکھے نہ تو ایسا پُر شکم ہو کہ کاہل اور بوجھل ہو جاوے اور نہ بہت بھوکا رہے کہ ضعیف ہو اور حبس دم مین سرد چیزون مثل آب اور ہواے سرد کا استعمال نکرے تا حرارت قلب کو سرد نکردے اور گرم کھانے سے بھی پرہیز کرے برابر یہ ہی کہ حرارت طبعی ہو یا عارضی کہ سبب ایجاد مرض کا یا زیادتی مرض کی ہوتی ہے ۱۲

[2] ابتداے حال مین تکلیف سے مراقبہ ہوگا رفتہ رفتہ ایسا ہو جائیگا کہ ایک لحظہ بھی اُس سے نکل نہ سکے گا یہ مرتبہ بتدریج حاصل ہوتا ہی تنگ ہو کر ترک نکرے ۱۲ منہ قدس اللہ سرہ العزیز۔

اپنے اُٹھتے بیٹھتے ترک نہ کرے اسطرح چھوؤن لطیفون کو ترتیب کو رکیساتھ جاری کرے یہانتک کہ خود اُن کے ذکر سے واقف ہوا اے عزیز جان تو کہ جسم انسان مین چھ لطیفے ہین یعنی چھ مقام ہین

کہ فیضان و برکات اور انوار آلٰہی سے بھر پور ہین

اوّل لطیفہ قلبی ہی کہ مقام اُسکا دو انگشت نیچے پستان چپ کے واقع ہی اور نور اُسکا سُرخ ہی

دوسرا لطیفہ روحی ہی جگہ اُسکی دو انگشت نیچے پستان راست کے ہی اور نور اُسکا سفید ہے

تیسرا لطیفہ نفسی ہی کہ مقام اُسکا زیر ناف ہی اور نور اُس کا زرد ہی۔

چوتھا لطیفہ سرّی ہی کہ جگہ اُس کی مابین سینے کے ہے اور نور اُس کا سبز ہے۔

پانچوان لطیفہ خفی ہی ٹھکانا اُس کا پیشانی ہی نور اُس کا نیلگون ہے۔

چھٹا لطیفہ اخفی ہی موضع اُسکا اُمّ الدماغ ہی نور اُسکا سیاہ ہی مثل سیاہی چشم کے پس طالب کو چاہئے کہ ان چھوؤن لطیفونکی ذکر اور شغل مین اسقدر مشغول ہو اور مشق کرے کہ اثر ذکر کا ظاہر ہو باقی اذکار اور اشغال اور مراقبات بہ تفصیل تمام مع سلوک کامل ضیاء القلوب مین لکھ چکا ہون دوبارہ لکھنے کی حاجت نہین اللہ جل جلالہ تقدس و تعالیٰ ہمکو اور تمکو اور سبکو خاص فضل و کرم اپنے سے ہمت اور توفیق اور استعداد کامل عطا فرماوے کہ شب و روز ہر حال مین ہر دم اسی کی ذکر شغل عبادات طاعات مرضیات مین رہین اور ایک دم اُس سے غافل نہون اور غیر اللہ کو دلمین جگہ نہ دین اور محبت اور معرفت حضوری الٰہی اُسکی کہ جو خلقت انسانی سے مقصود اور مطلوب ہی حاصل کرین اور اپنی حقیقت کو پہونچین اور اُسی کی جیین اور اُسی مرین اور اُسی مین اُٹھین اٰمین اٰمین اٰمین یا ربّ العالمین وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ سیدنا و مولانا و شفیعنا محمد و اٰلہ و اصحابہ و بارک و سلم

محررہ جمادی الاولیٰ سنہ [illegible] ہجری

شجرات سلاسل شجرہ چشتیہ

لہ فائدہ یعنی جنبش لطائف مین پیدا ہو کر ذکر جاری ہو اور لذت اور محویت اور انوار آلٰہی دلمین قوت پکڑین اور نسبت اور حضوری مذکور سبحانہ و تعالیٰ کی حاصل ہو ۱۲ منہ قدس اللہ سرہ العزیز

۸۵

بدانکہ فقیر امداد اللہ عفا اللہ عنہ را نسبت بیعت و اجازت از مولانا و مرشدنا حضرت میانجیو نور محمد جھنجھانوی
و ایشان را از حضرت حاجی عبد الرحیم از شاہ عبد الباری از شاہ عبد الہادی از شاہ عضد الدین از شاہ محمد مکی
از شاہ محمدی از شیخ محب اللہ الہ آبادی از شیخ ابو سعید از شیخ نظام الدین از شیخ جلال الدین از
شیخ عبد القدوس گنگوہی از شیخ محمد عارف از شیخ عارف بن احمد از شیخ عبد الحق ردولوی از شیخ جلال الدین
پانی پتی از شیخ شمس الدین از شیخ علاء الدین صابر از شیخ فرید الدین از شیخ قطب الدین از خواجہ
معین الدین از خواجہ عثمان از خواجہ حاجی شریف زندنی از خواجہ مودود از خواجہ ابو یوسف
از خواجہ ابو محمد محترم از خواجہ احمد ابدال چشتی از خواجہ ابی اسحاق شامی از خواجہ ممشاد از خواجہ
ابو ہبیرہ بصری از خواجہ حذیفہ مرعشی از خواجہ سلطان ابراہیم از خواجہ فضیل از خواجہ عبد الواحد از خواجہ
امام حسن بصری از امیر المومنین علی رضوان اللہ علیہم اجمعین از حضرت خاتم النبیین محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم

شجرۂ قادریہ

حضرت عبد القدوس گنگوہی را اجازت و خرقہ از پیر خود درویش محمد بن قاسم از سید بدھن بہرائچی از
سید اجمل از مخدوم جہانیان جہان گشت از سید جلال الدین بخاری از شیخ عبید بن عیسی از شیخ عبید بن ابو القاسم
از شیخ ابو المکارم فاضل از شیخ قطب الدین ابو الغیث از شیخ شمس الدین علی افلح از شیخ شمس الدین حداد
از امام الاولیاء شیخ عبد القادر جیلانی از شیخ ابو سعید مخزومی از شیخ ابو الحسن قرشی از شیخ ابو الفرح
از شیخ عبد الواحد بن عبد العزیز از شیخ ابوبکر شبلی از شیخ جنید بغدادی از شیخ سری سقطی از شیخ معروف
کرخی از شیخ داؤد طائی از شیخ حبیب عجمی از شیخ امام حسن بصری از حضرت علی رضوان اللہ
علیہم اجمعین از حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم

شجرۂ نقشبندیہ

و نیز حضرت سید اجمل بہرائچی را از مرشد خود شاہ عبد الحق از خواجہ عبید اللہ احرار از خواجہ مولانا یعقوب
چرخی از خواجہ علاء الدین عطار از خواجہ بہاء الدین نقشبند از خواجہ سید امیر کلال از خواجہ محمد بابا سماسی
از خواجہ عزیزان علی رامیتنی از خواجہ ابو الخیر فغنوی از خواجہ محمد عارف ریوگری از خواجہ عبد الخالق غجدوانی

از خواجہ یوسف ہمدانی از خواجہ ابو علی فارمدی از خواجہ امام ابوالقاسم قشیری از خواجہ ابو علی دقاق از خواجہ ابو القاسم نصیر آبادی از خواجہ ابو بکر شبلی از سید الطائفہ جنید بغدادی از شیخ سری سقطی از شیخ معروف کرخی از شیخ داؤد طائی از خواجہ حبیب عجمی از امام الاولیاء حسن بصری از امیر المومنین علی رضوان اللہ علیہم اجمعین از سرور عالم صلعم

شجرۂ سہروردیہ

و نیز سید اجمل بہرائچی را اجازت و خرقہ از سید جلال الدین بخاری از شیخ رکن الدین ابو الفتح از والد خود صدر الدین از والد خود شیخ بہاء الدین زکریا ملتانی از شیخ امام الطریقہ شہاب الدین سہروردی از شیخ ضیاء الدین ابو النجیب سہروردی از شیخ وجیہ الدین عبد القادر سہروردی از شیخ ابو محمد بن عبد اللہ از شیخ احمد دینوری از ممشاد علو دینوری از حضرت جنید بغدادی از شیخ معروف کرخی از شیخ داؤد طائی از شیخ خواجہ حبیب عجمی از خواجہ امام حسن بصری از امیر المومنین علی رضوان اللہ علیہم اجمعین از سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم و نیز فقیر را در سلسلۂ نقشبندیہ اجازت از مرشد سابق از مولانا و مرشدنا نصیر الدین مجاہد دہلوی و او شان را از شاہ محمد آفاق دہلوی از خواجہ ضیاء اللہ از خواجہ محمد زبیر از خواجہ حجۃ اللہ محمد نقشبند ثانی از خواجہ محمد معصوم از حضرت شیخ احمد مجدد الف ثانی از خواجہ باقی باللہ از خواجہ امکنگی از مولانا درویش از مولانا زاہد از عبید اللہ احرار رضوان اللہ علیہم اجمعین تا سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم باقی سلاسل بتفصیل و تحقیق تمام در رسالۂ ضیاء القلوب نوشتہ شد از ان بگیرند فقط

87

شجرۂ پیران چشت اہل بہشت رضی اللہ عنہم

تو اگر چاہے قبولیت دعا کے واسطے	عرض کر نا شاہ یوں دل خدا کیواسطے

حمد ہے سب تیری ذات کبریا کے واسطے

ہو درود و نعت ختم الانبیا کے واسطے	اور سب اصحاب و آل مصطفیٰ کے واسطے

فضل کر ہم پر الٰہی مجتبیٰ کے واسطے

دربدر پھرتی ہے خلقت التجا کیواسطے | آسرا تیرا ہے پر مجھ بینوا کیواسطے

رحم کر مجھ پر الٰہی اولیا کے واسطے

ان بزرگونکو شفیع لایا ہون مین غم کر ملول | کیجیو یہ عرض میری انکی برکت سے قبول

ہاتھ اٹھاؤن جب ترے آگے دعا کے واسطے

پاک کر ظلمات و عصیاں سے الٰہی دل مرا | کر منور نور عرفان سے الٰہی دل مرا

حضرت نور محمد پر ضیا کے واسطے

ایسے مرنے پر کرون قربان یارب لاکھ عید | اپنی تیغ عشق سے کرلے اگر مجکو شہید

حاجی عبد الرحیم اہل غزا کے واسطے

کر پیدا درد و غم میرے دل افگار مین | بار پاؤن جس سے اے باری تری دربار مین

شیخ عبد الباری شہ بے ریا کے واسطے

ترک عصیان و ضلالت سے بچا کر اے کریم | کر ہدایت مجکو اے راہ صراط المستقیم

شاہ عبد الہادی پیر ہدیٰ کے واسطے

دین و دنیا کی ملے عزت و سرداری مجھے | اپنے پیچھے کی عطا کر ذلت و خواری مجھے

شاہ عضد الدین عزیز دوسرا کے واسطے

دے مجھے عشق محمد اور محمد یون مین گن | ہو محمد ہی محمد ورد میرا رات دن

شہ محمد اور محمدی القبا کے واسطے

حب حق حب الٰہی حب نبی اور حب رب | الغرض کر دے مجھے محو محبت سب کا سب

شہ محب اللہ شیخ باصفا کے واسطے

گرچہ ہون غرق شقاوت مین سعادت سے بعید | پر توقع ہے کرے مجھ سے شقی کو تو سعید

بو سعید اسعد اہل ورع کے واسطے

قال ابتر حال ابتر سب مرے ابتر ہین کام — لطف سے اپنے مرے کر ملک دین کا انتظام
شہ نظام الدین تلخی مقتدا کے واسطے

ہو یہی بس دین میرا اور یہی سب ملک و مال — یعنی اپنے عشق مین کر مجکو با جاہ و جلال
شہ جلال الدین جلیل اصفیا کے واسطے

حب دنیاوی سے کر کے پاک مجکو اے حبیب — اپنے باغ قدس کی کر سیر تو میرے نصیب
عبد قدوس شہ قدس و صفا کے واسطے

کر معطر روح کو بوے محمد سے مری — اور منور چشم کر روے محمد سے مری
اے خدا شیخ محمد رہنما کے واسطے

۸۹

کر عطا راہ شریعت روے احمد سے مجھے — اور دکھا نور حقیقت خوے احمد سے مجھے
شیخ احمد عارف صاحب عطا کے واسطے

کھولدے راہ طریقت قلب پر یا حق مرے — کر تجلی حقیقت قلب پر یا حق مرے
احمد عبد الحق شہ ملک بقا کے واسطے

دین و دنیا کا نہین درکار کچھ جاہ و جلال — ایک ذرہ درد کا یا حق مرے دل مین توڈال
شہ جلال الدین کبیر الاولیا کے واسطے

ہو مکدر ظلمت عصیان سے میرا شمس دین — کر منور نور سے عرفان کے میرا شمس دین
شیخ شمس الدین ترک شمس الضحیٰ کے واسطے

اے مرے اللہ رکھ ہر وقت ہر لیل و نہار — عشق مین اپنے مجھے بے صبر بیتاب بے قرار
شیخ علاء الدین صابر با رضا کے واسطے

دے ملاحت مجکو حسن نمکینی ایمان سے — اور حلاوت بخش گنج شکر عرفان سے
شہ فرید الدین شکر گنج لقا کے واسطے

عشق کی راہ مین ہوے جو اولیا اکثر شہید — خنجر تسلیم سے اپنے مجھے بھی کر شہید

خواجہ قطب الدین مقتول ولا کے واسطے

بے ترے ہے نفس و شیطان در پئے ایمان و دین　　جلد ہو آکر مرا یا رب مددگار و معین

شہ معین الدین حبیب کبریا کے واسطے

یا الٰہی بخش ایسا بیخودی کا مجکو جام　　جس سے بجز عشق نہ ہی مجکو ہووے اور کام

خواجہ عثمان با شرم و حیا کے واسطے

دور کر مجھ سے غم موت و حیات مستعار　　زندہ کر ذکر شریف حق سے اے پروردگار

شہ شریف زندنی با اتقا کے واسطے

آتش شوق اسقدر دل میں بھڑکا اے ودود　　ہر بن مو سے مرے نکلے تری الفت کا دود

خواجہ مودود چشتی پارسا کے واسطے

رحم کر مجھ پہ تو اب چاہ ضلالت سے نکال　　بخش عشق و معرفت کا مجکو یا رب ملک و مال

شاہ بو یوسف شہنشاہ و گدا کے واسطے

مست اور بیخود بنا بو سے محمدؐ سے مجھے　　محترم کر خوار کو بے محمدؐ سے مجھے

بو محمد محترم شاہ ولا کے واسطے

صدقے احمد کے یہ ہے امید تیری ذات سے　　کہ بدل کر دے مرے عصیان کو حسنات سے

احمد ابدال چشتی با سخا کے واسطے

حد سے گذرا رنج فرقت اب تو اے پروردگار　　کر مری شام خزان کو وصل سے روز بہار

شیخ ابو اسحاق شامی خوش ادا کے واسطے

شادی و غم سے دو عالم کے مجھے آزاد کر　　اپنے درد و غم سے یا رب دل کو میرے شاد کر

خواجہ ممشاد علوی بو العلا کے واسطے

ہو مرے تو پاس ہر دم لیک میں اندھا ہوں　　بخش وہ نور بصیرت جس سے تو آوے نظر

بو ہبیرہ شاہ بصری پیشوا کے واسطے

عیش و عشرت سے دو عالم کی نہین مطلب مجھے ۔۔۔ چشم گریان سینہ بریان کر عطا یارب مجھے
شیخ حذیفہ مرعشی شاہ صفا کے واسطے

نے طلب شاہی کی نے خواہش گدائی کی مجھے ۔۔۔ بخش اپنے در تلک طاقت رسائی کی مجھے
شیخ ابراہیم ادہم بادشاہ کے واسطے

راہ زن میرے ہین دو قزاق باگر ہگران ۔۔۔ تو ہیوتج فریاد کو میری کہین اے مستعان
شہ فضیل بن عیاض اہل دعا کے واسطے

کر مری دل سے تو اے واحد دوئی کا حرف دور ۔۔۔ دلمین در آنکھ مین بھر دے سر بسر وحدت کا نور
خواجہ عبد الواحد بن زید شاہ کے واسطے

کر عنایت مجکو توفیق حسن اے ذو المنن ۔۔۔ تا کہ ہون سب کام میرے تیری رحمت سے حسن
شیخ حسن بصری امام اولیا کے واسطے

دور کر دل سے حجاب جہل و غفلت میرے رب ۔۔۔ کھولدے دلمین در علم حقیقت میرے رب
ہادی عالم علی رض مشکلکشا کے واسطے

کچھ نہین مطلب دو عالم کے گل و گلزار سے ۔۔۔ کر مشرف مجکو تو دیدار پر انوار سے
سرور عالم محمد مصطفے کے واسطے

اسپٹ ادر پیتر سے ہین ہر طرف کے ہو ملول ۔۔۔ کر تو ان نامونکی برکت سے دعا میری قبول
یا الٰہی اپنی ذات کبریا کے واسطے

ان بزرگون کے تین یارب غرض ہرکار مین ۔۔۔ کر شفاعت کا وسیلہ اپنے تو دربار مین
مجھ ذلیل و خوار و مسکین و گدا کے واسطے

اس دوئی نے کر دیا ہے دور وحدت سے مجھے ۔۔۔ کر دوئی کو دور کر پر نور وحدت سے مجھے
تا ہون سب میرے عمل خالص خدا کے واسطے

کر دیا اس عقل نے بے عقل و دیوانہ مجھے ۔۔۔ کر ذرا اس ہوش سے بیہوش مستانہ مجھے

۹۱

یاحق اپنے عاشقانِ باوفا کے واسطے

کشمکش سے نا امیدی کی ہوا ہوں میں تباہ — دیکھ مت میرے عمل کر لطف پر اپنی نگاہ
یارب اپنے رحم و احسان و عطا کے واسطے

چرخِ عصیاں سر پہ ہے زیرِ قدم بحرِ الم — چار سو ہے فوجِ غم کر جلد اب پھر کرم
کچھ رہائی کا سبب اس مبتلا کے واسطے

گرچہ میں بدکار و نالائق ہوں اے شاہِ جہاں — پر ترے در کو بتا اب چھوڑ کر جاؤں کہاں
کون ہے تیرے سوا مجھ بینوا کے واسطے

ہے عبادت کا سہارا عابدوں کے واسطے — اور تکیہ زہد کا ہے زاہدوں کے واسطے
ہے عصائے آہ مجھ بے دست و پا کے واسطے

۹۲ نے فقیری چاہتا ہوں نے امیری کی طلب — نے عبادت نے زہد نے خواہشِ علم و ادب
دردِ دل پر چاہیے مجکو خدا کے واسطے

عقل و ہوش و فکر اور نعمائے دنیا بیشمار — کی عطا تو نے مجھے پر اب تو اے پروردگار
بخش وہ نعمت جو کام آوے سدا کے واسطے

گرچہ عالم میں الٰہی ہیں سعی بسیار کی — پر نہ کچھ تحفہ ملا لائق ترے دربار کی
جان و دل لایا ہوں لے تجھ پر فدا کے واسطے

گرچہ یہ ہدیہ نہ میرا قابلِ منظور ہے — پر جو ہو مقبول کیا رحمت سے تیری دور ہے
کشتگانِ تیغِ تسلیم و رضا کے واسطے

حد سے ابتر ہو گیا ہے حال مجھ ناشاد کا — کر مری امداد واللہ وقت ہے امداد کا
اپنے لطف و رحمتِ بے انتہا کے واسطے

شجرہ منظومہ جناب مولوی محمد قاسم صاحب مرحوم اجل خلفاء حضرت پیر و مرشد قدس سرہ العزیز

الٰہی غرق دریائے گناہم
ہزاران بار توبہ ہا شکستم
بآن رحمت کہ وقفِ عام کردی
رہینِ این چنین مقسوم ماندم
بحقِ مقتدای عشق بازان
ولیِ خاص صدیقِ معظم
بحقِ پادشاہِ عالمِ نور
امام اولیا صدیقِ برحق
بعبدِ باریِ شیخِ طریقت
امیرِ دستگیرِ دستگیران
بآن غواصِ دریای حقیقت
کہ ہم ہادی بود ہم بود مہدی
بحقِ بوسعیدِ فخرِ اقران
نظام الدین شاہِ دین و دنیا
بحقِ عبدِ قدوسِ مقدس
محمد جوہرِ کانِ سیادت
بحقِ احمد عبدالحق کہ افلاک
جلال الدین شہِ عالی مقامات
بحقِ بحرِ زخارِ محبت
علی احمد علاء الدین صابر
بشمس الاولیا بدرُ المشائخ
امام الاولیا فخر المشائخ
بحقِ شاہِ عالی آستانہ
بحقِ مشعلِ نارِ محبت
بہ شمس الدین خورشیدِ جہانتاب
بپیشِ رفعتش پست است از خاک
بحقِ سرورِ اہلِ معارف
کہ کمتر دید چون او چرخِ اطلس
بحقِ صدرِ ایوانِ جلالت
جنیدِ وقتِ خود شبلیِ دوران
بحقِ بحرِ مواجِ معانی
محمد مکی قطبِ طریقت
نہنگِ بحرِ عشق و بحرِ معنی
چراغِ دین احمد شیخِ ملت
بآن شاہِ شہیدان حاجِ حرمین
رئیسِ استان ثانیِ طیفور
شہ والا گہر آمداد اللہ
رئیسِ پیشوای مقتدایان
گدا خود را ترا سلطان چو دیدم
جہان را دعوتِ اسلام کردی
حجابِ مقصدِ عصیانِ من شد
تو میدانی و خود ہستی گواہم
اگناہِ بے عدد را بار بستم
گناہم موجبِ حرمانِ من شد
نمی دانم چرا محروم ماندم
بدرگاہِ قویِ رحمان دودیم
امامِ راست بازان شیخِ عالم
کہ بہرِ عالم ست آمداد اللہ
شہ نورِ محمد نورِ مطلق
شہ عبدالرحیم غوثِ دارین
بعبدِ ہادیِ ہادیِ پیران
بحقِ شاہِ عضدالدین اعنی
بشمسِ چرخِ دین شاہ محمدی
محب اللہ محی الدین ثانی
بسلطان المشائخ صدرِ اعلیٰ
جلال الدین شمسِ چرخِ رفعت
بحقِ سروِ بستانِ سعادت
ملاذِ اہلِ عرفان شیخِ عارف
بحقِ مرکزِ اہلِ کمالات
امام و قدوۂ ابدال و اقطاب
بحقِ نورِ چشمانِ اکابر
فرید الدین یکتائے زمانہ
بحقِ خواجہ قطب الدین چشتی

۹۴

گرهست ازجهانی نقش زشتی
معین الدین حسن سنجر که برخاک
سپه سالار نیکان خواجه عثمان
بحق خواجهٔ مودود چشتی
ابو یوسف چراغ هفت افلاک
بحق حاکم شهر ولایت
ابو اسحاق صیقل ساز جانها
بحق بو هبیره زیب عالم
حذیفه مرعشی شیر نر مست
بحق زبدهٔ نیکو نصیبان
که بالا شد ز گرد وی به پرواز
بحق شیر یزدان شاه مردان
تجلی گاه یزدان مطلع فیض
بحق آنکه او جان جهان ست
برای خویش مطلوبش گرفتی
گزیدی از همه گلها تو او را
دو عالم را بکام او نمودی
بحق سرور عالم محمد
ازو قائم بلندیها و پستی
دلم از نقش باطل پاک فرما
بشو از من هوای کعبه و دیر

بحق آنکه شاه اولیا شد
نه دیده چرخ چون او مرد چالاک
بحق مست حق شاه یگانه
که سنگ از فیض او سازد بهشتی
بحق بو محمد محترم شاه
ابو احمد در بحر ولایت
بحق شاه والا جاه ممشاد
گل باغ سعادت فخر آدم
بحق پور ادهم محو یزدان
فضیل بن عیاض استاد عرفان
بحق مقتدای مقتدایان
در علم لدنی فیض رحمان
علی بن ابی طالب که خورشید
فدای روضه اش هفت آسمان ست
پسندیدی ز جمله عالم آن را
نمودی صرف او هر رنگ و بو را
بآن کو رحمة للعالمین ست
بحق برتر عالم محمد
ثنای او نه مقدور جهان ست
براه خود مرا چالاک فرما
درونم را بعشق خویشتن سوز

در او بوسه گاه اولیا شد
بآن رشک ملائک فخر انسان
شریف زندنی فخر زمانه
بحق دُر یکتا جوهر پاک
که بد در روز خورشید و شب ماه
بسالار طبیبان ردانها
علو در عشق مولی کامل استاد
بحق آنکه دل در عشق حق بست
امیر عالم ابراهیم سلطان
بعبد الواحد بن زید شهباز
حسن بصری امام پیشوایان
خلیج بحر رحمت منبع فیض
بنور خاک پای او درخشید
بحق آنکه محبوبش گرفتی
بجا بگذاشتی باقی جهان را
همه نعمت بنام او نمودی
بدرگاهت شفیع المذنبین ست
بذات پاک خود کان اصل هستی ست
که کنهش برتر از کون و مکان ست
بکش از اندرونم انسیت غیر
به تیر درد خود جان و دلم دوز

دلم را محو یاد خویش گردان
که خار عیب از جانم برآری
گناهم را اگر دیدی نگه هم
تو غفاری اگر هستم گنهگار

مرا حسب مراد خویش گردان
بخوبی زشت امیدل [?] نمائی
بعفو فضل خود ای شاه عالم
بسی بگذشت شاهانه مرادم [?]
بخشم لطف ای حکیم تو بر سر
بحال قاسم بیچاره بنگر

اگر زالا لفم قدرت تو داری
سیاهی را ببخشی روشنائی
وگر بیچاره ام هستی مددگار
بدرگاهت رسیدم سار شاهم [?]

تمت

نصائح متفرقه

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۵

منقول ست از امیر المومنین یعسوب الدین امام المشارق و المغارب حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہ من دوازدہ کلمہ از توریت اختیار کردہ ام و ہر روز سہ نوبت دران تامل میکنم و آن این ست۔

کلمۂ اول حق جل و علا میفرماید ای پسر آدم کہ البتہ نترسی از ہیچ شیطان و ہیچ حاکمے تا دام کہ سلطانی من باقی ست۔

کلمۂ دوم ای پسر آدم نترسی از قوت و رزق تا دام کہ خزانہ من پایان و خزانہ من ہرگز فانی و تہی نمیشود

کلمۂ سوم ای پسر آدم باید کہ در ہر چہ درمانی مرا بخوانی کہ البتہ بیابے کہ اجابت کنندہ ہم و نیکو کارم

کلمۂ چہارم ای پسر آدم بدرستی کہ من ترا دوست میدارم پس تو مرا باش و مرا دوست دار۔

کلمۂ پنجم ای پسر آدم از مکر من ایمن مباش تا دام کہ از صراط نہ گذشتہ باشی

کلمۂ ششم ای پسر آدم ترا آفریدیم از خاک و نطفہ و علقہ و مضغہ و عاجز نشدم در آفریدن تو بکمال

قدرت پس چگونه عاجز شوم که تو گرده نان بتو رسانم چرا از غیر من می طلبی

کلمهٔ هفتم ای پسر آدم آفریدم اشیا را برای تو و ترا آفریدم از جهت عبادت خود و تو خود را فدا کی چیزی کردی که برای تو آفریده ام خود را از من دور مسکینی جهت غیر من

کلمهٔ هشتم ای پسر آدم همه چیز و همه کس را میخواهد از برای نفس خود و من ترا میخواهم از جهت نفس تو و تو از من میگریزی -

کلمهٔ نهم ای پسر آدم تو خشم میگیری بر من جهت نفس خود و خشم میگیری بر نفس خود از جهت من

کلمهٔ دهم ای فرزند آدم مرا هست بر تو فریضه و تراست بر من روزی اگر تو مخالفت مسکینی در فریضه من و من مخالفت نکنم در دادن روزی تو بتو -

کلمهٔ یازدهم ای پسر آدم تو طلب روزی فردا از من مسکینی و من فریضه فردا از تو نمی طلبم

کلمهٔ دوازدهم ای پسر آدم اگر راضی بشوی بچیزی که من قسمت کرده ام در راحت فتادی و آسوده شوی در همه حال و دوست دارنده شدی و اگر راضی نشوی بآنچه قسمت کرده ام مسلط گردانم بر تو دنیا را تا ترا در بدر گرداند و چون سگ بدر در ها خوار گردی و تو نیابی مگر آنچه مقدر کرده ام ترا -

تمت بالخیر

الحمد لله و المنة که رسالهٔ فیصلهٔ هفت مسئله و ارشاد مرشد حسب ارشاد جناب مولوی حاجی محمد سعید صاحب تاجر کتب کلکته خلاصی ٹوله نمبر (۸۵) و مالک مطبع مجیدی باهتمام راجی رحمت رب رفیع محمد شفیع غفر له الله السمیع در مطبع مجیدی کانپور بماه رمضان المبارک سنه ۱۳۴۳ھ مطابق ماه اپریل سنه ۱۹۲۵ء بحلیهٔ صحت و زیور طبع آراسته و پیراسته شده کحل البصر دیدهٔ مشتاقان شد

ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ
حسب فرمایش جناب حاجی محمد سعید صاحب تاجر کتب کلکتہ خلاصی ٹولہ نمبر (۸۵)
مثنوی تحفۃ العشاق
باہتمام نیاز مند محمد شفیع ابن عالیجناب حاجی محمد سعید صاحب غفر لہ اللہ الوہاب
در مطبع مجتبائی واقع کانپور مطبوع گردید

مثنوی تحفۃ العشاق

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد بیحد ہے سزاوار احد
ہین احد مین محو سب محدود حد

حمد اوسکو ہے کہ بیشان و نشان
وحدت اپنی کی ہے کثرت مین عیان

حمد ہے اوسکو کہ در باغ وجود
ہر روش ہر رنگ کی اپنی نمود

حمد ہے اوسکو جو ہے موجود یار
اول و آخر نہان و آشکار

حمد عالم مین لکہے ہے جسکی تو
سب اوسیکو پہونچتی ہے مو بمو

دو جہان ہے آئینہ رخسار جان
ذرہ ذرہ سے ہے حسن اوسکا عیان

گر کرے اوصاف تعریف و صفات
ہین حقیقت مین وہ سب اوصاف ذات

موج و کف کو بحر سے دوری ہے کب
اصل کو سایہ سے مہجوری ہے کب

حمد خلقت کی ہے خالق کی ثنا
کیونکہ ہے مخلوق کی اوس سے بنا

حمد اوسکی کیا کسیکی تاب ہے
مادح و ممدوح وہ خود آپ ہے

ہے یہی توحید و تمجید و ثنا
اپنی ہستی کو کرے اوسمین فنا

ہے یہی تشریح توصیف غفور
وصف اوصاف خودی کر اپنے دور

ہے یہی تسبیح و تہلیل تمام
محو کر تو دوسرے کا رسم و نام

حمد ہے اوسکو جو خود موجود ہے
اور سوا اوسکے جو ہے نابود ہے

حمد ہے اوسکو کہ با چندین و چون
سب مین ہے اور سب سے بیچون و چگون

حمد ہے اوسکو کہ با صد زیب و فر
ہر زبان ہر شان مین ہے جلوہ گر

ہے وہ بے علت سزاوار ثنا
علت و معلول ہین اوسمین فنا

کیونکہ عالم مین نہین ہے غیر یار
حامد و محمود ہے آپ آشکار

نقش کی گر حمد تو نے فاش کی
در حقیقت حمد ہے نقاش کی

ہے صفات و ذات اک بیفرق ہے
نور خور خورشید مین بیفرق ہے

یعنی موج اور بحر سایہ در اصل
ایک ہین رکہتے نہین آپس مین فصل

حمد کیا اوسکی کرے کوئی بشر
عقل و ادراک کے جلتے ہین پر

ہے حقیقت مین یہی بس حمد یار
یاد تو اوسکی کرے لیل و نہار

ہے یہی تعلیم حمد کردگار
رد و ہمدم اوسکے ہو تو بس خوار و زار

ہے یہی تشریف و تکریم خدا
حکم پر اوسکے کرے جانکو فنا

قول پیغمبر ہے لا احصی ثنا
کر سکے پھر اور کون اوسکی ثنا

جتنی موجودات مخلوقات ہے
سب اُسیکی حمد مین دن رات ہے

آسمان شمس و قمر انجم تمام
عشق مین اُسکے ہین سرگردان مدام

بیخود و بیہوش ہو آہ و فغان
کرتی ہے ہر رو کے بس دریا روان

فرش سے تا عرش موجودات سب
مست و لا یعقل ہین اندر عشق رب

ہین ہوا ہے عشق سے اُسکی تمام
سب درختان جہان رقصان مدام

کیا ملک کیا انس و جن کیا وحش و طیر
عشق ذکی ہے ہر اک کے جی مین سیر

مست انسان ہے شراب خاص سے
عشق مین تپتا ہے جان اخلاص سے

مست جام عشق سے ہین عاشقان
فانی و باقی ہین اُس سے عارفان

مومنان مخمور از جام طہور
کافران ہین مست پی کر آب شور

صومعہ مسجد کنشت و دیر مین
شہر و جنگل جا ہے شر و خیر مین

گر بظاہر ہے ہر اک کا یار اور
پر ہے باطن مین وہی کیجے جو غور

ہے جمال حق سے ہر دل آشنا
ہر لقب مین کرتا ہے اُسکی ثنا

سارے عالم کا وہی معبود ہے
سبکو ہر شے سے وہی مقصود ہے

رابطہ اُسکو ہے سبکی جان سے
با نوا ہر اک ہے اُسکے خوان سے

ایک جرعہ سے ہوا بیہوش ایک
کر گیا دریا مے کو نوش ایک

غرق ہین دریا مین اور جویا ہے آب
مست ہین مستی مین اور مانگین شراب

ہین عجب بیخود تماشا ہے عجیب
دربدر پھرتے ہین اور گھر مین حبیب

مظہر ہادی شہ آگاہ ہے
مظہر اسم مضل گمراہ ہے

ہین اُسی خورشید کے سایہ تمام
بر حجر بر شجرہ بر دیوار و بام

چھوڑ سایہ نور کی ہو جا دوان
تاکہ ہو سیر یقین تجھپر عیان

جبتلک رکھے نہ دریا مین قدم
مار اس مسئلہ مین تو ہرگز نہ دم

رکھیو تو فرق مراتب پر نظر
تا نہو ایمان مین تیرے ضرر

ہوش کر تک ہوش سے بیہوش ہو
اپنی ہستی سے ذرہ خاموش ہو

دیکھتا ہے جسکو تو بے گوش و لب
ظاہر و باطن کرین ہین حمد رب

عشق کی اُسکے زمین پی کر شراب
ہے پڑی بیمست و بیہوش و خراب

ہے زمین و آسمان مین جو کہ شے
عشق مین اُسکے ہر اک بیہوش ہے

دیکھ لے ذرات عالم کو تمام
ہین شرابی عشق سے بیخود مدام

کوہ و دشت و بحر و بر بالا و پست
سب شراب شوق سے اُسکے ہین مست

جملہ عالم کیا عقیل و کیا وحوش
ہین شرابی عشق سے سب درد نوش

انبیا مسرور جام وصل سے
اولیا مخمور بادہ وصل سے

اہل باطن جام وحدت سے ہین مست
اہل ظاہر دور کثرت سے ہین مست

زاہد اُسکے جام سے گم کردہ ہوش
رند اور اوباش اُسکے درد نوش

مومن و ترسا و رند و خمر خوار
عاشق اُسکے ہین نہان و آشکار

اُسکا جویا ہے ہر اپنے طور پر
ایک سے ہے دوسرا لیکن بیخبر

ہے ہر اک کا ذکر تسبیحات اور
ڈھونڈھتا ہے اُسکو ہر اک اپنے طور

ہے ہر اک کو مستی دل شوق اور
رکھتی ہے ہر جان اُسکا ذوق اور

ایک ہے اک گھونٹ سے گم کردہ ہوش
کر گیا ہے دوسرا دریا کو نوش

الغرض ہر اک باندازۂ خمار
بیخود و سرمست ہے جویائے یار

غرق ہین پانی مین اور پیاسے ہین آہ
بیخود و سرمست ہین اور بادہ خواہ

لو ہر کوئی ہر اسم سے ہے فیضیاب
کوئی آسودہ ہے اور کوئی خراب

گرچہ اک دریا کی ہین جتنے ظہور
لیک رنگا رنگ ہے اُنکا ظہور

عارضی ہین چند مدت کو یہان
ہو گئے آخر اصل مین اپنے نہان

کر نظر دریا مین موجونکو گذار
تاکہ ہو معلوم تجھکو سر یار

یعنی مت بیجا اسمین قال کر
حال ہو کر تو کشادہ بال کر

بس کہ امداد تو زیادہ کلام
تا خرابی مین نہ پڑ جا فہم عام

ہٹا دے [illegible] ادراک اُٹھا کر ہاتھ تو
کر طلب اُس سے اُسکی ذات کو

عرض کر اس سے کہ ہو جان جہان
اے مرے معبود اے میرے اکہ
اے مری مطلوب دل مطلوب جان
ہجر سے زیادہ مصیبت کچھ نہین
کیونکہ جو جان وصل جانان نہین
یا الٰہی مجھکو مجھ سے دور کر
دونون عالم سے نہ مجکو کار ہو
یا الٰہی تو ہو رحمان ورحیم
یا الٰہی تو ہے خلاق جہان
گرچہ دو عالم سے تو ہے بے نیاز
مونس غمخوارگان ہے تیری ذات
ہے مریض لا دوا کی تو دوا
ہے مرے ہر درد کی تو ہی دوا
میرا مونس بیکسی مین ہے تو ہی
تو ہی خالق تو ہے رازق تو ہے رب
لیک میرا حسرت یا بین لطف وعطا
ہے یقین گر ہمسر عصیان آئیو
ہو طلوع تیرا اگر یا وہ نجات
لطف احسان کیا کرون تیرا ہم
کفر مین مومن کے بھی پیدا کیا
یعنی دار الکفر سے مجکو نکال
تھا اگنا ہون کی نجاست مین بھرا
اپنی رحمت کے پیادے بھیجکر

مُناجات بجناب الٰہی تعالےٰ شانہ

اپنے ملنے کا پتا کوئی نشان
اس سے بہتر ہی کہ مر جاؤن کہین
جان ہے جان لیک جا نہین جا نہین
تا کہ دیکھون تجھسے تجکو اک نظر

اے مرے محبوب اے میرے حبیب
جو ندے تو جانکو راہ وصال
کب تلک یا رب رہون تجھسے جدا
دو جہان سے کچھ نہین مجکو طلب

مُناجات دیگر

مالک دارین شاہ انس وجان
لیک بیچارونکا تو ہی چارہ ساز
چارۂ بیچارگان ہی تیری ذات
ہو ہر اک حاجت کا تو حاجت روا
ہے تو ہی مرہم مرے ہر زخم کا
میرا حامی بیکسی مین ہی تو ہی
دوسرا تجھ بن مرا ہی کوئی کب
مین کرون ہر دم ترے جرم وخطا
پیش خورشید کرم ہون محو سب
ظلمت عصیان ہو نور صالحات
کرتا ہی جو جو کہ تو مجھ پر کرم
عقل وعلم ونور دین مجکو دیا
لایا بیت اللہ مین فیل وقال
ظاہر وباطن مین سر سے تا بپا
کھینچ بلوایا مجھے یان سربسر

تو ہی سلطان دو عالم سب فقیر
دستگیر بیکسان ہے تیری ذات
ہی پناہ بے پناہان تیری ذات
آسرا بے آسرون کا ہی تو ہی
ہو انیس وحشت فرقت تو ہی
رنج وغم مین ہی مرا غمخوار تو
القصہ ہر کام کا میرے کفیل
پر کرون کیا آہ تیری حلم وخیر
گر تری بخشش کا نکلے آفتاب
گر ترا دریائے رحمت جوش کھا
قطرۂ ناپاک سے مجکو بفضل
پھر کرم پر یہ کرم مجھپر کیا
گرچہ مین لائق نتھا اسکے کبھی
کی نہ میرے جرم وعصیان پر نظر
کر دیا اپنے مشرف دار سے

ذرہ تری ہرگز نہین ہی جانمین جان
ہی تو ہی مقصود دل بے اشتباہ
ہون غم دوری سے مر نیکے قریب
جان لیے تجھ بن ہی جان مجھپر وبال
جلوہ گر ہو مجھکو کر مجھ سے جدا
تجھ سے کرتا ہون تیرے تجکو طلب
پر تو ہی تجھسے مجھے درکار ہے
صاحب جود وکرم فضل عمیم
تو ہی زور آور قوی اور سب حقیر
مستغیث عاجزان ہے تیری ذات
ہی عفو جرم گنا ہان تیری ذات
بے سہارون کا سہارا ہی تو ہی
ہی رفیق شدت غربت تو ہی
تنگی وسختی مین حامی کار تو
ظاہر وباطن تو ہی ہی بے دلیل
کرتے ہین مجکو گناہون پر دلیر
ہو شب جرم وخطا رزد تراب
مثل خس کے سب گناہون کو بہا
کر دیا پاک ولطیف خوش شکل
اپنے گھر سے بھی مشرف کر دیا
پر تری رحمت نے کی غمخوارگی
کرکے اپنے لطف احسان پر نظر
رکھیو مت محروم اب دیدار سے

لایا اگر گلشن میں خارستان سے
دور مت کیجو اب اس بستان سے

گرچہ میں نالائق دربار ہوں
پر اسی گلشن سے ہوں گو خار ہوں

ہوں ترا گرچہ برا ہوں یا بھلا
چھوڑ اس در کو کہاں جاؤں بھلا

منہ مرا اس در کے گر قابل نہیں
پر کروں کیا دوسرا بھی در نہیں

گر بدارا تو نے ای شاہ جہاں
پھر بتا میرا ٹھکانا ہے کہاں

اس سے زیادہ اب تمنا کچھ نہیں
آستاں تیرا ہو اور میری جبیں

یوں ہوس ہے اب تو اے پروردگار
یہ ترا کوچہ ہو اور میرا غبار

کچھ نہ دو عالم سے خواہش ہے مجھے
جو تری خواہش سے خواہش ہے مجھے

ہے مجھے شاہی گدائی میں تری
ہے نوا سب بےنوائی میں تری

خواری رسوائی و ذلت مری
تیرے کوچہ کی ہے [illegible] مری

عزت و دولت تمامی سکر و صحو
ہے رضا و نارضا میں تیری محو

تو ہے گر راضی تو ہے عزت مری
تیری ناراضی ہے بس ذلت مری

الغرض پھر پھر کے آخر دربدر
اب تو آ رکھا ہے تیرے در پہ سر

سو جھکا سر کو مرے اے سرفراز
گر کیا سجدے سے اپنے سرفراز

یوں ہی آنکھوں کو بھی میری سربسر
جلوۂ دیدار سے روشن تو کر

کر مرے سینے کو اسرار و نکات گھر
سربسر سر میں ہو اپنے شوق بھر

چشم کو کر چشمۂ آب زلال
سبز تا ہو گلشن ذوق وصال

پاک ہر شے سے مرا کر کے فراغ
بوئے دلبر سے معطر کر دماغ

محو کر ہستی کو اندر بوئے یار
جس سے پہنچوں تا بباغ روئے یار

کر تو وحدت سے لب کو لب بلب
محو ہوں جس سے خیال غیر سب

دو جہاں سے کر کے مجھ کو بےنیاز
دولت دیدار سے اپنے نواز

غفلت و مستی ظلمت کر کے دور
کر عطا چستی و چالاکی و نور

دور کر کبر و ریا عجب و غرور
بخش عجز و مسکنت اخلاص و نور

بخش گنج فقر و درویشی مجھے
سکر و مستی محو و بیہوشی مجھے

دے شراب نیستی کا مجھکو جام
لوح دل سے محو کر ہستی کا نام

دھو مرے دل سے دوئی کا حرف و نام
تا تمیز ما و تو اٹھ جا تمام

اب دعا کو ختم کر کے یہ دعا
ہوں رجوع اب جانب خیر الوریٰ

کر وسیلہ اسکو لے امداد تو
وصل سے حق کے رہے تا شاد تو

گر تو طالب ہے وصول اللہ کا
چل پکڑ دامن رسول اللہ کا

جو کہ ہے امداد اللہ کا وصال
بے وسیلہ اسکے جا ہے یہ محال

ختم کر کے یہ مناجات انکو تو
کر وسیلہ ذات پیغمبر کو تو

حامد و محمود و ممدوح خدا
احمد مرسل محمد مصطفی

نعت شریف پیغمبر صلی اللہ تعالی علیہ وسلم

زینت تاج رسالت ہے وہ ذات
رونق تخت نبوت ہے وہ ذات

ہے وہ آئینہ جمال ذوالجلال
محرم خلوت سرای لایزال

بے وسیلوں کا وسیلہ ہے وہی
بلکہ ساروں کا وسیلہ ہے وہی

مہرباں مثل پدر سب پر مہاں
روز محشر شافع خرد و کلاں

عزت شاہی و فخر سروری
شان بخش مسند پیغمبری

بہتری سے کے ملک کا بہتر ہے تو
بہتری سے کے بشر کا گوہر ہے تو

ہے امین مخزن افلاک وہ
تاجدار کشور لولاک وہ

روشنی عرش نور لامکاں
شمع بزم عالم کون و مکاں

رونق گلزار محبوبی ہے وہ
عشق کے بازار کی خوبی ہے وہ

شہسوار عرصۂ چرخ و سما
باز جو شہپر پرواز معراج علا

راحت روح روان کائنات
زندگانی بہر جان حیات

باعث ایجاد عالم ہے وہی
موجب بنیاد آدم ہے وہی

گر نہوتا پیدا وہ شاہ نکو
یہ نہوتا وہ نہوتا ہین نہ تو

ہے وہ سرمایہ وجود کائنات
دونون عالم سے ہے مقصود اُسکی ذات

ہے وہ بیشک میوۂ نخل وجود
اول و آخر وہی ہے اصل وجود

ہے یہ سب اُسکے لیے ای نیکبخت
واسطے پھل کے ہی ہوتے ہین درخت

گر ہوا آخر مین وہ شاہ جلیل
پر ہے ظاہر اُسکی سبقت کی دلیل

گر ہے پیچھے انبیا کے ظاہرا
پر حقیقت مین ہے سب کا پیشوا

گرچہ آخر ہے ثمر اول شجر
کب شجر ہوتا نہوتا گر ثمر

جب ثمر سے یہ شجر ظاہر ہوا
پس ثمر ہی اول آخر ہوا

کیا کمال میوہ مین نقصان ہے
جو وہ اول سابق بستان ہے

میوہ کو سبقت ہوئی جب باغ پر
ہے وہ اول وہ ہی آخر سر بسر

بس سمجھ لے اسسے تو ای ذوفنون
رمز نحن الآخرون السابقون

ہے وہی شاہ جہان اُسکے خلیل
ہے وہی مقصود کل باقی طفیل

پڑھ تو اوراد اسپہ صلوات و سلام
آل اور اصحاب پر اُسکی تمام

در مدح چہار یار کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین

چار یار اُسکے ہین خاصان حق
ساری اُمت پر وہ رکھتے ہین سبق

ہین ابوبکر و عمر عثمان علی
دوست پیغمبر کے اور حق کے ولی

چارون پیغمبر کے ہین برحق وزیر
ملک اسلام انسے ہے رونق پذیر

زیب ایوان شریعت ہین یہ چار
رونق باغ طریقت ہین یہ چار

ہین یہ اک اک معرفت کے شہریار
ہین حقیقت کے چمن کی یہ بہار

قلعۂ دین کے ہین یہ دیوار چار
ملت حق کے ہین یہ انہار چار

ہین طریق حق کے چارون رہنمون
ہین یہ ایوان خلافت کے ستون

ہے یہ ملک اسلام کی سرحد چہار
جو ہوا باہر انسے ہے مردود و خوار

بحر وحدت مین ہین چارون غوطہ زن
ہے حقیقت ایک ظاہر چار تن

جو کہ دو سمجھے انھین احول ہے وہ
دو جہان مین بے شبہ بیکل ہے وہ

جو کوئی انسے ہوا بد اعتقاد
ہے وہ دو عالم مین بیشک نامراد

جو ہین اہل بیت اور آل رسول
گلشن دین کے ہین سب مقبول پھول

در مدح اہلبیت رضوان اللہ علیہم اجمعین

ہے ہر اک ان سب کا بیشک و یقین
مغز ملت جان ایمان روح دین

جسقدر ہو انسے اُلفت مین کمی
اُسقدر ہو دین و ملت مین کمی

ایک کا بھی انسے جو بدخواہ ہے
راہ حق سے بے شبہ گمراہ ہے

جتنے ہین اصحاب پیغمبر تمام
ہے ہر اک نجم ہدایت والسلام

اک صحابی سے بھی گر ہو سوء ظن
ہے وہ بیشک لائق گردن زدن

بھیج ان سب پہ تو صلوات و سلام
ہر گھڑی ہر لحظہ ہر دم صبح و شام

در بیان باعث نظم و تصنیف این مثنوی مسمی بہ تحفۃ العشاق و مدح عشق و قدح عقل جزوی

ہو گیا اے دوستو یون اتفاق
باعث تحریر نظم پر مذاق

رہتا تھا مسجد مین اپنی متصل
مجمع علما و صلحا اہل دل

ایکدن پڑھتا تھا مین نفحات انس
لے رہے تھے حق سے سب نفحات انس

جوش پر تھا بحر علم عارفان
ہو رہے تھے گوہر معنی عیان

حاضرون نے لیے سن ان بانشان حق
کھل رہا تھا گلشن عرفان حق

اولیا کا حال سن مسرور تھے
ماسوا سے محو غرق نور تھے

رفتہ رفتہ حضرت تحفہ کا ذکر
بول اُٹھا ہر اک بصد ذوق و شور
کامل اکمل ولی بے بدل
برگزیدہ دو جہان مقبول رب
نظم کر اس قصۂ پر درد کو
قصۂ تحفہ اگر منظوم ہو
جان سے تا ہر کوئی نقل و قال
تا لبش گفتار عشق حق سے گرم
جان لیتی تا عشق کی سب بسر زدہ
عشق ہے جان اک بلا جان گداز
عقل چاہی ہے کہ ہو عیش و فراغ
عقل چاہی مال و ملک و سلطنت
عقل چاہی ہے کہ ہو شیر و شکر
عقل چاہی ہے قبا و پیرہن
عقل کہتی ہے کہ چل بازار مین
عقل لیجا گلشن و گلزار مین
عقل مین اور عشق مین ہی ہے لاگ
عشق کیا ہے درد و غم کی کھان ہے
نار کو گلزار کر دیتا ہے عشق
درد مین اسکے دوا ہے سر بسر
رنج مین اسکے ہے گنج بیکران
اسکی ویرانی کو آبادی سمجھ
عشق کی ذلت کو عزت سمجھ

آگیا اُس عاشق خستہ کا ذکر
ہے یہ قصہ نظم کے لائق ضرور
عاشق ذات خدای لم یزل
مشرب چشتی و فاروقی نسب
گرم کر اک بار ہر دل سرد کو
رتبۂ عشاق حق معلوم ہو
عاشقان حق کا یہ ہوتا ہے حال
ہو کے بس دل سنگ بھی چون موم نرم
چاہتے کو اپنے کرتا ہے تباہ
ہے ازل سے دوست کش دشمن نواز
عشق چاہے رنج و غم سینہ پہ داغ
عشق عجز و فقر و فاقہ مسکنت
عشق کہتا ہے کہ کھا خون جگر
عشق کرواتا ہے سامان کفن
عشق لیجا جنگل و کہسار مین
ڈالتا ہے عشق جلتی نار مین
عشق جب آیا تو جائے عقل بھاگ
غیر دلبر کا عدو جان ہے
دار کو دلدار کر دیتا ہے عشق
مرض مین اسکے شفا ہے سر بسر
مرگ اسکی ہے حیات جاودان
خار کو گل غم کو تو شادی سمجھ
خواری زاری کو سو حرمت سمجھ

سُنکے اُسکی شان و شوکت جاہ عشق
خاص کر قطب زمان شاہ وفا
صاحب ارشاد و تلقین و سبق
یعنی شیخ حافظ محمد ضامن آپ
مثنویان ہین مجازی عشق مین
ریختہ مین نظم کر اسکو تمام
دعوی جو کرتے ہین جھوٹا عشق کا
عاشق صادق بھی سنکر جاہ عشق
عاشقان ہیچ ہین تحصیل دہر
عشق کا سب سے الگ ہے رنگ ڈھنگ
عقل چاہی عزت و جاہ و جلال
عقل چاہی عیش و عشرت خرمی
عقل کہتی ہے کہ چل گلزار مین
عقل کہتی ہے کہ کر عیش و طرب
عقل چاہی دولت و سرداریان
عقل چاہی ہے حیا و نام و ننگ
ہو سکے حضرت عشق کا جسدم ظہور
کیا کہون مین عشق کی نیرنگیان
خاک مین جسکو ملا دیتا ہے عشق
مارنا اسکا جلا دیتا ہے جان
عشق کی یہ عکس ہین سب کا روبار
کلفت و تکلیف کو راحت تو جان
عشق کی تعریف ہو کس سے عیان

ہمت مردانہ اندر راہ عشق
آفتاب معرفت بحر صفا
عاشق صادق شہید راہ حق
مجکو فرمانے لگے کرکے خطاب
پر بہت کم ہین حقیقی عشق مین
تا کہ سمجھین اسکو سارے خاص و عام
ہوش مین ہوون سنکے ایسے عشق کا
چاق اور چوبند ہو اندر راہ عشق
ہے یہ راہ عشق نہ نانی کا گھر
ہے ازل سے عقل مین اور عشق مین جنگ
عشق ذلت خواری و درد و ملال
عشق درد و کلفت و رنج و غمی
عشق لیجاتا ہے کوئے یار مین
عشق کہتا ہے کہ لے رنج و تعب
عشق چاہی ہے سو بلا و خواریان
عشق کو ان سے ہمیشہ ہے جنگ
عقل سر چاہے اور دے سے سر
رنج مین راحت کو کرتا ہے عیان
تخت شاہی پر بٹھا دیتا ہے عشق
توڑنا اُس کا ملا دیتا ہے جان
نار کو اسکے سمجھ تو سیر بہار
فقر اور فاقہ کو دولت جان تو
ہے ستم مین اسکے شفقت نہان

کسنے دیکھا ہی خدا کو آشکار / سُنکے صفت اسکا کرین ہین جان نثار

انبیا اسواسطے آئے یہان / تا کرین اوصاف حق کو عیان

تا کہ اوصاف حق عاشق سُنے / ولیکن پہول اُسکے تمنا کی چُنے

یعنی ہی وہ ذات بیشک و یقین / خالق و رزاق و رب العالمین

راحم و رحمن رحیم و بردبار / رایگان بخشندۂ نعمت بیشمار

عالم الاسرار و ستار العیوب / غالب و قہار و غفار الذنوب

عاشق و معشوق محبوب نہان / طالب و مطلوب محبوب جہان

اول و آخر وہی ہی جزو و کل / ظاہر و باطن وہی محبوب کل

ہی وہ اول بے بدایت اسکی ذات / ہی وہ آخر بے نہایت اسکی صفات

ہی وہ ظاہر باکمال استتار / ہی وہ باطن سخت ظاہر آشکار

ہی ازل سے تا ابد وہ ایکسا / ہی پہر اک صورت مین وہ جلوہ نما

ہی وہ اک شان اور ہزارون شان مین / جلوہ گر لاکہون طرح آئینہ مین

ہے منور باکمال و باجمال / جلوہ گر ہر دم بہر رنگ و مثال

فرد مطلق لا الہ الا ہو / بیچگون بیکیف بیشن چارسو

لا و ہو دونون نفی اثبات ہین / تا نفی غیر اللہ ثبت ذات ہین

کیون ہوا ایسے گرہ و غافل سدا / لا و ہو کو کر تو ورد دل سدا

تا کہ خورشید لا دہوتا تیرا / کی پہٹا پردہ کدورت تیرا

حق سے با حرص ہوا کب تو ملے / ترک جب لا کو کرے تب تو ملے

کیون تباہ ہوتا ہی اندر آب و گل / ماسوا کو ترک کر اور حق سے مل

حضرت آدم سے تا آخر نبی / وصف حق کرتے چلے آئے سبھی

بعد پیغمبر کے آل و اصحاب سب / اور امام اور اولیا اقطاب سب

وہ صفات حال خوبی جناب / جسمین تصنیفین ہوئین کئی با کتاب

سب ہی اپنی تیری عشق بازی کیلیئے / وصل حق کی چارہ سازی کیلیئے

تا کہ تو یہ دیکہ سنکے اہل قال / عشق کی رہ مین کرے حاصل کمال

لیک صد افسوس حسرت بیحساب / ہین پڑی چارون طرف تجہپر حجاب

نے تو کر سکتا ہے آنکہون سے نظر / اور نہ سن سکتا ہے کانون سے خبر

پہنس گیا دل مین غفلت کے تو آہ / دل نہین سکتا کہ پاوی عشق کی راہ

ہر کب تو بے عصا ہی آہ لے / پہر نکل دل سے اپنی راہ لے

کر تو پیدا دل مین اپنی درد عشق / تا نہ پہ غفلت کو کر دی سیر عشق

میل سے غفلت کے کر کانو کو پاک / بعد ازان سن حق حکایت تاک

شروع داستان و بیان حال حضرت سری سقطی رحمہ اللہ تعالے کا

گوش دل سے سن سری سقطی کی نقل / جسکے سننے سے تجھے آوے کچھ عقل

نقل ایسی کرتے ہین حضرت سری / ایک شب کی جو کہی تہی سقطی سری

کہتے ہین اک شب بصد اضطراب / نے رہا ورد و وظائف نہ خواب

مضطرب ایسا ہے وہ رات بہر / سب عبادت کا ہوا ویران گہر

قبض ایسی دل پہ اسکے آگئی / مہر عرفان پر گہٹا تہی چہا گئی

نے رہا وہ شوق نی راز و نیاز / لذت سجدہ نہ کیفیت نماز

تیج بیٹہا ہی نے لیتے از دحام / ٹوٹ لی پونجی عبادت کی تمام

نی رہا ورد و وظائف اور درود / نے تہی پڑہنے تلاوت کا نمود

تہی نہ بیہوشی نہ غفلت نہ نہار / لیک تہا بے صبر و بیتاب و قرار

گو عبادت کی رہی شب بی نصیب / لیک کیفیت تہی اک دلمین عجیب

ظاہرا چہوٹا اگر ورد و نماز / تہا مگر دلمین عجب سوز و گداز

ہجر کی لذت کو عشاقان ہین سب / وصل کی لذت کو ہم جانین گے کب

عاشقان حق وصال و ہجر مین / ایکسان لذت سی دونون مین لین

گر مرا دل چشم تر ہووے نہ گر — باغ جاں کس طرح ہو سیراب تر
عشق کی باتوں نے مجکو العزیز — کر دیا اب ایسا بے عقل و تمیز
عشق نے اُنکے کیا مجھپر اثر — نقل سے اُنکی ہوا میں بے خبر
عشق کی باتوں کا سنکر شور و غل — خواب غفلت سے گئی پھر آنکھ کھل
ہندوے شب کا جو گذرا حد سے جور — ترک خور اُسکا ہوا قاتل بزور
اُٹھ وضو کرکے بصد عجز و نیاز — کی ادا جوں توں فجر کی میں نماز
چل کہیں مت ہو توقف تا یہ ملال — گھر سے نکلا میں لیکے یہ خیال
آخرش گھر سے نکل پھرنے لگا — دربدر صحرا میں پھرا جا بجا
گذرا تا بازار میں ہو غم بسر — اور دل مضطر تھا جو گئی رہ نہیں
جو گیا صحرا میں تسکین کے لیے — اور اُٹھے دل سے بگولا آگ کے
کم تسلی کو گیا اندر پہاڑ — اور غم کا آپڑا اس سر پہ پہاڑ
جس جگہ جاتا تھا مثل آفتاب — تھا ترقی پر جلن اور اضطراب
غنچۂ دل کب کھلے عاشق کا یار — بے ہوا ہی وصل یار گلعذار
ہووے کب بے گل کی بلبل کو قرار — باغ میں ہووے اگرچہ سو بہار
دیدۂ حیران نہ ہو کیوں اشکبار — بے نظارہ نرگس بیمار یار
ہو فغاں بیدل کی کیسے روز و شب — تا نہ ہو دلبر سے اپنے لب بلب
جو کوئی ہو عشق کا بیمار یار — کب علاج اُسکا ہو جز دیدار یار
مرض مہلک سے جو گھبرا جان کو — دلمیں آیا چل مریضستان کو
دیکھکر ہمدرد ہم مضموں کا حال — ہو دل غمگین میرا شاید بحال
جنس اپنی جنس سے ہو فیضیاب — غیر جنسیت سے ہو اندر عذاب
آدمی ہمجنس ہیں صورتمیں ایک — مختلف اوصاف رکھتے ہیں لیک
ہو گئے اوصاف جو سب یک رنگ — اسلیے ہو لڑتے ہیں آپس میں جنگ
آخرش دلمیں اپنے ڈھونڈ ان کے

عشق سے دل گرم کر اور دیدہ تر — گلشن جاناں ترا ہو تازہ تر
حضرت سری کو یہ حالتیں چھوڑ — عشق مجکو لیگیا کس طرف موڑ
ذکر اُنکا بھولا اُنکو دیکھ کر — جس طرح ہو آبیش شیر تر
یاد آئی ہے مجھے اب اُنکی بات — یعنی فرماتے ہیں یوں اُنکی ذات
الغرض کی رات میں صبح تک بسر — ہو گئی جب صبح ظاہر سر بسر
صبح کا جب سپیدہ ہوا روشن چراغ — نکلا اُٹھ اب گھر سے لیکے شوق داغ
چل کہیں ایسی جگہ تا ہو وہ کم — اضطراب اور بیتابی و غم
راہ کی جولاں کو کیوں گھر بہ گھر — شہر و جنگل میں گیا میں کے گذر
گر گیا گلشن میں تن گل کی کلی — تھی زیادہ اور دلکو بے کلی
سیر دریا کی کہ کم ہو اضطراب — جوش پر تھا اور بحر سوز و تاب
اور ہزار اہل دل سے بھی گیا — پر ہوا ہرگز نہ عقدہ دل کا وا
آتش درد فراق بیدلاں — کب بجھے بے آب وصل دلبراں
کب ہو گم ظلمت نور و کا اضطراب — جبتلک نکلے نہ رشک آفتاب
ہووے کب قمری کا کوتہ غم دراز — گلشن گلزار سے بے سرو ناز
جاوے کب عاشق کی دلسے پیچ و تاب — ہو نہ گر زلف صنم کا سایہ یاب
زندگی موقوف عاشق کی نہو — تا نہ وہ ہمبستر جاناں نہو
الغرض تدبیر کی میں سو ہزار — پر نہ آیا دلکو میرے کچھ قرار
کیونکہ ہو تسکین کچھ بھی عاشق زار دل — دیکھ ہمدرد کو نکلے کار دل
نقل ہے کہتا ہے خوب آپس میں مل — بلکہ دو دیوانے بیٹھیں ساتھ دل
ہے مراد ہمجنس سے ہم وصف یار — جنس ظاہر کا نہیں کچھ اعتبار
جنس ظاہر کا جو ہوتا اعتبار — فرقے کیوں ہوتے بہتر آشکار
گر کریں اوصاف کو اپنے صاف — پھر رہے کاہیکو ایسا اختلاف

رجوع بقصہ و کیفیت بیمارخانہ و مقولہ

دربدر جا نکلا مریضستان کے

رجوع بقصہ مقولۂ حضرت بی بی تحفہ مغنیہ و بیان زور و شور غلبۂ عشق حضرت تحفہ قدس سرہا

گرچہ بھید اپنا نہ کہتی تھی وہ عشق
ہو سکے کب بند عاشق کی زبان
ہے کہی معلوم سب کے دلکا بھید
رہزنی سے عشق کی گمراہ ہون
لے گیا ہے وہ ہی میرا عقل و ہوش
مست ہون دل میرا ہشیار ہے
ہے گنہ بس یہ کہ مین کہتی ہون چاہ
عشق نے اسکے کیا جو جانین گھر
آتا ہے جب لف دلبر کا خیال
چہرہ کا گلگونہ کا اسکے گر خیال
یاد کر وہ خال روئی گلعذار
نوک مژگان کا خیال ہوا اسکے جب
یاد آوین جب دُرِ دندان یار
یاد کرکے قد و قامت یار کا
دور شاغر یاد کرکے یار کا
یاد آوے جب سراپا صنم
گوہر دندان لب خندان کو یاد
کوئی کہتا ہے اسے آسیب ہے
حال ہے میرے سے نہین واقف کوئی
اسکو سب نکو بنادین سربسر
حبس سے مین کہتی ہون اپنا درد و غم

گرچہ بھید اسکا نہ جانین مردمان
کردیا مجنون سمجھکر مجکو قید
سب سے غافل اس سے آگاہ ہون
وہ ہی برلاتا ہے اب مجھسے خروش
جان آسودہ مگر تن خوار ہے
غیر خوبی کیا ہے یوسف کا گناہ
تن بدن سے ہوگئی ہون بےخبر
نوچتی ہون اسلیے مین سر کے بال
مین طمانچے سے کرون ہون منہ کو لال
داغ دل سے ہوتی ہون باغ و بہار
سینہ چھین چھینکر مرا جلتی ہے سب
گوہر اشک اسپہ کرتی ہون نثار
کرتی ہون شور قیامت سے بپا
زہر کے سے گھونٹ بھر رہتی ہون وہ
جلتی ہون حسرت سے سرتاقدم
گاہ روتی ہون کبھی ہنستی ہون شاد
کوئی کہتا ہے جنون لاریب ہے
ہو مین اندر آگ کے جیسے روئی
عقل و ہوش اسکا اڑادین سربسر
اسکے سنسن دیتا ہے مجکو کیقلم

جبکہ مجھ مین انبیا کم راز عشق
ہون نہ دیوانی میری عقل پست
عشق سے اسکے ہوئی مین مست خراب
ہون کسی نا کی مین دیوانی آہ
ہوگیا البتہ پر مجھسے گناہ
گر گنہ ہے تو یہ مجھپر ہے گناہ
شمع رو کا اسکے جب آتا ہے دھیان
جبکہ یاد آتی ہے پیشانی یار
خنجر ابرو کو اسکے یاد کر
چشم میگون اسکی جب یاد آگئین
یار کے شیرین دہن کو یاد کر
ہو لب شیرین کا اسکے جب دھیان
یاد کرکے دلبری کی چال ڈھال
کر لباس پیرہن کا اسکے دھیان
یار کی ہمبستری کو یاد کر
جانتی ہے خلق دیوانی مجھے
حال ان مین نہی واند کسے
ہو مری ایسی مثال اے مرد نیک
گرچہ اپنے کام مین عاقل ہوئی مین
نے مرا غمخوار نے مونس کوئی

لیک خاموشی سے ہے دوئی عشق
کسطرح ہون عالم پر بہر راز عشق
لیک ہون مین اپنے مستانہ کی مست
مست ہے مستی سے جسکی آشراب
شمع رو یار کی پروانی آہ
جان کی خاطر کیا تن کو تباہ
اپنے اس محبوب کی کتنی ہون چاہ
اندر اندر جلتی ہون پروانہ سا
پھوڑتی ہون سر کو دیوار سے تار
کرتی ہون قربان اپنا سر سپر
جھٹ بھری آنکھین ہین تھپیرا گئین
نون جہر کو ہون جگر کو ہم ہیہ
تشنگی سے چاٹتی ہون اپنے لب
خاک مین ملتی ہون کیا کیا پائمال
کرتی ہون نالان گریبان و جہان
لوٹتی ہون جلتی ہے بل خاک پر
عقل سے یک بخت بیگانی مجھے
ہستم اندر آتش غم چون خسے
ناک دل لاکو کہی نکوہین ایک
خلق کے نزدیک جاہل ہون مین
کوئی دیوانی کہے بجس کوئی

۵۱ مراد صفت معبودیت حق ہست ، مراد تجلیات نوری کہ سالک را کیفیت آن مطلع میشود ۱۲ ، ۵۲ مراد تجلیات کہ در بیخودی خواب میشود ۱۲ ، ۵۳ مراد صفت

ہر کسے از ظن خود شد یار من
در درون من نجست اسرار من

اپنی اپنی بوجھ کر سب یار ہیں
کب یہ میرے واقف اسرار ہیں

جسمیں سمجھیں ہیں بہت سا فائدہ
ہے حقیقت میں وہی بس مفسدہ

اور جسے جانیں کہ ہے اس میں فساد
ہے مرے حقمیں وہی انصاف داد

درد کا میرے نہیں کسسے علاج
کرتے ہیں وہ جس سے اور بگڑے مزاج

بند کرنا کب ہے وحشت کا علاج
وحشیوں کا ہو فقط صحرا علاج

جو کوئی ہو عشق کا بیمار یار
کب علاج اسکا ہو جز دیدار یار

ہے علاج ایسا کہیں زیر فلک
جا مرہم زخم پر چھڑکیں نمک

ہے یہ کس حکمت میں درمان بخار
دیں ٹھنڈائی کی جگہ اور حار

تشنگی بجھنے کی کیا یہ بھی ہے راہ
جائے شربت زہر دے پیاسے کو آہ

ہے کوئی آتش بجھانے کا یہ کھیل
ڈالے پانی کی جگہ جلتے تیل

ہے مروت یہ کہیں تمنے سنی
دوستی کی جا کرے جو دشمنی

چاہتے ہیں درد عشق ہو جائے دور
اور ہے میری زندگی اس میں ضرور

درد جاناں کسطرح چھوڑوں بھلا
زندگی سے کیسے منہ موڑوں بھلا

مایۂ راحت ہے مجکو اسکا غم
مونس وحشت ہے مجکو اسکا غم

درد کی میری دوا ہے اسکا درد
اور تپ ہجران کی دوا آہ سرد

عشق جان محرم سے میری جان کا
زخم غم مرہم ہے میری جان کا

عشق کی آتش ہے ٹھنڈک جان کی
دائمی سوزش ہے ٹھنڈک جان کی

پھر ہو درد عشق سے جو جام دل
ہے تڑپنا لوٹنا آرام دل

گرچہ آنکھوں میں ہے زخم انتظار
دیکھتی ہوں اشکوں سے اسکو بار بار

میں نہیں مجنوں کہ بس ہوں ہوشیار
آتا ہے طعنہ جنوں سے مجکو عار

پیش اہل عقل فرزانہ ہوں میں
جاہلوں کے آگے دیوانہ ہوں میں

ہیں مسخر میری عقل و فہم عام
اور جنون میرا ہے اک ادنی غلام

ماند ہم در قید زنجیر جنون
یہ کہ با شہم اہل عقل و ذو فنون

شیخ نے جو نکتہ تحفہ کے سنے
عشق کردمیں در تحفہ چنے

درد کی حسن گفتگو غش کر گئے
جان و دل اندوہ غم سے بھر گئے

دل جلا اسکی گفت دل آویز کو
دی اجازت اسکے گوہر ریز کو

تحفہ دل سوز پنہانی شیخ کی
دیکھکر دل شکستانی شیخ کی

یوں کہا ہے شیخ جانکہ تو ذرا
اسکے وصفوں سے ہے یہ دانا ترا

اسکو بھی جانی تو گرا ہے نیکبخت
یعنی ہے جیسا کہ حق معرفت

اسکو گھر ہی کیا حال ہو تیرا بتا
تو رہے یا عقل و ہوش تیرا بجا

گر بہنی یک نفس حسن و دود
اندر آتش افگنی جان و وجود

اسکے وصفوں سے ہے جب عالم فنا
عاشق حق کیوں نہ ہو سر دم فنا

جان و دل دیں جب مجازی عشق میں
کیوں نہ ہوں قربان حقیقی عشق میں

اسکے لکھنے سے نہیں اک اشتغال
تاکہ ہو معلوم جانبازی کا حال

حکایت بطریق تمثیل

نقل ہے لڑکا تھا اک درویش کے
خوبصورت پاک طینت نیک سے

صورت و سیرت میں بس کامل تھا وہ
خوبی عالم تھا جسم اور دل تھا وہ

حسن کا اسکے کروں میں کیا بیان
تھا گویا اک حق کی رحمت کا نشان

پڑھتا تھا اک جے کے مکتب میں وہ
تھا طرحدار ہنر کا تیں میں وہ

میر کا لڑکا جو پڑھتا تھا وہاں
شکل و صورت میں تھا یکتا زمان

گلبن نو حسن کے گلزار کا
آشیانہ طائر انظار کا

ہو گئی ناگاہ الفت درمیان
میر کے لڑکے کی اور اسکی بجان

شیفتہ ایسا ہوا سیر فقیر
ایکدم رہتا نہ بے اپنا امیر

ناگہاں اک روز میر بے نفاق
آ گیا مکتب میں حسب اتفاق

حال سب لڑکے کا پوچھا آنکر
یعنے ہوگی آخر شب اہلِ ہنر
کہنے سے اُستاد کے ہو چشم تر
تھی اُسکو کوئی بیماری شاق
عیش انکو تھا نہ شب سوتا تھا وہ
بھوک زیادہ ہو تو کھاوے کیا کباب
حال کو اُسکے کوئی گر پوچھتا
میر کے لڑکے کو جب پہونچی خبر
جا مری جانب سے یون اُسکو یار کہہ
یون جواب اُس سوختہ جان نے دیا
جان بے القصہ میرا آگیا لب
میر کا لڑکا یہ سُنکر ناز سے
گر ترا دل مجھسے یون مائل ہے اب
جا کے نوکر نے پیام جان گزا
بعد لحظہ بے طلب تو گھر میں آ
بعد اک ساعت کے نوکر میر کا
ہی طبق رکھا ڈھکا اوپر رومال
اور کہا سب اُس سے جا کر ماجرا
دیکھتے ہی اک لگی سینہ پہ چوٹ
دیکھ دل آرام اُسکو ہوگیا
سُنتے ہی خادم گیا وان جلد تر
رکھکے سر زانو پہ بیدم ہوگیا
ہوگیا وہ جان بحق تسلیم آہ

آخر اُس لڑکے کو متقلق جانکر
صحبت اُسکی میرزادے سے حذر
اُٹھ گیا مکتب سے وہ خستہ جگر
کھا گیا تھا میرزادے کا فراق
خون دل پیتا تھا اور روتا تھا وہ
پیاس غالب تو ہے آنکھوں نے آب
ہنسکے رو دنیا نہ تھا کچھ بولتا
اُسکی بیماری کی پھر تو جلد تر
کیا ہے بیماری تجھے اے یار کہہ
تیری فرقت میں مرا دل کھنچ گیا
جسم ٹوٹے ہے یہاں اور جان وہاں
بول اُٹھا کیا جانے کس انداز سے
بھیجتے ہیں کون چیز جا اُسکے گھر
میر کے لڑکے کا عاشق سے کہا
اور طبق پوشیدہ بھیجا نا اُٹھا
حسب فرمودہ پسر اندر گیا
اور زمین پہ ہی شہزادہ نونہال
میر کے لڑکے نے سُنکر پھر ذرا
ہوگیا اُسکا بھی دل الٹ پلٹ
جب گیا پہلو سے دشمن ہوگیا
اور اُس شہزادہ کی لایا خبر
سانپ کے کاٹے کی جون سو گیا
سُنکے اُسکی بھی ہوئی حالت تباہ

حکم اُٹھانے کا اُسکے دیدیا
الغرض اُستاد نے مجبور ہو
پھر سُنا تھوڑے دنوں کے بعد یون
آتش فرقت میں اُسکے روز و شب
کھانے پینے کو دیا اُسکو جواب
نے کبھی ہنستا نہ کرتا بول چال
اندر اندر کھا گئے رنج یار سخت
جھٹ بُلا کر ایک خدمتگار کو
آکے خدمتگار نے بعد از سلام
تیری فرقت میں ہوا بیمار ہین
لوٹ کر کے میرزادے کا غلام
یعنی نوکر کو کہا جا جلد تر
دل ترا رستا ہے گر مجھ بن اُداس
سُنکے عاشق نے پیام دلربا
وہ طبق سربستہ لیجا کر ضرور
جاکے دیکھا ہی طبق رکھا ڈھنکا
وہ طباق اُس نے جلدی سے اُٹھا
اُس طبق کو دیکھا جو وہاں اُٹھا
وہ تو اُنکو دیکھے رخصت پا گیا
پھر کہا خادم کو جلدی دوڑ کر
یعنی وہ دلدادہ لڑکا مر گیا
عشق اپنا کام کرکے چل گیا
اپنے کو سب سے پشیمان ہوکے وہ

اور معلم سے یہ مضمون کہدیا
جا کہا درویش کے فرزند کو
ہے وہ لڑکا سخت بیمار زبون
جلتا بھنتا تھا بصد رنج و تعب
خواب راحت نے کیا آرام و خواب
غم کے کونے میں پڑا رہتا نڈھال
رفتہ رفتہ ہوگیا بیمار سخت
یون کہا جا پوچھ اُس بیمار کو
میر کے لڑکے کا پہونچایا پیام
رکھ قدم امداد اس جا تھام تھام — غور فہم عام پر کرو السلام
لطف و احسان اسکا لکھ سکتا ہے کب — سر قلم کا بھی قلم اس جا ہے اب
دیکھ یان مت مار دم امداد اب — بندہ ہو کر حق سے کر حق کو طلب

ذوق شوقِ محبت الٰہی کے بیان مین

۱۲۰

لے خدا لے مالک ہر دو سرا　　درد فرقت سے مرا دل ہی بھرا
تیری دوری سے بہت بیتاب ہون　　ریگ پر جون ماہی بے آب ہون
بیقراری ہی بہت اے کبریا　　ڈھونڈنے تجکو کہان جاؤن بتا
تو ہی بتلا آپ اپنی مجھکو راہ　　جس سے پہنچون تجھ تلک اے بادشاہ
بن بلاے تیرے اے شاہجہان　　تجھ تلک مین پہنچ سکتا ہون کہان
واسطے اپنے ذرہ صورت دکھا　　تاکہ جی قید دوئی سے چھوٹ جا
اس دوئی نے کر دیا دور سقدر　　آپکی بھی مین نہین رکھتا خبر
بحر وحدت سے مجھے لاکر یہان　　ڈالا یون کثرت مین اے جان جہان
دور کرکے مجھسے کثرت کے حجاب　　جلوۂ وحدت دکھا مجکو شتاب
تاکہ قید ماؤمن سے چھوٹ کر　　اصل سے اپنے کہین پاؤن خبر
پھر مین اپنا اس کو کرکے راہبر　　تجھ تلک پہنچون کہین اے باخبر
وہ بھی تو اک وقت تھا اے کبریا　　جز وجود پاک کے کوئی نہ تھا
بحر وحدت مین یہ جان بھی غوطہ زن　　کچھ دوئی کا تھا نشان رنج و محن
ملک مین ہستی کے لے امداد آ　　گم کیا ہے آپ کو تو نے بھلا
قید ہستی مین پھنسا تو اسقدر　　اصل کی اپنی نہین تجکو خبر
عہد و پیمان جو کئے تھے تو نے وان　　کچھ بھی اُن سے یاد رکھتا ہی یہان
عہد و پیمان توڑ کر اے بے وفا　　راہ سے بے راہ تو اب ہو گیا
جس لئے پیدا کیا تھا تجکو یار　　وہ کیا ہرگز نہ تو نے اختیار

بیان فی مضمون کتاب نان و حلوا کا تصنیف بہاالدین عاملی کی جو مطابق اپنے حال کے تھا لکھا

سن تو اے شکنندۂ راہ قدیم　　اور اے گم کردہ راہ مستقیم

گوش جان سے سن تو بلبل سے ذرا
ہی بلبل یار کے گلزار کی
آفرین اے بلبل بستان جان
آفرین اے بلبل بستان سے
قاصدا جلدی خبر مجکو سنا
مجھسے راضی بھی ہے وہ دلبر بتا
یا ہمیشہ ہجر پر مسرور ہے
آفرین اے پیک فرخ فال من
آفرین اے بلبل خوش خوان تجھے
ہین نوائین کیا تری آتش بھری
سوز دل سے میرے یا آہ و فغان
آفرین اے ہدہد شہر سبا
آفرین اے طوطی شکر شکن
کہہ تو مجھسے پھر ذرہ حال صنم
نجد کے یارون کی دے مجکو خبر
پھر سنا پھر خدا اے نامہ بر
ہی دل و جان دونون غم مین مبتلا
مسکن و ماوی سے پھر میرے ذرا
پھر کہو کچھ یا بے پرواہ سے
کیون خفا مجھسے ہوا وہ بے سبب
کہہ ذرہ بہر خدا اک حرف تو

یار کی باتون سے یہ کہتی ہی کیا
پوچھ باتین اس سے اس دلدار کی
کہہ مرے دلدار کی تو داستان
آفرین اے قاصد بستان سے
کہتا ہے حق مین مرے کیا دلربا
اور مائل بھی ہی کچھ سوے وفا
سچ بتا جو کچھ اسے منظور ہے
آفرین اے مایۂ اقبال من
ماسوا سے کردیا فارغ مجھے
آگ جس سے یون مرے دل مین لگی
ہر بن مو سے نکلتا ہی دھوان
آفرین اے قاصدان دلربا
تجھپہ ہو قربان میرا جان و تن
لیگیا تحقیق دل سے رنج و غم
تاکہ ہوین مست سب یہ اور ودر
زمزم و حیث و مینا سے کچھ خبر
تاکہ چھوٹین سنکے حال دلربا
دے خبر بہر خدا بہر خدا
کس لئے مجھسے وہ اب ناراض ہی
عہد و پیمان توڑ کے کیون یک لخت سب
از زبان آن نگاہ تند خو

۱۳۱

جس سے ہو تسکین کچھ دل کو مرے
ایک دن وہ تھا کہ ہم اور وہ صنم
ایک دن وہ تھا کہ ہم سے دلربا
خوش وہ دوران تھا کہ گاہ از کرم
خوش زمانہ تھا کہ اس ہجران مین
پھرتا تھا صحرا بہ صحرا کو بہ کو
آخرش اک شب بصد رنج و الم
سر بزانوے غم سے اُسکے بیٹھکر
جان لبون پر حسرت گفتار سے
وہ قیامت قامت پیمان شکن
فتنۂ ایام و آشوب زمان
دیکھتا کیا ہون کہ وہ مہر منیر
ناگہان در سے مرے وہ بیحجاب
زلف مشکین دوش پر ڈالے ہوے
بے محابا پاس میرے آن کر
یہ کہا اے شیدا دل محزون مرے
آتش فرقت مین تیری کل حال
مین کہا اس سے قسم اللہ کی
بیٹھکر اک دم سر بالین پر
ساتھ اپنے لے گیا وہ خودپرست
مین نے تب اس سے کہا اے خوش ادا

وہ بیان کر مجھ سے ہون قربان ترے
مثل بوے گل تھے آپس مین ہم
گاہ خوش ہوتا تھا اور گاہ خفا
مارتے راہ وفا مین تھے قدم
مجھپہ جو جو گذرے تھا اس آن مین
اپنے اس دلبر کی کرتا جستجو
مین کرون تھا گوشہ مین یاد صنم
کھینچتا تھا دل سے آہ پر شرر
دل بھرا نومیدی دیدار سے
آفت دوران بلای مرد و زن
خانہ سوز صد چو من خان و مان
خودبخود ہوتا ہے یان رونق پذیر
لب گزان ڈالے ہوے رخ پہ نقاب
اور نگہ سے کار عالم کا کیے ق
پوچھنے مجھ سے لگا وہ باخبر
اے بلاکش عاشق مفتون مرے
کیا ہی کچھ تو منہ سے تو اپنے نکال
جان اب مجھ مین نہ کچھ طاقت رہی
اٹھ گیا بے ساختہ وہ باخبر
عقل و دین سب اور وہ سارا یکلخت
پھر مین کب دیکھون گا تجکو یہ بتا

یہ لگا کہنے مجھے دیکھے گا تو | خواب مین اپنے پھر آدھی رات کو

یہ داستان بیچ بیان تاسف اور ندامت اور صرف کرنے عمر کی بیچ اس چیز کے کہ نفع نہ دے قیامت کو اور بیچ مضمون اور غرض قول نبی صلعم کے کہ سؤر المؤمنین شفاء یعنے جھوٹا مومن کا شفا ہے

عمر گذری ساری قیل و قال مین | پھنس رہے غفلت سے اس جنجال مین
اے ندیم اب بہر حق اٹھ تو سہی | کچھ نہین طاقت ہے اب مجکو رہی
اے ندیم اب کفش پاسے دور کر | بہر موسیٰ ہے وہ آتش جلوہ گر
دے مجھے اب وہ شراب شعلہ زن | جس سے جلکر خاک ہو تن اور بدن
اور پلا جلدی سے مجکو وہ شراب | غیر حق ہو جس سے جلکر سب کباب
وہ شراب اب مجکو دے تو اے لبیب | راہ پر ہو جو کہ در راہ حبیب
دے شراب ایسی مجھے اب جلد تر | مست ہون پینے سے جسکے اسقدر
جسطرف دیکھون اٹھا کرکے نظر | کچھ نہ آوے غیر دلبر کے نظر
وہ پلا مجکو تو اب بہر خدا | تاکہ فارغ ہون ز قید ماسوا
اور می خمر الحنا ہے لاؤ تم | چھوڑ پیالون کو لگا دو منھ سے خم
اٹھ تو جلد کر وہ بہر خدا | کرتا ہے تسبیح اسکی دل مرا
خوف مت کر اب تو اے صاحب شعور | کیونکہ ہے اللہ تو رب غفور
تنگ ہے افسوس وقت عمر اب | حیف ہے صد حیف کھوئی عمر سب
آہ صد افسوس یہ عمر عزیز | کھوئی اپنے ہاتھ سے ہو بے تمیز
علم رسمی دور کر مجھ سے اخی | عمر علم رسم مین گذری مری
علم رسمی سارا قیل و قال ہے | اس سے کچھ حاصل نہ خط اور خال ہے

دل کو کرتا ہے یہ مردے سے بتر
طبع کو افسردگی بخشے مدام
علم کان بر تن زنی مارے بود
خرچ تو نے علم گر تن پر کیا
علم سے کرے صفائی دل کی یار
علم حق ہے جان علم عاشقی
عاشقی کا علم حق ہے اور درست
جسکے دل مین ہو نہ الفت یار کی
ہو نہ جس دل مین محبت کا اثر
جسکے دل مین ہو نہ مہر گلرخان
راز باطن اس سے کب تجھپر ہو باز
علم رسمی گو تو کیسا ہی پڑھے
جو کوئی قربان نہ ہووے یار پر
جو نہ ہووے مبتلاے ماہ رو
جس کسی کے ہو نہ دل مین مہر یار
الغرض اس علم رسمی مین اخی
علم دین ہے فقہ و تفسیر و حدیث
عمر سے تیرے کوئی پوچھے اگر
سُن تو اِس ہفتہ مین اے مرد خدا
فلسفہ یا نحو یا طب یا نجوم
یہ علوم اور یہ خیالات فضول

کچھ نہین حاصل ہے اس سے جز خطر
مولوی باور نہ رکھے پھر کلام
علم کان بر دل زنی یارے بود
ہو گیا حق مین وہ تیرے اژدہا
ہے وہی پھر تیرا یار و غمگسار
ما بقی ہے مکر ابلیس شقی
اور سوا اس کے ہین سارے علم سُست
ہے بلا شک وہ تو قابل نار کی
ہے خدا کی مار اُسپر بیشتر
گہنہ انسان ہے وہ پر از استخوان
گو ترے شاگرد ہون سو فخر رازی
رازِ باطن اُس سے کب تجھپر کھلے
اسکا لائق ہے جدا ہو تن سے سر
نام اُسکا لوح انسانی سے دھو
اُسپہ لائق ہے کہ ہو پالان کا بار
کھو چکا تو عمر اپنے کام کی
جو سوا اسکے پڑھے ہو وہ خلیق
سات دن باقی ہین اپنی عمر کے
اب پڑھے گا علم بتلا کونسا
ہندسہ یا رمل یا اعداد و رسوم
فضلۂ شیطان ہے یہ سنگ رہ

جو ہو دل خالی ز عشق دلبران
دل کو علم عشق سے خالی اگر
سنگ استنجاے شیطان ہو وہ دل
حیف ہو رکھتا ہو جو تو اے دغل
لوح دل سے فضلۂ شیطان دھو
چند خوانی حکمت یونان
پڑھ چکا تو حکمت یونان
علم معقولات سب بنیاد ہے
بحث نحو و صرف مین کی عمر صرف
دل کو روشن کر بہ انوار جلی
فخر رازی اور ارسطو بو علی
انکو جو پڑھتا ہے تو اے زشت خو
سرور عالم شہر دوسرا
سو ارسطا لیس سو بو علی
مومنون کے جھوٹے مین ہو شفا
کہا ایسا ہو زہر اگر تو نے ذرا
سینہ اپنا چاک کے صد تو چاک کر
کب تلک افسوس زاری بیشمار
کب تلک بیہودگی سے گفتگو
کب تلک اس فکر باطل مین بھلا
فکر کر اسکا جو ہیر اپار ہو

سنگ استنجاے شیطان اسکو جان
دیکھتا ہے بیحیا تک غور کر
دل نہین پر ہو سرشت آب و گل
سنگ استنجا دیو اندر بغل
ای مدرس درس عشق ہم بگو
حکمت ایمانیان را ہم بخوان
حکمت ایمانیون کو بھی تو جان
مغز کو خالی کرے گا تا بہ کے
اپنو فضل عشق سے پڑھ یک دو حرف
کیون بنا ہے کاسہ لیس بو علی
ہین یہ باطل اور انکے علم بھی
خوک اور کتون کا جھوٹا کھاتا تو
کہتا ہے مومن کے جھوٹے کو شفا
کب شفا حضرت نے فرمایا اجی
کافرون کا جھوٹا ہے زہر اور بلا
جا کے کھا تریاق تا ہووے شفا
دل کو تو آلودگی سے پاک کر
شرم کر حق اور نبی سے اپنو یار
تو کرے گا اب بتا اے زشت خو
تو رہے گا مبتلا اے بے حیا
درد و غم کا تیرے حامی کار ہو

سن دف و نے سے وہ کل مرد عرب — کہتا تھا کیا خوب از روی طرب
گوش جان سے سن ذرا اے نیک خو — قول اک مرد عرب کا مجھ سے تو
تھا عرب میں ایک مرد خوش ادا — عشق سے رکھتا تھا وہ کچھ ذائقہ
ایک دن فرحت سے وہ بے رنج و غم — دائرہ اور نے بجاتا تھا بہم
اور کہتا تھا یہ خوش الحان سے — یعنی اس مضمون کو جی جان سے
ہووے تم قوم اے مردان کار — مدرسہ میں رہ کے یون لیل و نہار
کچھ کیا حاصل نہ تم نے زینہار — جز خیال اور وسوسے نابکار
جو کہ کرنا تھا کیا تم نے نہ کام — عمر باتون مین کری ناحق تمام
چق چق و بق بق مین یہ عمر عزیز — تم نے کھوئی رایگان اے بے تمیز
پر کبھی تم نے نہ ذکر اُس کا کیا — جس نے یہ تم کو دیا ذہن و ذکا
ذکر مین اور فکر مین غیرونکے آہ — جان اور تن کو کیا ناحق تباہ
چھوڑ کر کے تم نے کوچہ یار کا — لے لیا ہے آہ رستہ نار کا
ہے تمھارا ذکر در غیر الحبیب — کچھ نہین عقبیٰ مین اب تم کو نصیب
لوح دل سے دھوئے اے نیکذات — علم جو دیوے نہ عقبیٰ مین نجات
ساقیا یک جرعہ از جام قدم — دے کہ تو اب امداد کو بہر کرم
تا کرے شق پردہ پندار کو — یار کی آنکھون سے دیکھے یار کو

یہ داستان بیچ قطع علائق اور گوشہ نشین ہونے خلائق سے ہے

جس کو دے توفیق رب العالمین — ہو وہ قیل و قال سے عزلت گزین
تجکو خلوت مین ہے عزت اے فتا — اختلاط خلق سے ڈھونڈے ہے کیا
جو ملے گوشہ سے عزت برملا — خلق کے ملنے سے پھر حاصل ہے کیا
دامن عزلت سے پا مت کر بدر — کیون پھرے ہے چون گدایان دربدر

گوشۂ خلوت مین تو بیٹھا اگر | پھر قدم ہرگز کبھی باہر نہ دھر
جو تو دے دست نفس سے پاوے امان | جاری کی طرح سے ہو جا نہان
جس طرح پریان جو رہتی ہین چھپی | دیو کے ہاتھون سے رہتی ہین بچی
اس طرح جب دور ہو تو خلق سے | نفس اور شیطان کے ہاتھون سے بچے
کب حقیقت سے کھلے گا تجھپہ در | تو مجازی سے نہ گذرے گا اگر
ہووے کب حاصل تجھے راہ خدا | جب تلک چھوڑے نہ دنیا کا مزا
جو تو چاہے عزت دنیا و دین | خلوتے از ہر دو دنیا گزین
جس نے پایا کچھ بھی خلوت کا مزا | ہو گیا وہ دو جہان کا پیشوا
جب ہوئی پوشیدہ سب لیل قدر | ہو گئی وہ رشک صد خورشید و بدر
چھپ رہی ہے جو شب قدر اے فتا | اسلئے مقبول ہی پیش خدا
ہے نہان جو اسم اعظم اسلئے | سارے نامون کا وہی سردار ہے
ہو تو گر عالم سے پنہان اے ولی | لیل قدر اور اسم اعظم ہے تو بھی
بیٹھ جا گوشہ مین لے فرزانہ مرد | اور جمیع ماسوا اللہ سے فرد
گنج مقصد ہے یہ خلوت اے پسر | لیک علم اور زہد ہو دین جمع گر
علم بن مت بیٹھ گوشے مین فتا | اس مین ذلت ہے سمجھ بے انتہا
اور برا ہے علم بھی بے زہد کے | تو سمجھ اس کو ذرہ لے نیک پے
اسپہ یاد آیا مجھے قصہ لطیف | غور سے سن اس کو اے مرد شریف

حکایت ایک عابد جاہل کی کہ غار مین رہتا تھا اور جوان دنیادار کی

تھا کسی جا ایک مرد خوش خصال | عالم و فاضل ولی صاحب کمال
عامل و زاہد سخی اہل کرم | متقی و پارسا و محتشم
رکھتا تھا گھر مین وہ اپنے اک پسر | صورت ظاہر مین مانند قمر

گرچہ ظاہر مین تھا از بس خوبرو — لیک باطن مین تھا بد اور زشت خو
ناخلف تھا حد سے زیادہ وہ پسر — رنج تھا اس بات سے اُس شیخ پر
الفت پدری سے پر اے نیک پے — علم کی تعلیم کرتا تھا اُسے
اپنی کم بختی سے لیکن وہ پسر — بھاگتا تھا پڑھنے سے ادہر ادہر
کرتا تھا صحبت بدونکی اختیار — نیک باتون سے اسے آتی تھی عار
کہتا تھا جس بات کو اس کا پدر — کرتا تھا برعکس اُسکے وہ پسر
آخرش اک روز تنگ ہو کر کہا — باپ نے اسکے کہ سن اے بیحیا
جو کہ تجکو لکھنا اور پڑھنا نہین — دور ہو جا پاس سے میرے کہین
مین نہین دیکھا ہے تجھ سا ناخلف — گاؤخر بھی تجھ پہ رکھتے ہین شرف
ایسے نالائق سے کیا اُمید ہے — دین و دنیا مین نہ کام آوے مرے
دور ہو گھر سے نکل اے بیحیا — نوکری کر جا کہین اور کھا کھلا
بے حیائی سے یہ بولا وہ پسر — ہے خوشی میری بھی یون ہی اے پدر
عرض کی اسنے کہ حضرت خوب ہے — جلد مجکو آج رخصت کیجیے
ایک گھوڑا خوب سا لے دیجیے — اور خرچ راہ کچھ دیدیجیے
تاکہ جب تک مین کہین نوکر نہ ہون — قوت بسری اس سے مین اپنی کرون
سنکے اُسکے باپ نے پھر جلد تر — کر دیا تیار اسباب سفر
ایک گھوڑا جو کھا تھا نے دیا — اور خرچ راہ بھی کچھ دیدیا
اور کپڑون کے کئی جوڑے بنا — ق — ساتھ اسکے کر دیئے اور یون کہا
جا ترا حافظ خدا اے بدگہر — پھر قدم ہرگز نہ رکھیو تو ادہر
ہو کے رخصت باپ سے راہی ہوا — پھر نہ منھ اس طرف کو اُسنے کیا
شہر شہر و دربدر پھرنے لگا — نوکری کی جستجو کرنے لگا

رفتہ رفتہ آخرش وہ نوجوان
کہتے ہین اُس شہر مین تھا اک امیر
اس امیر نیک کی لے خوش ادا
دے تھا عرضی نوکری کی اسکو جو
عرض کی اسنے جون ہی جا کر کہا
ایک مدت تک سوارو مین رہا
پھر جو قسمت نے اسکی یاوری
چند عرصہ مین ہوا وہ نوجوان
عیش اور عشرت مین رہنے لگا
ایک مدت تک رہا اس رتبہ پر
اس پسر کی جس گھڑی اے نیکنام
کی قضا نے جو نظر نوع دگر
نے رہا لشکر نہ وہ فوج و سپاہ
نہ وہ قلعہ نہ محل نہ وہ بارگاہ
رہگیا جیسا کہ تھا پہلے وہ مرد
ہاتھ سے تقدیر کے وہ بینوا
پھرتا تھا صحرا بہ صحرا در بدر
پھرتے پھرتے الغرض باسوز و درد
دن کو تو اس شہر مین پھرتا رہا
تا مسافر جانکر اس شخص کو
الغرض کی رات مسجد مین بسر

اک شہر کے بیچ پہونچا ناگہان
صاحب حشمت امیر بے نظیر
نوکری کا تھا قلم جاری سدا
اس کو نوکر اپنا کر لیتا تھا وہ
نام اُسکا جھٹ سوارونمین لکھایو
ہوتے ہوتے عہدہ پھر بڑھنے لگا
فوج ساری کا ہوا افسر بھی
صاحب حشمت امیر کامران
بے غم و بے رنج و بے محنت سدا
جبتلک چاہا خدا نے وہ پسر
عیش و عشرت کی ہوئی مدت تمام
دم کے دم مین ہوگیا زیر و زبر
نا وہ دولت نا وہ حشمت نا وہ جاہ
دم کے دم مین ہوگیا بالکل تباہ
مفلس و مسکین پھر باسوز و درد
ٹھوکرین کھاتا پھرے تھا جا بجا
فقر و فاقہ سے دلے خستہ جگر
اک شہر کے بیچ جا نکلا وہ مرد
راتکو جا ایک مسجد مین پڑا
دے کھلا کھانا کوئی مرد نکو
ہوگئی اتنے مین صبح جلوہ گر

١٣٩

صبح ہوتے ہی وہ مرد بینوا
سوچنے دل مین لگا اپنے جوان
تھا اسی حالت مین وہ مرد گدا
پہن کر پوشاک اور گھر سے نکل
اپنے اپنے گھر سے ہر اک مرد و زن
اس جوان کے دلمین آیا یہ خیال
ہو رہا ہے آج صحرا مین یہ کیا
کہکے یہ اور اُٹھ کے وہ مرد خدا
عنقریب اس شہر کے اک کوہ تھا
غار کے اندر رہی اندر وہ گدا
حق تعالی اُسکو قدرت سے مدام
اسلئے اس غار سے باہر آخی
اسکا بعد اک سال کے معمول تھا
تھا معین ایک دن ہر سال مین
کوہ کی چوٹی پر آکر بیٹھتا
خلق اُسکے دیکھنے کے واسطے
منزلون سے آتی تھی خلق خدا
تھا وہ دن عالم مین گویا روز عید
اور کچھ خیرات بھی کرتے تھے وان
الغرض اسدن اسی معمول پر
یہ جوان بھی تھا وہین حیران کھڑا

باہر آ مسجد کے در پر ہو کھڑا
یا الہی اب بتا جاؤن کہان
دیکھتا کیا ہے کہ اک خلق خدا
جاتی ہے جنگل کو دوڑی بیچلل
جانب صحرا روان ہے بے محن
دیکھ تو تو بھی ذرہ چل کر کے حال
بے محابا جو ہر اک جا ہے چلا
ساتھ اُن لوگون کے آخر ہو گیا
اسمین اک درویش رہتا تھا سدا
رات دن کرتا عبادت کو ادا
بھیجدیتا تھا اسی جا پر طعام
وہ فقیر ہرگز نہ نکلے تھا کبھی
غار سے باہر نکل کر بیٹھتا
باہر اسدن آتا تھا ہر حال مین
آپکو دکھلاتا اسکو دیکھتا
جمع ہوتی تھی تلے اُس کوہ کے
اس کی زیارت کے لئے اسدن سدا
وان کا جانا سمجھے تھا ہر اک سعید
لائق اپنے ہر کبیر و ہر جوان
جمع خلقت ہو رہی تھی بیشتر
دیکھے ہوتا ہے یان کیا ماجرا

اتنے مین اک شور خلقت سے اٹھا ۔ آئے حضرت سامنے دیکھو ذرا

دیکھکر درویش کو اُس کوہ پر ۔ دور سے کرتا تھا زیارت ہر بشر

اور طلب کرتے تھے اُس درویش سے ۔ بس دعائے خیر سب چھوٹے بڑے

اپنے اپنے مدعا کے واسطے ۔ لوگ اُس سے ہی دعا کرواتے تھے

اور وہ درویش بھی با التجا ۔ اُنکے حق مین مانگتا حق سے دعا

الغرض اسدن صبح سے تا بشام ۔ تھا رہا اُس کوہ کے گرد اژدحام

شام کے ہوتے ہی وہ پیر ہدا ۔ اُٹھ وہان سے غار کے اندر گیا

خلق ساری اپنے اپنے گھر گئی ۔ رہ گیا وان وہ جوان اجنبی

سوچنے جی مین لگا اپنے جوان ۔ مین بھلا اے دل بتا جاؤن کہان

آدمی ہر ایک اپنے گھر گیا ۔ تو کرے گا شہر مین جاکر کیا

کر بسر جیون تون یہان اس رات کو ۔ صبح کو پھر دیکھیے جو ہو سو ہو

کہہ کے یہ اور ہاتھ رکھکر زیر سر ۔ پڑ رہا جنگل مین تنہا خاک پر

جب گئی تھوڑی سی رات اسکے تئین ۔ دل مین اُسکے یہ خیال آیا وہین

کیون پڑا تنہا یہان اے پُر خلل ۔ اُٹھکے اُس درویش کی خدمت مین چل

گر تجھے کچھ عقل ہے اے ہوشیار ۔ کر تو درویشون کی خدمت اختیار

صحبت درویش سے مسرور رہ ۔ اور ساری خلق سے بس دور رہ

حب درویشان کلید جنت ست ۔ دشمن ایشان سزای لعنت ست

دوست درویشون کا ہووے جنتی ۔ دشمن اُن کا ہے بلا شک دوزخی

چلکے اُس درویش کی خدمت مین اب ۔ سیکھ کچھ راہ خدا اے بے ادب

واسطے دنیا کے کیون اے بیخبر ۔ ٹھوکرین کھاتا پھرے ہے دربدر

کیا ہے حاصل رنج سے جانا تجھے ۔ آخر اک دن یار مر جانا تجھے

آخرت کے کار سے غافل نہ ہو — دولتِ دنیا پہ تو مائل نہ ہو
دل مین اپنے پختہ کر کے یہ خیال — غار کی جانب چلا گھوڑے کی چال
اعتقادِ دل سے وہ ای نیک پے — جا کے قدمون پر پڑا درویش کے
دیکھکر درویش بولا اے جوان — کیا ترا مطلب ہی کہ مجھ سے بیان
عرض کی اُسنے کہ اے پیرِ ہدا — ہے مجھے مطلوب اب راہِ خدا
اور مجکو چاہتا ہے کچھ نہین — راہِ حق بتلائیے میرے تئین
یہ کہا درویش نے اے نوجوان — گر یہی منظور ہے تو رہ یہان
میری خدمت مین رہا کر تو سدا — تا ترا مقصود بر لاوے خدا
بے کیے خدمت کوئی پاتا نہین — خدمتی محروم اب جاتا نہین
ہر کہ خدمت کرد او مخدوم شد — ہر کہ خود را دید او محروم شد
جسنے خدمت کی ہوا مخدوم وہ — کی خودی جسنے رہا محروم وہ
جو تجھے خدمت پسند آئی تری — ایک دم مین تجکو کر دون گا ولی
جہل سے اپنے وہ درویش غبی — آپ کو سمجھے تھا عالم اور ولی
جہل سے بدتر نہین ہے کوئی شے — جہل کفر و شرک کی بنیاد ہے
جہل سے ہو دل مین نخوت اور غرور — رہتا ہے جاہل سدا رحمت سے دور
جہل تن مین اک بلائے جان ہے — آدمی جاہل بھی کچھ انسان ہے
ہو سکے جتنا تو رہ جاہل سے دور — جاہلون پر ہو غضب حق کا ضرور
تو بھی اے امداد اگر ہے ہوشیار — صحبت جاہل نہ کرنا اختیار
تیر کے مانند تو جاہل سے بھاگ — جاہلون کی ہووے صحبت مثل آگ
ہو یہان جاہل سے اکثر کام بد — آخرت مین اسکا ہوا انجام بد
جب تلک زندہ ہے جاہل خوار ہے — عاقبت اس کا ٹھکانا نار ہے

جہل سے اپنے گدا نے آہ آہ / غیر کو ناحق کیا یار و تباہ

جہل کا اُسکے کرون مین کیا بیان / قہقہہ مارے ہر اک پیر و جوان

الغرض پھر وہ جوان با صد خوشی / پڑ رہا خدمت مین اُس درویش کی

پاس اس درویش کے رہنے لگا / اُسکے کہنے پر عمل کرنے لگا

جو کہ فرماتا تھا پیر اُسکے تئین / جان و دل سے جھٹ وہ کرتا تھا وہین

ایک مدت جب گئی اُسکو گذر / پاس اس درویش کے اے بہرہ ور

ایک دن درویش نے اُسکو اخی / سامنے اپنے بٹھایا با خوشی

ہر طرح کی گفتگو کرنے لگا / اُس جوان سے وہ فقیر بے نوا

اُس جوان نے خوش جو پایا پیر / عرض کی اُسنے کہ اے فرخندہ خو

ہو جو گستاخی مری اُس دم معاف / عرض خدمت مین کرون مین صاف صاف

یہ کہا درویش نے اے نوجوان / جو ترا دل چاہے کر مجھ سے بیان

عرض کی اُسنے کہ یہ جو آپ کی / آنکھ پر ہے موم کی ٹکیا لگی

اِسکو تم وقت وضو اور غسل کے / دور کیون کرتے نہین ہو آنکھ سے

دوسرے یہ ناک مین بتی جو ہے / اسکے رکھنے کا سبب بتلائیے

دونون باتون کا مجھے دیجے جواب / تاکہ ہو موقوف دل کا پیچ و تاب

یہ کہا درویش نے اے یار غار / جبکہ کی مین نے فقیری اختیار

یہ کیا تھا عہد مین نے اُس گھڑی / جب تلک باقی ہے جی مین میرے جی

مین کرونگا نفس کے برعکس کار / گو وہ کیسا ہی ذلیل ہو اور خوار

اس سبب سے رات دن مین برملا / برخلاف نفس کرتا ہون سدا

ناک کی بتی کا سن مجھ سے سبب / نفس نے اک بار کی خوشبو طلب

یون کہا اک روز مجھ سے نفس نے / عطر مجموعہ کا مجکو چاہیے

مین نے بدلے عطر کے لی لے پسر
تاکہ آوے نفس قابو مین تمام
اور سُن تو دوسرا مجھ سے یہ اب
بند مین نے آنکھ کو یون کرلیا
کیونکہ دو دیکھتے ہین جسقدر
اسلیے کافی ہے مجکو ایک بھی
بند کی ہے آنکھ مین نے اسقدر
اس قدر ٹکیا جمائی موم کی
سُنکے یہ باتین جوان نے یون کہا
عالم و فاضل ہے پیر مرا پدر
غسل کرنے سے جنابت کے کبھی
اُس جنابت سے نہ ہوگا پاک وہ
کیونکہ دھونا فرض ہے گا جسم سب
اور تیرا عضو سارا اے عزیز
یعنی تیری آنکھ ساری دیکھ لے
دوسرے یہ ناک مین تیرے اڑی
کسطرح تیری نماز ہووے درست
اسکے اوپر آپکو اب اے فقیر
ایسے عملون سے خدا دیوے پناہ
اسطرح کے زہد و تقوی سے ترے
سُنکے یہ باتین جوان سے وہ گدا

گوہ کی بتی ناک مین اُسدن سے دھر
ایسے ایسے اسلیے کرتا ہون کام
آنکھ کے اک بند کرنے کا سبب
حق کی نعمت مین نہ ہو اسراف تا
ایک سے بھی اُتنا آتا ہے نظر
گرچہ مین نے بند کرلی دوسری
تا کھلے ہرگز نہ یہ پھر عمر بھر
حشر تک ہرگز نہ اُترے گی کبھی
گرچہ مین جاہل ہون اے مرد خدا
اُس سے مین اکثر سُنی ہے یہ خبر
خشک رہجائے اگر اک بال بھی
گر کرے شستو یا رتن کو شست و شو
گر رہا کچھ خشک پاک ہوتا ہے کب
خشک رہتا ہے سدا کرلے تمیز
خشک ناک رہتی ہے یہ نیچے موم کے
ایک بتی گوہ کی جو حد سے سڑی
جب ناک غسل و وضو ہووے نہ جیت
کہتا ہے تو صاف پاک او بے فقیر
دین و دنیا جو کرے دونون تباہ
یہ ترا خادم بہت حیران ہے
دل مین کر انصاف اور چپ ہوگیا

زانوؤن مین رکھکے سر اپنا فقیر
مارے خفت کے ہوا ایسا حقیر

شیر کے آگے ہون جون روباہ پیر
اس جوان کے سامنے اسدم فقیر

ایک عرصہ تک تامل مین رہا
پھر یہ اپنے دل سے اُسنے یون کہا

کرکے تو انصاف اے دل اب ذرا
اس جوان کو اپنا تو مرشد بنا

اُٹھ یہان سے کرکے توبہ جلد تر
اس جنابت کو بدن سے دور کر

غسل کامل اور وضو کو ٹھیک کر
باندھ پھر حق کی عبادت مین کمر

الغرض نہا دھو کے اُٹھکر با نیاز
کی ادا اسوقت جو اُس نے نماز

وہ مزہ اور حظ اُسے حاصل ہوا
جس کا کچھ ہوتا نہین ہے انتہا

وہ تجلی اس گھڑی حاصل ہوئی
پہلے اس سے جو نہ دیکھی تھی کبھی

ہو کے نادم پہلی باتون سے بلا
اُس جوان کو پاس اپنے یون کہا

علم دین جا کرکے پڑھ تو شوق سے
پھر سکھا کر یہان آکر تم مجھے

شرم آتی ہے بڑھاپے سے مجھے
اسلیے پڑھنے کو کہتا ہون تجھے

اُس جوان نے سنتے ہی جھٹ بر ملا
جو کہا تھا پیر نے وہی کیا

سیکھنے سے علم کے اُسکے بہرہ ور
ہو گیا درویش راہ راست پر

ہو گیا درویش عالم پیر تو بے خلل
عالم و زاہد ولی بے بدل

ہو گئے جب علم اور زہد ایک جا
جب ہوا مقبول درگاہ خدا

ہونا علم اور زہد آپس مین بہم
رکھ سکے کب رہ مین عزلت کے قدم

کھلتے ہی جو راہ دکھلاوے تجھے
دھووے زنگ گمرہی دل سے ترے

زہد وہ ہے جو آ کہا اُسکے بیچ سے
ماسوا دلبر کے دل مین جو ہے شے

جو جو سب دل مین سوا حق کے بلا
زندہ وہ شے ہے کرے سبکو فنا

ہے ہوس دل سے ترے باہر کرے
اور دل مین خوف و ڈر ظاہر کرے

۱۳۵

ڈرتے ہین حق سے وہ مردان خدا — علم حق جن کو کیا حق نے عطا
اِنَّمَا یَخْشیٰ ہے اُنکی شان مین — کہتا ہے حق دیکھ لے قرآن مین
یعنی مجھ سے اب بہت ڈرتے ہین وے — عالم و عامل ہین جو بندے مرے
خَشْیَةُ اللّٰہ کو نشان علم جان — اِنَّمَا یَخْشیٰ قرآن مین پڑھ جوان
دل کو علم خوف سے آباد کر — جا حدیث لَوْ تَعْلَمُوْن یاد کر
یعنی فرماتے ہین یہ حضرت نبیؐ — جانتا ہون مین جو تم جانو کبھی
ذکر کیا ہنسنے کا بلکہ برملا — روتے روتے غم سے رو نالے بہا
ساقیا وہ جام اب مجھکو پلا — ٹکڑے ٹکڑے جس سے ہو سینہ مرا
درد و غم سے کر لے پُر اک جام لا — جلد دے آہ اور کے مُنھ سے لگا
تاکہ درد یار جا دل مین سما — راغ — درد سے ہو درد اسکے کی دوا
علم کان بہر کاخ و باغ بود — ہمچو مرد و زر از سراغ بود

اس داستان مین مذمت اُن علما کی جو دنیا پرست ہو کے ساتھ رہتے ہین امرا کی اور دور رہتے ہین فقر سے

فقر سے ہو علم کو زیب اے پسر — نے زباغ و زاغ و اسپ گاؤ خر
فقر فخری کہتے ہین حضرت نبیؐ — فقر سے ہو زیب و زینت علم کی
علم کی عزت بلاشک فقر ہے — فقر و فاقہ عالمون کا فخر ہے
فقر و فاقہ سے ہے عزت علم کی — حشمت دنیا ہے ذلت علم کی
فقر و فاقہ عالمون کا تاج ہے — مومنون کا فقر ہی معراج ہے
مولوی کو یہ گمان لاریب ہے — اس اسباب جہان سے زیب ہے
علم کا نقصان ہے حضرت مولوی — حشمت و مال و منال دنیوی
قاقم و خز کب تلک یون پہن کر — ہوگا تو آراستہ مثلِ مور

۱۴۶

اور کب تک مرغ و ماہی سے اخی
تو کرے گا زیب و زینت خوان کی

آپ کر انصاف اے صاحب کمال
ہو میسر کب تجھے یہ از حلال

اسقدر مال و منال اے با ادب
جز فریب و مکر کے ہو جمع کب

تو مشقت گر کرے ہو ہو نڈھال
آوے کب کچھ ہاتھ مین مال حلال

اس مین بس اتنا تکلف ہو ضرور
جو کی روٹی اور کچھ دال مسور

موٹا جھوٹا کپڑا تن ڈھکنے کو ہو
اس سے زیادہ ہو نہ کچھ تجکو کبھو

اور یہ تیرا اس قدر مال و منال
جمع ہو کیونکر یہ از وجہ حلال

مال و ملک و دولت و باغ و بہار
مسند و تکیہ و خانہ زرنگار

نان و حلوا قند و شکر قورما
ہو میسر بے شبہہ کیونکر بھلا

جسکے اوپر آپ کو کہتے ہو وا
عالم و فاضل ہین ہم با اتقا

علم دین سے یون کرو جھنڈا اکھڑا
اور کھانا پھرنا ہو اس طرح کا

ہاتھ مین کچھ مال لا شبہہ ناک
تاکہ ہو تو نرم پوش اور خوش خوراک

آخرش تجکو کرے دین سے بری
یہ تن آرائی و یہ تن پروری

مال و ملک و دولت و باغ و چمن
سب یہ گردن مین پڑینگے طوق بن

ایک لقمہ بھی جو کھاوے شبہہ ناک
خاک کھا اور ڈال تو دانتون پہ خاک

اور یہ لقمہ آخرش اے نیکنام
زہر قاتل ہو ترے حق مین تمام

تجھکو مال و جاہ پر مفتون کرے
نور عرفان دل سے وہ بیرون کرے

تو تو اس لقمہ کو کھاوے بے شبہہ
دین اور ایمان ترا کھاتا ہے یہ

ایسا لقمہ دین کو یون کھاوے ہے گھن
اندر اندر جس طرح لکڑی کو گھن

تو برائی اور خباثت بد رگی
شبہہ کے لقمہ کو سن مجھ سے اخی

یعنی اک دانہ ہوا گر شبہہ ناک
اسکو لیکر حضرت ابراہیم پاک

سیکڑوں تعظیم اور عزت سے جا — بو دین کعبہ کے حرم مین برملا

تخم اُس کا ڈالے اپنے ہاتھ سے — اور گا وے چرخ سے بونا کرے

اور سینچین اب زمزم سے اُسے — حضرت ابراہیم آکر پے بہ پے

اور اُسکے کاٹنے کے واسطے — آہن نو سے اگر داتی بنے

اور پیسین حضرت خیر النسا — پتھر اسود سے بنا کر آسیا

اور گوندھین اُسکو حورین جنتی — با خوشی کوثر کے پانی سے اچھی

اور خمیر اُسکے پڑھے بے عدد — فاتحہ یا قل ہو اللہ احد

اور جلادین لا کے حضرت جبرئیلؑ — الٹیان طوبی کی جھٹ بے قال و قیل

اور پھونکین آگ اُسکی دمبدم — حضرت عیسیٰؑ نبی محترم

اور پکاوین حضرت مریمؑ اُسے — نوح کے تنور مین ای نیک پے

اور گر چہ تو پڑھے اُسکے ہوشیار — اُسکے ہر لقمہ پہ بسم اللہ ہزار

گر چہ اُسپر ایسے ایسے ہوں عمل — پر نہ اُس لقمہ کا کچھ جاوے خلل

باوجود ایسی کرامتوں کے یار — وہ خباثت اُسکی پھر ہو آشکار

آخرش خاصیت اُسکی جب کھلے — وہ ہی لقمہ زہر ہو تجھکو لگے

راہ طاعت مین تجھے حیران کرے — خانۂ دین کو ترے ویران کرے

راہ جنت کی چھڑا کر بے خلاف — راہ دوزخ کی بتادے تجکو صاف

درد دین کا ہے تجھے اپنے اگر — جلد اسکا کر علاج اے بے خبر

ورنہ ہوگا دین تیرا سب تباہ — کر علاج اس کا ذرا بہر الہ

کر کے محنت اور مشقت با کمال — جا کے پیدا کر تو کچھ قوت حلال

اس ہوا و حرص سے تو در گذر — کر قناعت پیشہ مت پھر در بدر

جو نہ ہووے جامۂ اطلس تجھے — تن کے ڈھکنے کو ہو کملی بس تجھے

ہو نہ گر کمخواب و مخمل گلبدن
نان و حلوا قورمہ زردہ پلاؤ
ہون نہ یہ کھانے اگر با قند و مشک
سونے چاندی کے نہ ہون برتن اگر
اور نہ ہووے گر پیالہ زر ناب
اور شُتر سے آبخورے گر نہ ہون
اور نہ ہووین اسپ گر زرین لجام
گھوڑا ہاتھی اونٹ خچر جو نہو
جو نہ ہووے دور باش از پیش و پس
یعنی گر ہووین نہ لشکر با وقار
اس سے بہتر ہے کہ تجکو ضرور
اور نہ ہون گر خانہا ے زرنگار
ہو نہ گر دالان کوٹھا کوٹھری
اور نہ ہووین فرش گر ابریشمین
مخمل و دیبا کا تکیہ گر نہ ہو
واسطے داڑھی کے گر کنگھی نہ ہو
اس جہان مین سے تو چند اک ورق
الغرض جس چیز کا چاہے یہان
جس کا چاہے تو جہا نمین ہو عوض
اور جہان مین بے عوض ہی جان جمع
عمر کا بدلہ نہ ہو سکتا ہے یار

اک گزی کافی ہے ڈھکنے کو بدن
اور یہ پانی متنجن نان پاؤ
تجکو کافی ہے پیازہ و نان خشک
مٹی کی صحنک بھی کافی ہے مگر
کف سے پی سکتا ہے اپنے یار آب
پی سکے ہے یار پانی چلوؤن
پا پیادہ چل سکے ہے چند گام
چل سکے ہے پا پیادہ یار تو
دور باش نفرت خلق از تو بس
اگے اور پیچھے نقیب اور چوبدار
سارا عالم ہر طرف سے دور دور
کر سکے ہے زندگی در کنج غار
رہنے کو کافی ہے خس کی جھونپڑی
بورے کہنہ پہ ہو گوشہ نشین
رکھ کے پتھر سر کے نیچے یار سو
انگلیون سے کنگھی کر سکتا ہے تو
بن سکے جس سے کر بسر اوقات کو
ہو سکے ہے اسکا بدلہ بے گمان
تجکو حاصل اسکا بدلہ ہو غرض
قدر اپنی عمر کی پہچان تو
اسکو ہاتھون سے نہ کھوا ہے ہوشیار

ساقیا بھر خدا وہ جام دے
چھوٹ کر حرص و ہوا کی قید سے

تا کرے آمادہ جا کر بے محن
یار کے کوچہ مین قربان جان و تن

بیان چیزون مختصر متفرق کا اور بیچ اشارہ قولہ تعالیٰ کے اِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُكُمْ اَنْ تَذْبَحُوا بَقَرَةً انصاف و اخلاص کیا گیا

خرچ جان اپنی کرو اے عاشقو
دوستی مین اپنی گر تم راستہو

جو کوئی اس راہ سے آگاہ ہے
تن کو جلنے سے ہے کیسنگ راہ ہے

ٹھوکرین کھاتا ہے سب کی وہ سدا
جو کوئی اس راہ سے واقف ہوا

گیند دولت کا وہ آخر لے گیا
جان دی جس نے پیارے دلربا

دو جہان سے اُسنے بازی جیت لی
یار کے قدمون پہ جس نے جان دی

گر حیات اور عیش خوش چاہے ہے یار
گاؤ نفس لینے کو تو اول تو مار

کر جوانی مین نثار دوست جان
جا عَوَانٌ بَيْنَ ذٰلِكَ پڑھ جوان

یعنے بچہ یا کہ بوڑھی گاے ہو
اُسکی قربانی نہ ہو و جان تو

کر جوانی مین تو قربان آپ کو
یار کے قدمون پہ جو کچھ ہو سو ہو

جو ہوا بوڑھا گران جانی نہ کر
بوڑھے بکرے کی تو قربانی نہ کر

سب ہوے برباد ایام شباب
پہر دین کچھ بھی نہ لی تو نے شتاب

دن جوانی کے ہوے آخر تمام
کچھ کیا حق کے لیے تو نے نہ کام

گند اسین پنجاہ سے اور اک سجو
نے کیا تا کام آوے اے جہود

ساٹھ سے بھی عمر زیادہ ہو گئی
کام کی جو بات اُتھی ہرگز نہ کی

عمر تیری کام کی گذری ہے آ
ایک بھی سجدہ نہ تو نے کر لیا

تا کہ کام آتا وہ تیرے یوم دین
وہ کیا ہرگز نہ تو نے اے لعین

اب بھی تو اے عندلیب کہنہ سال / کر شروع آہ و فغان جیسے بنال

جو کیا نالہ نہ در فصل بہار / کر ادا اُس کو خزان میں زینہار

اب بھی تو بہر خدا اے بے خبر / اس بڑھاپے کو غنیمت جان کر

عجز سے رو کر خدا کے روبرو / توبہ و استغفار کر ہر لحظہ تو

جو جوانی میں کیا تو نے نہ کام / کر ادا اُس کو بڑھاپے میں تمام

تا کہ تو جانے زیان کا سود یار / بخشے گنہ تو خدا اور تو ہو اودھار

غرق دریائے گناہی تا بکے / تو ز معاصی روسیاہی تا بکے

غرق دریا میں گناہوں کے بھلا / تو رہیگا کب تلک مجھکو بتا

اور بدیون سے تو اپنی روسیاہ / کب تلک رکھے گا ای حال تباہ

گوش جان سے پنبۂ غفلت نکال / جدِ امجد کا تو سن کچھ حال

حضرت آدم کہ دادا سب کے تھے / اور خلیفہ تھے خدا کے جان لے

اور فرشتون نے انھیں سجدہ کیا / دی خدا نے رہنے کو جنت میں جا

اک گنہ کرتے ہی سن انکو کہا / نہ ہی مذہب نکل اب یان سے جا

تو طمع رکھتا ہے با چندین گناہ / داخل جنت ہو تو اے روسیاہ

اک گنہ کے ساتھ آدم کو نکال / حق نے جنت سے دیا باہر ڈال

جو کرے صد ہا گنہ شام و سحر / کس طرح جنت میں ہو اُسکا گذر

حد سے گذرا انتظار اب ساقیا / کر مدد یہ وقت ہے امداد کا

عمر گذری ہجر میں جلتے ہوے / اب تو مست بحر ہم رکھو دیدار سے

اس داستان میں بیان ہے اور قول نبی صلعم کی حب الوطن من الایمان کہ کیا غرض ہے اس سے

قید میں عصیان کی جو قید ہیں / سخت غمگی سے وہ ناامید ہیں

جو گناہوں سے کھڑے ہیں جال میں — یار کے دیدار سے محروم ہیں
تن بدن کو پالتے ہیں جو کوئی — قید میں ہیں نفس اور شیطان کی
لذت تن میں پڑے ہیں جو کہ یہ — اُن کی گردن میں ہے حبل من مسد
بند تن کو توڑ زندان سے نکل — یار کے کوچہ کو اُٹھکر جلد چل
اُٹھ توجہ کر سوے ملک نعیم — یاد کر اوطان اور عہد قدیم
اُٹھ کہیں بہر خدا ٹک سوچ تو — یار کے کوچہ کو اور اُس عہد کو
یار کی تجھکو محبت ہے اگر — راہ لے کوچہ کی اُسکے جلد تر
ظاہر اور باطن یہ علم اے نیک تن — کہتے ہیں ایمان سے ہے حب وطن
یہ وطن ہند و عراق و شام کے — وہ وطن ہے اور جس کا نام لے
یہ وطن دنیا کے ہیں سب ہی اچھی — کب کرے تعریف دنیا کی نبی
دوستی دنیا کی سر ہے ہر خطا — ہو خطا سے کب تجھے ایمان عطا
ترک دنیا کو کرے ہے یار جو — دو جہان کا ہوتا ہے سردار وہ
چھوڑ کر دنیا کو جاتا ہے وہ یار — اُس وطن کو نفس [illegible]
تنگ طالع ہیں جو ہیں اے نیک تن — جنکو رغبت ہے سوے اصلی وطن
ہیں سعادت مند جو سب چھوڑ کر — رکھتے ہیں وہ راہ اصلی پر نظر
اس وطن میں ہے تجھے جان اک سفر — جوں مسافر چاہیے کرنا گذر
دیکھکر اس راہ کی باغ و بہار — کر لیا تونے وطن ہی اختیار
شہر تن میں اس قدر تو آ پھنسا — اُس وطن کو کر دیا دل سے جدا
اس وطن میں ہی جو یہ خود ہی وطن — تو پڑا اک ٹک رہیگا خستہ تن
موڑ منھ اور تن سے جان کو شاد کر — اپنا تو اصلی وطن آباد کر
چھوڑ کر اصلی وطن اپنا بھلا — کوئی ویرانہ میں رہتا ہے پڑا

ہے یہ دنیا خانۂ ویران یار — اسکو ناداں ہی کرے ہے اختیار
ہے یہ ویرانہ سمجھ اور غور کر — الوؤں اور جغدوں کے رہنے کا گھر
ہے یہ جنت واسطے کفار کے — ظالم و فساق و بداطوار کے
اور مومن کو ہے زندان یہ جہان — عیش اور آرام زندان میں کہان
فکر کر ایسی کوئی اے بے خبر — تاکہ تو اس قید سے ہووے بدر
آشیانہ ہے ترا عرش برین — تو پڑا ہے قید مین اندر زمین
چھوڑ کرکے اپنا خانۂ زرنگار — اس نجاست پہ ہے تو مفتون یار
کیون خراب آباد مین ہے تو پڑا — دیکھ چل گلزار کی آب و ہوا
کب تلک اے شاہباز پر فتوح — تو رہے گا دور از اقلیم روح
حیف ہے صد حیف اے صاحب ہنر — ایسے ویرانے مین کھوئے بال و پر
کب تلک اے ہدہد شہر سبا — تو رہیگا اس سفر مین مبتلا
کرکے کوشش بند پا سے دور کر — اور اڑا تو آپ کو پھر عرش پر
کیون پڑا خاکی کنوئین مین پھر کے بل — گر تو یوسف ہے کنوئین سے آ نکل
تا عزیز مصر ربانی ہو تو — جسم سے چھوٹے تو روحانی ہو تو
اس نجاست پر سے ہو دیکھکر — ہو گیا مفتون تو اے خیرہ سر
ایک دانہ کے لیے اے زشت خو — جال مین تونے پھنسایا آپ کو
واسطے تصویر بیجان کے میان — آپ کو رسوا کیا اندر جہان
بھر رہے دل مین خیالات جہان — ذکر و فکر حق بھلا اسمین کہان
لوح دل سے سب خیالاتونکو دھو — جان سے اک یار پر مفتون ہو
یار ہرجائی نہ بن اے بیوفا — خالصا اک دلربا سے دل لگا
جب نہ تجکو ہو پسند ہرجائی یار — کیون نہ ہو بیزار اُس سے کردگار

۱۸

ایک سو ہو کر سن مجھ سے مثال | تا کہ ہو معلوم تجکو سب یہ حال

حکایت بسبیل تمثیل کے لکھی گئی

تھی اک عورت خوبصورت نازنین | سیم تن نازک بدن اور مہ جبین

زلف و رخسار و لب اُسکے رشک حور | جس کی الفت مین تھا اک عالم کا چور

ایک دن با ناز و با صد کر و فر | ایک کوچہ مین ہوا اُس کا گذر

اتفاقاً سوختہ دل اک جوان | دیکھ اُسکو ہو گیا عاشق بجان

اُس پری کا دیکھکر حُسن و جمال | ہو گیا وہ مثل تصویر خیال

اُڑ گئے سب ہوش اور صبر و قرار | ہو گیا کل محو اندر روی یار

اُس کو یون مجنون و شیدا دیکھکر | عشق کا اُسکے ہوا زن پر اثر

یون کہا زن نے اُسے ای سادہ رو | حال اپنے کو بیان کر مجھ سے تو

کیون کھڑا ہی کسکا تجکو دھیان ہے | کسلیے آئینہ سان حیران ہے

جا یہان سے دیکھ اپنا کام کر | کیون بلا مین پڑتا ہی اے خیرہ سر

اُس جوان نے یون کہا جان جہان | چھوڑ کر تجکو اب بھلا جاؤن کہان

عشق تیرا لے گیا اے مہر جان | ہوش و عقل و صبر و تاب و توان

عشق نے تیرے مجھے بیخود کیا | کام مجکو کچھ نہین اب تجھ سوا

یہ کہا زن نے اُسے اے بیخبر | ہے مری ہمشیر مجھ سے خوب تر

حسن مین بہتر ہے مجھ سے لاکھ بار | جیسے ہین شمس و قمر دونون نثار

دیکھ اُسے ہٹکر ذرا ای سادہ رو | آتی ہے پیچھے مرے وہ ماہ رو

سُن کے یہ اور چھوڑ کر اُسکو وہ خام | ہٹ کے پیچھے کو چلا چند ایک گام

جب لگا جانے تو زن نے دوڑ کر | دھول اک سر پر لگائی جلد تر

اک طمانچہ اُسکے مُنھ پر مار کر | یہ لگی کہنے اُسے اے خیرہ سر

ق

میری صورت پر اگر عاشق ہے تو ۔ اپنے اس دعوی مین جو صادق ہے تو
غیر پر کیون کی نظر میرے سوا ۔ ہے یہ دعوی عشق کا اے بے حیا
کرتا ہے دعوی تو میرے عشق کا ۔ غیر کو یون دل مین پھر دیتا ہے جا
کیا یہی ہو ہے وفاے عاشقان ۔ غیر پر مائل ہو ظاہر یا نہان
جو کہ ڈالے غیر پر اپنی نظر ۔ ہے حقیقت مین وہ مشرک سر بسر
عاشق حق ہو کے دیکھے غیر کو ۔ کعبہ مین چاہے بنانا دیر کو
رکھتا ہے دلبر تو داغ حب غیر ۔ اور چاہے کوچہ دلبر کی سیر
غیر کو نظرون سے تو اپنے نکال ۔ چشم دل سے دیکھ پھر حق کا جمال
دوسرا ہے کون یان حق کے سوا ۔ کس لیے احول بنا ہے بے حیا
جو سوا حق کے ہے ہے سب کو جلا ۔ ایک دلبر سے تو اپنا دل لگا
جز وجود مطلق اور ہستی پاک ۔ دھیان مین تیرے جو آوے سب ہے خاک

وہ

تو کہان اور مین کہان عالم کہان ۔ ہے یہ اک نور منزہ اے جوان
اول و آخر نہان و آشکار ۔ ایک ہے خورشید اور ذرے ہزار
ہے ہزارون آئینہ مین جلوہ گر ۔ ایک صورت جان لے اے بیخبر
ہے ہزارون آئینون مین اک جمال ۔ اس تکثر سے ہے حیران عقل حال
ہے کہان سے کثرت آئینہ جان ۔ ہین سب اسما و صفات اسکے دلا
اس سے زیادہ کہہ نہین سکتا ہون اب ۔ قید وحدت سے ہوے ہین بند لب
اس تشکر نے بند یون کو کر دیا ۔ گفتگو کی قید سے دل چھٹ گیا
تھا اس وحشت و وحشت سے چھوڑا ۔ یار کے کوچہ کا دے رستہ بتا
جام وحدت دے کے ساقی جلد تر ۔ ما سوا کی قید سے آزاد کر
تا کہ مین سب چھوڑ کر کے بند تن ۔ پھر درد عشق مین ہون غوطہ زن

اسمین بیان ہے بلاؤن اور محنتون کا حال جو عشق کی راہ مین ہین اگرچہ بھاری ہین لیکن سبک اور ہلکی ہین عاشقون کو بلکہ بڑی راحتین اور چین ہے اوپر عاشق ازادکے

ہین طریق عشق مین صدہا بلا
عشق کے رستہ مین لاکھون ہین الم
محنت و خواری و ذلت اور حذر
کھانا اور پینا نہ سونا ہے وہان
نے عزیز و نے قریب نے شفیق
ہوتے ہین ہمراہ عاشق کے مگر
لیک عاشق ماہران عشق ہین
عشق کے وہ آزمودہ کار ہین
جان بازی مین ہین پختہ پر نہ خام
توبھی اے آمداد اپنے سے نکل
خار و خس کو غیرت کی آگ دے
سُن یہ ہونے مین تری کب ہے برا
ڈھونڈھ مت اندر خودی کے بہتری
راہ مین فقر و فنا کے سہل ہے
رنج و غم ہوتا ہے فرحت اور خوشی
بکریون کا دیکھ گلہ جس طرح
بکریون کے پانوٗن کی گرد و غبار

مثل

اے دلِ غمگین جو غم مین مبتلا
آفت و درد و بلا و رنج و غم
انتظاری بیقراری درد سر
ہان مگر اک نالہ و آہ و فغان
نے کوئی غمخوار ان کا نے رفیق
آہ سرد و رنگ زرد و چشم تر
ہین وہ خوش ہر دم بلا و رنج مین
بادشاہ باطن ہین ظاہر خوار ہین
بو دسے اپنے ہین بےخود لا کلام
ہو کے بیخود تو جو دلبر کو چل
با فراغ دل تو تنہا راہ نے
مست ہو تو اسمین تجھے ہے فائدہ
بہتری ہے بیخودی مین ای اخی
جسم و جان کو تیرے غم گھیرے ہے
جب کہ حاصل ہووے مقصود دلی
بھیڑیا ہوتا ہے خوش اور با فرح
بھیڑیے کی آنکھ مین باغ و بہار

ہے اسی صورت سے حال عاشقان — سو بلا و درد و غم مین بیگمان
ان کو حاصل یان جمال یار ہے — گرچہ تن ان کا مثال خار ہے
عشق کی رہ مین ہے کب آسودگی — سر بسر ہے درد و غم آلودگی
ق
عیش و عشرت جب تلک چھوڑے نہ تو — غیر حق سے اور منھ موڑے نہ تو
ہو نہ جب تک تجھے یہ آسایش حرام — رکھ سکے کب عشق کے رستہ مین گام
کب بھلا حاصل تجھے ہو راہِ عشق — مبتلا ہے تو تو اندر جور و فسق
غیرِ ناکامی کے اس جا کام نے — عشق کی رہ ہے رہِ حمام نے
توشہ ہے اس راہ مین تقوی ترا — نان و حلوا طاق مین رکھ اے فتا
نان و حلوا کیا ہے تیرا جاہ و مال — باغ و راغ و حشمت و اقبال احال
نان و حلوا کیا ہے یہ فرزند و زن — تیری گردن مین پڑے جون طوق بن
نان و حلوا کیا ہے فکر نام و ننگ — جس کی خاطر ہے یہ ساری صلح و جنگ
نان و حلوا کیا ہے یہ باغ و بہار — مسند و تکیہ و خانہ زرنگار
نان و حلوا کیا ہے یہ طول امل — اور فریب نفس و علم بے عمل
نان و حلوا کیا ہے سن اے بد قماش — یہ سعی تیری ہے از بہر معاش
واسطے دنیاے دون کے ہوشیار — زیر منت ہو گا کس کس کے تو یار
بے بقا کے واسطے اے خود پسند — ہو گا کس کس کا تو یان احسانمند
عیش اور آرام تیرا اے جوان — لے گیا یک لخت یہ حلوا و نان
تجھکو یہ صبر و توکل سے چھڑا — دربدر رسوا پھراتا ہے سدا
دھو دیا لوح توکل سے سبھی — نام تیرا جان لے مردِ غبی
گوشۂ صبر و توکل چھوڑ کر — کیون پھرے سر مارتا ادھر ادھر
کان مین تیرے پڑا بھی ہے لئیم — حرف اَلرِّزقُ عَلیٰ رَبٍّ کَرِیم

۱۵۷

یعنی ہے رزاق وہ پروردگار
رزق سب کو دے ہے وہ لیل و نہار
رزق دے ہے وہ تجھے شام و سحر
پھر پھرے ہے کسلیے تو دربدر
جا قناعت پیشہ کر اے بے خبر
صبر کے گوشہ میں اب تو بیٹھکر
ٹکر کے کُتے ہی کو جا مرشد بنا
تا کہ دے تجکو دکھا راہِ ہدا

اس میں بیان اُس عابد کا ہے کہ دنیا کو ترک کرکے پہاڑ کے غار میں بیٹھا تھا اور آزمانا اللہ تعالی کا اسکو امتحاناً اور نصیحت لینی اُسکو ایک کُتے سے

کوہ لبنان میں تھا اک عابد مقیم
غار میں جس طرح اصحاب الرقیم
چھوڑکر ظاہر کی ساری چق و بق
غار میں بیٹھا کرے تھا یادِ حق
دن کو رہتا تھا ہمیشہ روزہ دار
رات کو کرتا عبادت بیشمار
قدرتِ حق سے اُسے اک وقت پر
نان و حلوا پہنچتا اسے نامور
آدھا اُس سے رات کو کھاتا تھا وہ
اور سحر وہ نوش کرتا نصف وہ
الغرض وہ رات دن مرد خدا
یاد میں اللہ کی مشغول تھا
یون بسر اوقات کرتا تھا گدا
فکر کھانے پینے کا اسکو نہ تھا
نان و حلوا دیتا تھا اُس کو خدا
بے مشقت اور بے محنت سدا
آخرش اک روز بہرِ امتحان
ہو گیا موقوف وہ حلوا و نان
انتظاری کی نہ آیا پر طعام
وہ ہوا زار و نحیف اے نیکنام
جب نہ آیا شام سے لے تا سحر
سیکڑون آنے لگے دل میں خطر
بھول سب جاتا رہا صوم و صلوٰۃ
فکر کھانے میں رہا وہ ساری رات
اور نہ کی اُسنے عبادت کچھ ادا
اور نہ سویا رات کو وہ مطلقا
الغرض کی رات تو جیون تون بسر
ہو گیا اتنے میں ہنگام سحر

آخرش اُٹھ کر وہ باصد اضطراب — غار سے باہر نکل آیا شتاب
کوہ پر ہو کر کھڑا وہ بے خطر — اور لگا پھر دیکھنے ادھر اُدھر
جب کہ چاروں طرف کی اُسنے نظر — دور سے قریہ اُسے آیا نظر
کوہ سے نیچے اُتر کر وہ اخی — گانوں کے اندر گیا باصد خوشی
سُن تو اُس قریہ میں رہتے تھے تمام — گبر اور قوم نصاریٰ کا کلام
عابد اک کافر کے در پر ہو کھڑا — یہ کہا کچھ دو مجھے بہرِ خدا
گبر نے دو روٹی اُس عابد کو دی — لیکے اُس کو وہ چلا باصد خوشی
اور کیا عابد نے پھر قصدِ مکان — تا کرے افطارِ روزہ اُس سے وان
گانوں سے باہر نکل کر وہ جوان — غار کی جانب ہوا جس دم روان
ایک کتّا گبر کے دروازے پر — رہتا تھا مدت سے لے نیکو سیر
بھوک کے مارے یہ تھا احوالِ سگ — رہ گئے تھے استخوان اور پوست رگ
گرچہ آگے اُسکے کوئی جو بھی — کھینچتا گر گر کے وہ ہر بار بھی
تو وہ کتّا روٹی اس کو جان کر — جان دیتا تھا وہ اُس پے خطر
جو زبان پر آتا تھا لفظِ خبز — وہ سمجھ کر خبز دیتا اُسپہ سر
کتّا بو پا کر کے عابد کی ذرا — دوڑ کر جھٹ اُسکے وہ پیچھے پڑا
جب لگا عابد کو پہنچانے ضرر — ایک روٹی خوف سے دی جلد تر
ایک روٹی پھینک دی تھی اُسنے جب — لیکے اُسکو دوڑا وہ مردِ نکو
کتّا جب اس سے فراغت پا چکا — دوڑ کر عابد کا پھر پیچھا لیا
دوسری روٹی جو اُسکے پاس تھی — تنگ ہو کر اُسنے وہ بھی ڈالدی
دے کے اُس کو پھر ہوا عابد روان — اُسکی ایذا سے کہ تا پاوے امان
دوسری روٹی بھی جب وہ کھا چکا — جھڑ جھڑا کر کان پھر پیچھے پڑا

۱۵۹

پیچھے اُسکے مثل سایہ وہ چلا
ہو گئے عاجز اُس سے عابد نے کہا
تیرے مالک نے دو روٹی کے سوا
سو وہ دو تو ن تجکو اب مین دے چکا
اور کیا چاہے ہی مجھ سے ای پلید
قدرتِ حق سے وہ کُتّا ناگہان
یہ لگا کہنے کہ اے مرد خدا
بچپنے سے اب تلک ای نامور
گھر کا اُسکے بن رہا ہون نگہبان
گاہ تو دیتا ہے مجکو پارہ نان
اور گاہے بھول جاتا ہے مجھے
گذرے ہین مجھپر بہت شام و سحر
گاہ ہوتا ہے کہ پیر کبیر کو
ہفتہ ہفتہ گذرے ہین یہ ناتوان
پرورش پائی جو مین اُس در او پر
گرچہ صد ہا رنج اب سہتا ہون مین
اُسکی نعمت کا کبھی کرتا ہون شکر
کھیلتا ہون عشق کی بازی سدا
الغرض یہ عاصی اُسکے در سوا
اور نجھے جو ایک دن ای نوجوان
پس بنا ے صبر مین آئی شکست
بھونکتا اور کپڑے اُسکے پھاڑتا
مین نہین دیکھا ہے تجھ سا بیحیا
کچھ نہین مجکو دیا اے بے حیا
پھر کیون ہے گرد تو مجکو بتا
کیا حیا تجکو نہین ہے ای فرید
گفتگو کرنے لگا جون مردمان
غور کر ٹک مین نہین ہون بیحیا
رہتا ہون اُس گھر کے دروازے اوپر
بکریون کا اُسکے ہون مین پاسبان
اور گاہے دے ہے مشت استخوان
کچھ نہین اُسدن کھلاتا ہی مجھے
روٹی ہڈی کچھ نہین آتی نظر
نے میسر آپ کو نے مجکو ہو
خشک ٹکڑے کا نپایا کچھ نشان
اور کے در پر نہین کرتا گذر
در پر اُسکے پڑا رہتا ہون مین
صبر سے رہتا ہو گاہے مجکو شکر
ساتھ اُسکے ہین بصد رنج و عنا
اور کے در کو نہین پہچانتا
نے ملا قند ہے نے حلوا و نان
خیر کے در پر گیا اے خود پرست

اپنے اس رزّاق کا در چھوڑ کر — گبر کے در پہ تو آیا دوڑ کر

کچھ نہ کی رزّاق پہ اپنے نظر — مانگنے آیا تو اک کافر کے گھر

واسطے روٹی کے اپنے دوست کو — چھوڑ کر آیا تو یاں اے نیک خو

اور دشمن اسکے سے کی دوستی — کچھ حیا تجھکو نہ آئی اے اخی

اب ذرا منصف ہو اے مرد خدا — بے حیا تو ہے کہ یا میں ہوں بتا

سن کے یہ عابد گرا بیہوش ہو — پیٹ کر سر ہو گیا بے ہوش وہ

اے سگ ملعون تو سر اپا دو کی — نصیحت گبر کے کہنے نے کی

صبر کا در بھی اگر تجھ پہ کھلے — گبر کے کہنے سے کہہ کر توبہ

ساتھ میری خبر لے جلد آ — نفس او شیطان کے ہاتھ سے بچا

نفس و شیطان نے کیا تجھکو آ — ہو کہیں ہر خدا تو دستگیر

۱۶ اس میں مذمت ریاکاروں اور مکاروں کی کہ بڑا لشکر شیطان کا ہے

کیا سبب ہے دنیا جہاں اے مرد غبی — واسطے زر کے بنے تو متقی

شانہ و مسواک تسبیح و ریا — جبہ و دستار و قلب بے صفا

زہد کا دعوی ہو تجکو بے شمار — جاہ و عزت کے لیے اے نابکار

ہے بنا تقوی کی صورت بے نظیر — تا کریں تعظیم سب شاہ و وزیر

ہے گمان سبکو کہ ایسے مکر سے — سارے عالم کو مطیع اپنا کرے

ہے توقع سبکو اے مرد غبی — تا کہ اس جھوٹی فقیری سے تری

ق

معتقد ہو کر کے سب اہل جہان — لائیں نذریں پاس تیرے بیگمان

یہ نہیں معلوم تجکو اے عزیز — ہیں جہان میں سیکڑوں اہل تمیز

ہیں بہت عالم میں عاقل نکتہ دان — جانتے ہیں سب کی خوبی و زیان

جو کرتا ہے فریب و مکر تو — اس سے وہ واقف ہیں بیشک ہو بہو

پر یقین ہے تجکو اب بیشک یہی | حلال سے میرے نہیں واقف کوئی
اپنی خودبینی سے تو ہے مارتا | لافِ تقویٰ اور عدالت کی سدا
فکر میں ہر دم ہے تو اس بات کی | جسکے باعث کی عزت اور دولت ملی
کار تیرا سربسر لیل و نہار | کرتا ہے تحصیل جاہ و اعتبار
واسطے زر کے بنے اے نابکار | متقی و عاقل و پرہیزگار
نان و حلوے کیلیے تو نے لعین | کھو دیا ہے ہاتھ سے اسلام و دین
جاہ و عزت کے لیے اے بیخبر | دین و ایمان سے پڑا تو دور تر
دین دیا تو نے لیا نانِ حرام | مکر و حیلہ ہے تیری شیخی حرام
مال کھاتا شاہوں کا با مکر و شید | چھوڑے غیبت سے نہ تیری عمرو و زید
لے فریب و مکر سے شاہوں کا مال | ہر طرح سے چپکے سمجھے حلال
پھر یہ تقویٰ اور عدالت با وجود | ایسے مضمون سے کہ ہوتا کم ہے جود
ہے ہمیشہ برقرار اور پائدار | یہ عدالت اور تقویٰ نابکار
سنگ و آہن سے بھی یہ مضبوط ہے | جو نہیں نقصان کسی شے سے اسکو
کچھ نہیں نقصان فریب و مکر سے | اس عدالت اور تقویٰ کو ترے
نے خلل اس کو کسی شے سے عزیز | جوں وضوئے حکیم بی بی تمیز

حکایت تمثیل

حال اُس عورت کا سُن تک اے عزیز | جو کہ تو رکھتا ہے کچھ عقل و تمیز
شہر تبریز میں تھی سن اک بیوہ زن | کہنہ رند و حیلہ ساز و پُر ز فن
نام اُس عورت کا تھا اے ہوشیار | کہتے ہیں بی بی تمیزہ ہوشیار
بس عبادت سے اُسے لیل و نہار | تھی سدا رغبت بہت اسکو بکار
صبح سے لیکر کے تا وقت عشا | با وضو رہتی تھی لے مرد خدا

شہد و شربت اور کو ہے پلا — آپ پیتا ہے پیالہ زہر کا
کرتا ہے اورون کو سیدھی راہ پہ — اور ہووے آپ گمرہ جان کر
بھیجتا ہے اور کو گلزار مین — آپ کو ڈالے ہے تہنا غار مین
ہے یہ سب اسواسطے ای پر خلل — لوگ جانین تا ترا علم و عمل
خوب سی سنجی جتائی کھول کر — مکر اندر مکر لکھا ہے ہنر
پر اصول و فرع تیرے اے اخی — محکم ان دُو سے نہین ہے ایک بھی
کچھ حیا بھی تجھکو آتی ہے بتا — حق تعالی اور پیمبر سے بھلا
جان اس رہ مین ترا کیا غول ہے — یہ ریائی درس نا معقول ہے
کرتا ہے جو تو ریا کا وعظ و درس — ہے یہی شیطان تیرا اور نفس
یہ ریا کا جو ترا ہے وعظ و پند — زہر ہے باطن مین اور ظاہر مین قند
ہوتی ہے جس درس مین وہی ریا — درس ہے کب ہے وہ اک قہر و بلا
چور ہے پوشیدہ دل مین یہ ریا — دولتِ ایمان کو ہے لوٹتا
خنجرِ لاحول سے اس چور کو — قتل جس نے کر دیا اے نیکخو
دولتِ ایمان کی اُسنے بچا — باخوشی جنت مین جا ڈیرا کیا
درس جو قربت نہ ہوا اس سے غرض — ہے نہین وہ درس لیکن ہے مرض
آپ کو جس نے اگر اس مرض سے — کر دیا آزاد جان اے نیک بے
اسپ و دولت کو وہ اپنے باہنر — ہے وہ دوڑاتا فرازِ عرش پر
سا قیا لے بہرِ حق میری خبر — نفس و شیطان نے کیا زیر و زبر
وقت ہے امداد کی امداد کا — کر کے امداد انکے پنجون سے چھڑا
تا کہ یہ جا کر گرے بے ردی و ریا — اُسکے قدمون پر کہ ہے سر کو فدا

اسمین مذمت اور برائی اُن لوگون کی ہے جو ہمیشہ اسباب دُنیا کا

۱۶

یون ہی تقوی اور عدالت تیرا یار — سو فریب و مکر سے ہے پائدار
ہے خدا کی مار ایسے شخص پر — بے حیا بے شرم جو ہو اسقدر
ساقیا آ حد سے گذرا انتظار — جام دے وہ جس سے ہو سینہ فگار
کرکے تا ناموس کے دامن کو چاک — آتش دل سے مین ڈالون سر پہ خاک

اس مین مذمت اُن درس کہنے والون کی ہے کہ مقصد اُنکا محض ظاہر کرنا فضل اور علم اور بزرگی اپنی کا اور دھوکا دینا ہے خلقت کو

کیا ہے دُنیا جان تو اے خود پسند — مکر و حیلہ کا ترے یہ وعظ و پند
درس تیرا اسلیے ہے صبح و شام — تا کہ ہو مشہور علم اور فضل تام
بہر اظہار فضیلت اور عمل — آپ کو ڈالے ہے تو اندر خلل
تو یہ کرتا اب جو وعظ و پند ہے — خلق مین مشہور ہونے کے لیے
علم و فضل اپنا جتانے کے لیے — سو خرابی اور بلا مین تو پڑے
ہر طرح اپنا جتا فضل و کمال — مرد و زن کے واسطے ڈالے ہے جال
تا کہ ہون تابع ترے کچھ عام مین — سو فریبون سے تو لایا دام مین
جاہل و نادان وے بے عقل و شعور — جال مین تیرے پڑے ہین پر غرور
معتقد تیرے ہوے ہین پر ضرور — کون شوخی کا نہین جن کو شعور
جاہلون مین بیٹھ کر بن بن سدا — علم و فضل اپنا جتایا خوب سا
خوب سی تقریر کو دے کرکے زیب — جاہلون ناواقفون کو دے فریب
دوسرے کو تو نصیحت ہے مدام — اور ہووے خود فضیحت لاکلام
راہ جنت کا بتاوے اور کو — آپ لے دوزخ کی رہ بے گفتگو
رہ بتاوے اور کو گلزار کی — اور لیوے آپ رستہ نار کی

۷

بعد عشا کے صبح تک سوتی بے شعور
ایک دم بھر مرد بن رہتی نہ تھی
آتا جو اُس بے حیا کے پاس یار
بے نماز شام سے تا بامداد
اور نہ خالی ہوتی تھی اُسکی دوات
جو کوئی لاتا مراد اپنی وہان
رنڈوا اور اوباش کے مقصود کو
اُسکی چکی شیخ کے مانند یار
اور اسی حالت مین پھر وہ نابکار
جس کسی کے نیچے سے اُٹھتی بنا
بے وضو بے غسل بے نیت سدا
اُس کے اوپر کھیتی تھی وہ [illegible]
ایسی بدذاتی سے پھر وہ بیحیا
ایکدن ایک رند نے اُس سے کہا
اس طرح کے کار سے تیرے مجھے
باوجود ایسی جنابت کے سدا
نیت اور آداب سے ہے مجکو وضو
یہ وضو تیرا اشنان اے شکوہ
بلکہ ہے [illegible]
ہے مثال ایسی ہی تھوہی کی یہ
جس طرح بی بی تمیزہ کا وضو

رات بھر کرتی زنا فسق و فجور
گرچہ بھر چوڑھا چمار ہووے کوئی
آگے اُسکے پڑتی تھی دامن پسار
نامرادون کو سدا دیتی مراد
ایک دم بھر بے قلم سے نکذات
جھٹ رقم کرتی وہ اسپر بیگمان
خوب برلاتی تھی وہ ای خوبرو
پھرتی ہی رہتی سدا لیل و نہار
کرتی تھی حق کی عبادت بیشمار
ہوتی تھی فی الحال مشغول نماز
خوب کرتی تھی رکوع سجدہ ادا
با وضو رہتی ہون مین آٹھون پہر
آپ کو کہتی تھی مین ہون پارسا
کیا کہون مجکو تعجب ہے بڑا
حیرت آتی ہے بہت اے نیک بے
خوب رہتا ہے وضو تیرا بجا
کر بیان کچھ حال اسکا مجھ سے تو
سنگ اور روئین سے بھی ہے مضبوط تر
جو کسی شے سے نہین اسکو گزند
ہر طرح کے کار سے قائم رہے
سنو جنابت سے نہ ٹوٹے تھا کبھو

۱۶۱

اکٹھا کرتے رہتے ہیں اور غافل ہیں حاصل کرنے اسباب عقبی کے سے

کیا ہے دنیا بھی اسباب جہان — آفت جان ہے ہر اک پیر و جوان
یہ کرے قرب خدا سے تجھکو دور — اور کرے راہ ہدا سے تجھکو دور
کر دیا فرزندان اسیر اپنا سر — ہو گیا تو راہ حق سے دور تر
کر دیا ہے تلخ شیر اپنا کام — اس طرح کے نان و حلوانے تمام
اور بھی اکثر ترا اے نیک خو — لے گیا ہے رونق اسلام کو
جلد اس اسباب کو لے پھر دو — بیخ دین سے تو اکھاڑ اور دور کر
اور اس دنیای دون پر خاک ڈال — آپ کو بار گران سے تو نکال
سعی تیری ہے یہ اے صاحب ہنر — واسطے دنیائے دون کے سربسر
سعی کچھ جانی نہ عقبی کی ہے کیا — سعی دنیا میں رہا تو مبتلا
اس کی رہ میں ہو نہ کاہل اے شقی — اس کی رہ میں گند فہمی احمقی
پیچھے اسکے دوڑے ہے از جان و دل — اسکے پیچھے جاسکے جیسے خر بگل
باوجود اس سعی و محنت کے ذرا — جو کہ چاہے تھا نہ وہ حاصل ہوا
سعی دنیا میں رہا تو عمر بھر — کیا ہوا حاصل بتا جز درد سر
سعی عقبی کی جو تو کرتا میان — کار دنیا کا بھی بر آتا میان
کار عقبی کا جو کرتا بند و بست — کار دنیا کے بھی سب ہوتے درست
اس لیے فرماتے ہیں خیر البشر — جو کوئی دنیای دون کو ترک کر
ہوتا ہے جمعیت با خضوع و خشوع — لیے اس اللہ کی جانب رجوع
کار اسکے دنیا و دین کے تمام — ہوتے ہیں آسان سب اے نیکنام
اسکے اوپر یاد آئی اک مثال — کان دھر کر سن اسے اے خوشخصال

اس میں بیان ہے کہ اختیار کرنا کار آخرت کا اوپر کار دنیا کے بہتر ہے

تھا کوئی اک مرد صالح نوجوان — کرتا تھا کھیتی کا پیشہ اے میان
پاس اسکے کہتے ہیں تھا اک شتر — بھاگنے کی اس کو عادت تھی مگر
اتفاقاً دن جو آیا جمعہ کا — اونٹ اسکا بھاگ جنگل کو گیا
اور آدھے دن جمعہ کا اسلیے — تھا کہ پانی زرع کو دے تہ سے
مرد حیران ہوکے بولا اے خدا — پانی دینے کا بھی یہ وقت ہے مرا
گر میں دوں کھیتی کو پانی اب یہان — اونٹ اپنے کو میں پھر پاؤن کہان
اور نماز جمعہ بھی دون ہاتھ سے — ہون خرابی میں پڑا اس بات سے
گر نہ دون کھیتی کو پانی اس زمان — ہوتی ہے بالکل خراب اے مہربان
جو میں ڈھونڈون اونٹ کو جنگل میں جا — بس نماز اور زرع دونون کھو چکا
اس تردد سے وہ مرد خوش لقا — ہر طرح کے رنج میں تھا مبتلا
آخرش بولا تامل کرکے وہ — چل نماز جمعہ کو جو ہو سو ہو
کیونکہ اس دولت کو ہے بیشک بقا — اور سوا اسکے ہے سب شے کو فنا
یعنی کار دین کو ہووے بقا — اور کار دنیوی کو ہے فنا
جو کہ فانی سے لگاوے دل عزیز — اس سے زیادہ کون ہے بس بے تمیز
کہتے ہین حضرت محمد مصطفیٰ — حج مسکینون کا ہے دن جمعہ کا
جا غرض تکبیر مسجد اسنے کی — اجر قربانی کا پایا اونٹ کی
جاکے مسجد میں ہوا مشغول ذکر — اور بھلائی دل سے سب دنیا کی فکر
باخضوع دل بصد عجز و نیاز — سامنے حق کے پڑھی اسنے نماز
ہوکے فارغ جب کہ آیا اپنے گھر — دیکھتا کیا ہے کہ وہ اسکا شتر
ہے کھڑا اپنے مکان پر اے میان — عاجز و مسکین غریب و ناتوان

اپنی بی بی سے یہ پوچھا اُسنے جا
یہ کہا عورت نے اُسکی ای میان
ہوگئے گرد اسکے قوی سا بھیڑیا
شکر حق کرنے لگا وہ نیک خو
اب مین جاکر سینچتا ہون کھیت کو
کل نہ آوے ہاتھ مین تیرے اگر
آخرش اُٹھکر وہ مرد نوجوان
جا کے دیکھا کھیت کو جو غور کر
خود بخود اُس نہر سے بس بیگمان
ہوگئے حیران مرد بولا اے خدا
ہے نہ ہمسایہ مرا ایسا بھلا
پوچھا آخر اُس نے ہمسایون سے جا
بولے سب ہے یہ عجب اک ماجرا
سینچتے تھے ہم تو اپنے کھیت کو
روکتے تھے ہر طرح سے ہم اگر
ہوگئے ناچار جب ای باادب
حکم حق سے کھیت مین تیرے سیات
ہوگئے شادان اور خرم وہ جوان
جو کوئی دنیاے دون کو ترک کر
آپ خود آکر یہ دنیاے قلیل
دین کو دل سے کرے جو اختیار

کس طرح یہ اونٹ آیا ہے بتا
اک درندہ اسکو لایا ہے یہان
مار کر یان تک اسے پہونچا گیا
یہ کہ رب لایا ہے میرے اونٹ کو
اپنے اُس معمول پر جتنا کہ ہو
جز کو تو مت چھوڑ پر سارے بھر دو
کھیت کی جانب ہوا اپنے روان
پایا سب سرسبز اور خوش تازہ تر
اُسکی ہر کیاری مین ہے پانی روان
کھیت یہ سیراب کیونکر ہوگیا
کھیت مین پانی بھرے دیتا جو آ
کھیت مین پانی بھرے کسنے دیا
خود بخود پانی ادھر کو ہولیا
پر یہ پانی جاتا تیرے کھیت کو
پر یہ تیرے کھیت مین کرتا گذر
چھوڑ کر آخر گئے ہم بیٹھ سب
ہر کیاری مین ہوا پانی روان
شکر حق کرنے لگا بس بیکران
باندھے حق کی عبادت مین کمر
پاؤن مین اُسکے پڑے ہوکر ذلیل
خود بخود دنیا ہوا اُس پر نثار

اور جو حق کو چھوڑ دنیا میں پڑے — دین و دنیا سے خراب اپنی کرے
جس نے کی دنیا مقدم دین پہ — وہ ہوا خوار و تباہ خستہ جگر
ہو گیا اُس شخص پر قہر خدا — جو ہوا دنیاے دون میں مبتلا
ہو نہ حاصل دین اور دنیاے دون — قہر و رنج میں پڑے جا سرنگون
ساقیا وہ جام دے اب تو نہو — عیش دنیا جس سے مجھپر سرد ہو
چھوڑ کر دنیاے دون کو سربسر — حکم پر دلدار کے باندھوں کمر

سوال کرنا کسی اہل کا ایک امیر سے کہ کسقدر سعی اُس امیر نے کی بیچ حاصل کرنے اسباب دنیا کے اور تنبیہ کرنا اور ڈانٹنا اسکا اوپر حاصل کرنے سامان آخرت کے

ایک عارف نے کہ تھا صاحب کمال — ایک منعم سے کیا اُس نے سوال
یہ کہ دل تیرا ہے ہر شام و سحر — در پے مال و منال اے نامور
سعی تیری بہر دنیاے دنی — کسقدر ہے کہہ تو اے مرد غنی
یون کہا اُسنے کہ بے حد و شمار — کار میرا ہے یہی لیل و نہار
یہ کہا عارف نے اُس کو تو بھلا — رہتا ہے اسکی تک و دو میں سدا
کیا ہوا حاصل تجھے میرے خلیل — یہ کہا اُسنے کہ کچھ قدر قلیل
یہ جو ہے مقصود اے روشن ضمیر — پر نہ آیا اُس سے کچھ عشر عشیر
یہ کہا عارف نے اسکو یہ جواب — فکر میں تحصیل کے ہر روز و شب
رنج و غم میں تو عبث اسکے میان — عمر کو کرتا ہے اپنی رائگان
قبلہ اپنا شغل کو اس کے کیا — عمر اپنی اسپہ کی تو نے فدا
جانتا ہے وہ جو کچھ تو اُسکو تھا — اس سے کچھ حاصل نہین تجکو ہوا

مدعا دل کا ترے اس سے کہین — کچھ نہین حاصل ہوا ای نیک دین

ہے بھلا دنیا بھی پر عقبے کا گھر — سعی کچھ اس کی نہ کی تو نے مگر

اس سے کچھ حاصل تجھے کیونکر ہو جان — مین نہین کہتا تو کہہ اے نکتہ دان

یعنی اس دنیا سے دون سے اب تجھے — دار عقبیٰ ہووے حاصل کب تجھے

مرد وہ ہین جو کہ دنیا چھوڑ کر — باندھتے ہین راہ عقبیٰ مین کمر

اور تو پھر گاو نفس بے حیا — کرتا ہے ہر دم نماز اپنی قضا

یاد حق کو تو نماز فرض جان — اس سے رہتا ہے تو غافل ہر زمان

اس جہان فانی مین تو فانی ہوا — راہ عقبیٰ کو دیا دل سے بھلا

واسطے عقبیٰ کے تو اے [illegible] — چھوڑتا مردار دنیا کو اگر

خود بخود یہ زال دنیا ہو ذلیل — پاؤن مین پڑتی ترے با قال و قیل

اسمین یہ بیان ہے کہ جو شخص دنیا کو چھوڑتے اور ترک کرتے ہین دنیا انکے پیچھے دوڑتی ہے اور جو لوگ دنیا کے درپے ہوتے ہین دنیا انسے بھاگتی ہے حکایت

ایک صاحب دل ولی باعز و جاہ — با خوشی بیٹھا تھا اندر خانقاہ

اور گرد اسکے مرید اور طالبین — جمع بیٹھے تھے بصد صدق و یقین

ناگہان سہ جانور اک طرف سے — سامنے گزرے کے اڑتے ہوے

ایک سے تھا ایک پیچھے بھاگتا — اور اسکی جستجو مین دوسرا

ان مین آگے تھا کبوتر [illegible] ان — سب سے عاجز اور حقیر و ناتوان

اسکے پیچھے مرغ زرین بال و پر — اوڑتا جاتا تھا وہ با صد کر و فر

اور پیچھے مرغ زرین کے اوڑا — جاتا تھا بد بخت کوا جون ہوا

کرتا تھا ایسی ہر اک کوشش ولے
دیکھ یہ بولے مرید ای شاہ دین
کیون کبوتر کے ہے پیچھے مرغ یون
ہے کبوتر کا مطیع کیون مرغ یون
جنسہاے مختلف ہین ہے یہ کیا
جنس کا طالب ہے اپنے ہر کوئی
جنس جانب جنس کے رکھتی ہے میل
ہوتا ہے مومن کا مومن آشنا
صالحون کے ساتھ ہو وین صالحان
زاغ ہمرہ زاغ کے ہو کر اڑین
انبیا اس واسطے پیدا ہوے
آدمی تا ملکے اپنے جنس سے
جنس سے ہو جنس اپنی کامیاب
انبیا ہوتے فرشتون سے اگر
کب بھلا انسان ہو کر بے حجاب
اک خلافِ جنس سے ہون تو حجاب
فائدہ ہم جنس سے ہو جسقدر
روح جو آئی ہے ملکِ امر سے
جسم ملکِ خلق سے پیدا ہوا
نفس کی پیدایش ان دو سے ہوئی
جو کرے یہ میل جانب خاک کی

ہاتھ آتا تھا نہ اک بھی ایک کے
ماجرا ایسا کبھی دیکھا نہین
اور پیچھے مرغ کے کوا ہے کیون
زاغ باغی مرغ کا تابع ہے کیون
ایک کا تابع ہوا جو دوسرا
جنس سے ہے جنس کو میل اے اخی
ساتھ دن کے دن ہے اور ہے شب کے لیل
اور کافر پر ہو کافر مبتلا
ساتھ بدکارون کے ہون بدکاریان
بلبلون کے ساتھ بلبل خوش رہین
جنس سے انسان کے ہو نیک بخت
بے تکلف راہ حق کی سیکھ لے
فیض ہو ہم جنس سے سب کو شتاب
کب پکڑ لے اسنے انسیت بشر
راہ حق لیتے فرشتون سے شتاب
اور ہون ہمجنس سے اک فتحیاب
غیر جنسیت سے ہو اتنا ضرر
زہد و طاعت سے ہے راغب اسلیے
خواب و خور مین اسلیے ہے مبتلا
حق نے جو دونون کی آمین جمع کی
نفس امارہ وہ بنے ہے اس گھڑی

اور کرے جو روح کی جانب گذر
نفس لوامہ بنے اسوقت پر

میل ملکِ امر کا جب اس مین ہو
آوے لوامہ کی جانب چھوڑ وہ

جو بہت کوشش سے لاہوتی کو جا
ملہمہ کی طرف پھر یہ کہتا ہے پا

بعدِ تہذیب اور کمال اجتہاد
مطمئنہ ہووے وہ اہل وداد

اس سخن کی کب ہے آمد او انتہا
ماجرا ان طائرون کا پھر سُنا

جواب دینا اُس صوفی کا مریدون کو واسطے تسکین اور دلجمعی کے اور بیان کرنا حال طائرون کا کہ ایک کے پیچھے دوسرا اُڑتا تھا

مرد صوفی کو ندا آئی نہان
یہ مریدون نے تو اپنے کر بیان

جو اُڑے جاتے ہین یہ تینون جانور
ہے مثال ان کی سمجھ اور غور کر

بھاگتے ہین ایک جو دُنیا سے وہ
دوسرے طالب ہین اسکے بالضرور

یہ مثال ان کی ہین تینون جانور
ایک سے اک بھاگتا ہے دور تر

طالب و تارک ہین جو دنیا کے اب
ایک کو ہے دوسرا کرتا طلب

بھاگتا ہے یہ کبوتر پے بہ پے
مرغ زرین کے قریب و مکر سے

اور درپے مرغ زرین اسکے ہے
تاکہ اس پر آپ کو قربان کرے

لیک ہرگز یہ کبوتر تا نہین
ہاتھ آتا مرغ زرین کے نہین

اور پیچھے مرغ زرین کے اُڑا
حرص سے جاتا ہے کوا بے حیا

پر نہ ہاتھ آتا ہے اک کے دوسرا
گرچہ کوشش کرتے ہین بے انتہا

جان عارف ہے کبوتر کی مثال
جاتا ہے حق کی طرف بے قیل و قال

اور زرین مرغ تو دنیا کو جان
دوڑے ہے عارف کے پیچھے بیگمان

زاغ یعنے اہل دُنیا حرص سے
چون زغن مردار دنیا پر پڑے

کر تو دنیا دار کو کوا شمار
ہوتا ہے مردار دنیا پر نثار

اہل دنیا واسطے دنیا کے یار
دوڑتا ہے ہر طرف ہو بے قرار

لیک وہ مکارہ اُنسے بھاگ کے
مرد حقانی کے جاتی پیچھے پڑے

بھاگتا ہے مرد حقانی مگر
مکر سے اس بے حیا کے خوف کر

دوڑتی ہے اُسکے پیچھے یہ سدا
بھاگتا ہی اس سے وہ مرد خدا

ہے یہی دُنیا کا یارو ماجرا
بھاگے ہی جو اس سے یہ اُس پاس جا

اور جو اسکو طلب کرتے ہین یان
بھاگتی ہو اس سے یہ کوئی یہان

تمثیل

اور سن اسیر تو مجھ سے اک مثال
نیک لوگون کا ہوتا معلوم حال

ایک دن ہارون رشید بادشاہ
تخت پر بیٹھا تھا با صد عز و جاہ

اور گرد اُسکے بکثرت لا کلام
تھے کھڑے آداب سے لونڈی غلام

مہربان اُن پر جو کچھ سلطان ہوا
حکم یہ مختار کارون کو دیا

جو کہ توشہ خانہ مین موجود ہو
سامنے لا کر دھرین ہر ایک شئ

سنتے ہی مختار کارون نے جھبی
پیش شہ ہر ایک نعمت لا دھری

حکم پھر لونڈی غلامون کو دیا
شہ نے کین یہ نعمتین تم کو عطا

جس کو اس نعمت سے جو مطلوب ہو
لے اُٹھا اس مین سے وہ بے گفتگو

سنتے ہی اس بات کے لونڈی غلام
گر پڑے ایک ایک ہر نعمت پہ تمام

کچھ کسی نے اور کسی نے کچھ لیا
ہاتھ اک لونڈی نے شہ پر رکھدیا

ہو خفا باندی سے یون شہ نے کہا
رکھدیا کیون ہاتھ مجھپر اب بتا

عرض کی لونڈی نے جب اے شہ کہو
صاحب ان نعمات کا موجود ہو

اُس کی کمبختی سے کیا پھر جو شہا
چھوڑ صاحب کو پڑے نعمت پہ جا

بادشاہ سنتے ہی جھٹ اس بات کے
اُسپہ عاشق ہو گیا دل جان سے

اور کہا شہ نے اُسے اے بادب | کر دیا آزاد تجکو مین نے اب
اور یہ سب نعماے اور باندی غلام | کر دیے تجکو عطا اے نیکنام
اسطرحسے جو کوئی حق کے لیے | دل سے سب نعماے دنیا چھوڑدے
چھوڑ کر نعماے دنیا سربسر | دل لگاوے اپنے حق سے پیشتر
حق تعالی ہوکے خوش اس شخص سے | آخرت کی نعمتین سب اسکو دے
تو بھی اے آمادہ بہر ذو الجلال | دو جہان کی نعمتو پر خاک ڈال
ماسوا پر ہو نہ ہرگز مبتلا | خالصاً للہ حق سے دل لگا

اسمین مذمت اور برائی اُن لوگونکی ہے کہ فخر کرتے ہین ساتھ مصاحبت بادشاہونکے اور دعوی رکھتے ہین شامل ہونیکا بیچ اہل سلوک کے اور جمع ہونا دو ضدونکا محال ہے

کیا ہے دنیا جان تو اے بہرہ ور | قرب سلطان ہے تو کر اس سے حذر
ہوش سر سے بھی ہے اور دل سے سرور | قرب سلطان اس سے رہ تو دور دور
ہے سعادتمند وہ ہی اے فتا | آپ کو جسنے لیا اُس سے بچا
قربت سلطان سے بچ کر بچ سکے | کیونکہ یہ تیرا وبال جان ہے
اور رہے ایمان کا بھی اسمین ضرر | ہوسکے جتنا تو کر اس سے حذر
اسکے اوپر کہتا ہون اک داستان | کان دل سے تم سنو اے مہربان
نیک لوگون کا طریقہ ہے یہی | جو بیان کرتا ہون تجھ سے اے غنی

داستان

ایک تھا درویش بس روشن ضمیر | راہ حق مین جسنے کامل بے نظیر
چھوڑ کر دنیا کے سارے کاروبار | کرلیا تھا اسنے گوشہ اختیار
خلق سے ہو کر جدا جنگل مین جا | کرتا تھا تنہائی مین یاد خدا

بیٹھکر اک غار مین تنہا سدا — ذکرِ حق مین ہر گھڑی مشغول تھا

باہر آتا تھا نہ وہ اُس غار کے — پر کبھی حاجت ضروری کیلیے

بعد ہفتہ کے جو ہوتی اشتہا — کھاتا تھا برگِ شجر وہ پارسا

ایک مدت ہو گئی اُسکو بسر — ذکرِ حق کرتے ہوئے اس طرح پر

تھی اُس عارف پر عنایاتِ خدا — واصلِ مولی وہ رہتا تھا سدا

چھوڑے اس عالم کو جو حق کیلیے — بے شبہہ وہ اپنے دلبر سے ملے

جہد و کوشش شرط ہے پر اے پسر — راہ مین دلدار کے شام و سحر

ہے بہت باریک راہ دلربا — چل سکے بے راہبر کے کب بھلا

ہینگی اس رہ مین بہت سی گھاٹیان — طے ہو کب بے راہبر کے اے فلان

کہتے ہین حضرت محمدؐ اس لیے — راہبر لے ساتھ پھر تو راہ لے

راہبر لے تا تو سیدھی راہ جا — گھاٹیون مین ورنہ ہوگا مبتلا

انبیا ہین راہبر اس راہ کے — اُنکے دامن کو پکڑ اور راہ لے

عمر بھر گرچہ کرے روزہ نماز — بے مدد مرشد کے کب ہو سرّ باز

سرِّ باطن کب ترے دل پر کھلے — تو عبادت گرچہ کیسی ہی کرے

گرچہ کی تو نے عبادت سالہا — لیک بے مرشد تو ویسا ہی رہا

جو کہ تھی حرص و ہوا دل مین بھری — اس عبادت سے نہ وہ کچھ کم ہوئی

جو بجا حرص و ہوا دل سے ترے — اُس عبادت کو ترے پھر کیا کرے

کہتا ہے حق دیکھ دیدہ کرکے باز — منع کرتی ہے گناہون سے نماز

عادتی ہے یہ تری روزہ نماز — سرِّ باطن اس سے کب تجھپر ہو باز

پیروی کر جان سے مرشد کی تو — تا کہ کردے تجکو سیدھی راہ کو

ورنہ اس رہ مین تو بے مرشد سدا — ٹھوکرین کھاتا پھرے گا جا بجا

رہینگا

۱۷۱

سوچ تو دل مین ذرا ای نیک پے / بے کمان کے تیر کیونکر چل سکے
تیر دیکھا ہے کوئی بھی ایسا / بے کمان کے جا نشانے پر لگا
کس نے پایا ہے صراط المستقیم / بے مدد مرشد کے بتلا اے کریم
انتہا رکھتا نہین ہے یہ سخن / حال اُس درویش کا اب مجھ سے سن

آنا دنیا کا ایک عورت نازنین کی صورت مین آگے مرد عارف کے

درمیان اُس غار کے وہ پارسا / ذکر و فکر حق مین رہتا تھا سدا
ناگہان اک روز ای فرخندہ فال / ایک عورت صاحب حسن و جمال
با ہزاران خوبی و زیبندگی / آگئی خدمت مین اُس درویش کی
دست بستہ با ادب ہو کر کھڑی / عرض خدمت مین یہی درویش کی
جو کرو ارشاد قبول حضرت مجھے / کیا کرون کے کرم سے دور ہے
تیری خدمت مین رہونگی مین مدام / جو کہ فرماؤ بجا لاؤن تمام
دیکھکر درویش نے اُسکے تئین / کر لیا معلوم باطن سے وہین
ہے یہ دنیا بدگہر اور نابکار / سامنے آئی ہے کرکے سنگار
یہ کہا درویش نے اے بیحیا / دور ہو مجھ پاس تو ہرگز نہ آ
بھاگ کر تجھ سے یہان آیا ہون مین / چھپکے آ بیٹھا ہون تنہا غار مین
پھر کے کیون آئی ہے اے ناپلید / مکر سے ڈرتا ہے تیرے ہر سعید
یہ کہا اُسنے کہ اے درویش جان / حکم سے حق کے مین آئی ہون یہان
حق مین میرے تجھکو اے مرد یقین / فائدہ کچھ منع کرنے مین نہین
آئی ہون مین حکم حاکم سے یہان / کیون خفا ہوتا ہے مجھ پر ای میان
کہکے یہ فقرون سے وہ غائب ہوئی / اور عارف کو ہوئی وحشت بڑی
یہ کہا عارف نے وہ جو آئے گی / جو سیان مجھ سے بہت سی کھائیگی

گر نہ جاوے گی وہ میرے پاس سے
گور کا مصرف کرونگا مین اُسے

گر بچا مجھ پاس سے دنیای دون
خرچ اُسکو راہِ عقبیٰ مین کرون

مالِ دنیا ہے یہ زہرِ سہمناک
گر اُسے پاوے تو اُسپر ڈال خاک

یعنی اُسکو صرف کر نیک امر مین
تا کہ کام آوے وہ تیری قبر مین

واسطے حق کے جو دے تو اک یہان
اُسکے بدلے پاوے تو سو حصے وہان

کر سخاوت کا تو پیشہ اختیار
تا کہ راضی تجھ سے ہو پروردگار

چاہتا ہے وہ جو کچھ پروردگار
کرتا ہے اسباب اُس کا آشکار

دس برس تک وہ فقیر اُس غار مین
تھا رہا مشغول حق کے کار مین

کوئی آتا تھا نہ اُس پاس اے پسر
کیونکہ بستی سے تھا جنگل دور تر

گائین بکری اونٹ خچر اور گدھے
وان تلک آتے نہ چرنے کیلیے

اتفاقاً اک برس تقدیر سے
قحط عالم مین پڑا حد سے پرے

خشک سب کھیت اور جنگل ہو گئے
آدمی حیوان کُل مرنے لگے

گلہ ہاے اشتر و گاو و خر
پھرتے تھے چرواہے ادھر اور ادھر

کچھ کہین جس جا پاتے تھے سبزے کی بو
دوڑتے چوپائے جھٹ اُس طرف کو

یون ہی پھرتے پھرتے اکدن ناگہان
آگئے پاس اُس غار کے سب اعیان

چند اک چوپائے گرد اُس غار کے
دیکھ سبزہ کھاتے کھاتے آگئے

پھر تو چرواہے وہان آنے لگے
لے کے چوپائے چرانے کے لیے

ناگہان اکدن وہ عارف غار سے
آیا باہر ایک حاجت کے لیے

کی تھی جو حق کی عبادت بیشمار
نورِ حق تھا اُسکے مُنہ سے آشکار

دور سے چرواہے صورت دیکھکے
گرد اُس درویش کے آکر کھڑے

اعتقادِ دل سے جا ہر ایک نے
رکھدیا پاؤن پہ سر درویش کے

جو کہ تھا درویش مشغول خدا | اُن کی جانب کو نہ کچھ راغب ہوا
جس کو حاصل ہووے وصل دلربا | پھر اسکو اور سے مطلب ہی کیا
آخرش سب نے بصد عجز و نیاز | یہ کہا درویش سے اے پاکباز
آپکو خواہش ہو اب جس چیز کی | حکم کیجیے ہم بجا لاوین ابھی
دیکھا جو درویش نے اُنکے تئین | پاس سے میرے یہ ٹلنے کے نہین
کرکے اُن کی عجز و زاری پر نظر | یہ کہا کچھ دودھ لاؤ ہو اگر
ایک مدت سے یہ نفس بدھرا | مانگتا ہے دودھ مجھ سے برملا
شیر کے دو ایک دیکر گھونٹ یار (دودھ) | تا ہین مار نفس کا دون زہر مار
عرض کی یون قحط سے باران کے اب | گائین بکری ہو گئین بے دودھ سب
جب نہ اُن کو چارہ کھانے کو ملا | شیر ان کے خشک پستان سے ہوا (دودھ)
اور کہا رو رو کے سب نے باحزن | تم نے جو چاہا نہ آیا ہم سے بن
دیکھکر درویش اُن کا اضطرار | یہ کہا اُن کو کہ اے مردان کار
ایک گاے کرکے اب سب بدیہ | اس کو دو ہو تم خدا کے نام پہ
کرکے بسم اللہ اب اے نیک زہ | سعی کر تو ہوگی امداد اِلٰہ
کار عقبے مین ہے کوشش شرط یار | جہد و کوشش کر جو تو ہے ہوشیار
گوش جان سے سن ذرہ اے مہربان | کہتے ہین کیا سرور پیغمبران
سعی و کوشش ہے ان ہی کی مراد | کرتے ہین جو نفس پر اپنے جہاد
بے سفر چلنے کے کب ہو راہ طے | جہد کر چل منزل مقصود پے
راہ کو کر قطع چل پانون اٹھا | بیٹھنے کا راہ مین کیا ہے فائدہ
ہو مسافر کو کہان آرام و خواب | ہر گھڑی رہتا ہے اُس کو اضطراب
راہ حق دیکھی ہے کیا آسان یار | جو پڑا ہے تو یہان پانون پسار

۸

راہ لے چل عیش کے دامن کو جھاڑ
ہے یہ منزل پر خطر با خار و زار
یعنی یہ کپڑے اٹکا کر جھاڑ مین
طاق مین رکھ تن سے تو کپڑے اتار
دور ہے منزل بہت راہ مین پہاڑ
چاہتا ہے جو تو جا اس راہ کو
قطع کر یہ خار رہ سے تا کہ تو
ورنہ بے تیشہ ترا تن ہو فگار
یعنی لاے تیرے تیشہ سنا
منزل مقصود الا اللہ کر
یعنی یہ حرص و ہواے دنیوی
بہر حق تو دل سے انکو دور کر
یہ سخن ہے بیان اے دوستو

تا نہ الجھے ان سے اندر خار و جھاڑ
جو تو جا کپڑون سے ہو بالکل فگار
خوب سا تن کو ترے زخمی کرین
یا دل فارغ تو پھر لے راہ یار
اور بہت سے جا بجا کانٹون کے جھاڑ
ہاتھ مین لے اپنے تیشہ آہ کو
جلد پہونچے منزل مقصود کو
روکدین رہ سے تجھے یہ سنگ خار
سنگ غیریت کو پھر رہ سے ہٹا
سیر جولان جا با دل آگاہ کر
غیر حق کے جو ترے دل مین بھری
نور عرفان سے اسے معمور کر
حال اس درویش کا مجھ سے سنو

قصہ وفا ایک چرواہے کا آزمایش ور بد اعتقادی سے

ایک چرواہا غرض اسنے اٹھا
اسکے ڈھونے کا ارادہ کر لیا
اس جوان نے پاس اسکے گیا
ہاتھ رکھتے ہی گھٹنون پر یکایان
ہوگے حاضر سامنے درویش کے
دودھ لے عارف اس سے پی لیا
ریوڑون کو لیکے سارے راعیان

پاس گاوِ نا رسیدہ کے گیا
تا کہ لیوے امتحان درویش کا
ہاتھ جھٹ اسکے گھٹنون پر رکھدیا
دودھ کی دھارین ہوئین اسنے وان
دودھ لے با اعتقاد حاضر ہوے
بعدہ اس غار مین جا کر چھپا
شہر کی جانب ہوے یا ہر روان

شہر مین وہ سب کے افضل ہوے
دن کئی گذرے غرض اسطرح پر
رفتہ رفتہ پھر شہر مین جا بجا
تھا خلائق کی زبان پر یہ کلام
سنتے ہی اس بات کے شہ نے کہا
چلکے اُس عارف کی زیارت کیجیے
اُس کا ثانی کوئی عالم مین نہین
کہہ کے یہ اور اُٹھ کے با صد التجا
شہ کے آنے سے ہوا درویش کو
صحبت میر و وزیر و بادشاہ
ہے سلاطینون کی صحبت مثل آگ
ان کی صحبت سے ہر اک حیران ہوا
ہے تکبر ان کے دل مین یون بھرا
پاس سلطانون امیرون کے بجا
صحبت انکی کبر و غفلت لائے ہے
اس لیے فرماتے ہین خیر الزمان
بدتر ہو جو ہمنشین درہم طعام
جو کہ عالم جا امیرون سے ملے
بس ڈرو ان سے بچو اے مومنین
الغرض شہ عجز و زاری سے سدا
پھر تو دونون عارف و شہ بے خطر

اس کرامت سے وے حیران تھے
آ گئے تھے جو وہاں وے اُس غار پر
اس کرامت کا بہت چرچا ہوا
شاہ تک بھی ہو گیا یہ قصہ عام
سب امیرون اور وزیرون سے بلا
کیونکہ وہ دورے مین اپنے فرد ہے
عالم و کامل ولی سلطانِ دین
خدمتِ درویش مین حاضر ہوا
شغل مین حق کے حرج ہے گفتگو
ہے بڑا فتنہ سمجھ اے نیک راہ
تیر کے مانند ان سے دور بھاگ
عاجز ان کے مکر سے شیطان ہوا
بکریون پر جس طرح ہو بھیڑیا
آپ کو ان سے بہر صورت بچا
اور قناعت کا اثر لے جائے ہے
دین حق کے ہین امین یہ عالمان
ساتھ سلطانون امیرون کے مدام
دین کے بیشک ہوے وہ چور
تا تمھارا بچ رہے اسلام و دین
پاس اُس درویش کے رہنے لگا
ہو گئے آپس مین جون شیر و شکر

٨٠

وہ

ہوتے ہوتے جا یہ سلطان نے
سوچ کر دل مین کہا دستور کو
باعثِ برکات رحمانی ہے یہ
اسکے قدمون کے طفیل ای بہرہ ور
شہر مین ہو اس طرح کا مرد جو
الغرض آیا وزیرِ حیلہ جو
با ادب کی عرض یہ درویش سے
مرد آزادہ تھا وہ مردِ خدا
بولا وہ سُن اے وزیر اب مجکو کیا
مجکو آبادی سے ویرانہ بھلا
ہے موافق طبع ویرانہ مجھے
طالب آرام نفس اپنے کا اب
مرضی حق کا ہون طالب مین سدا
ہے بھلا حق مین مرے گوشہ سدا
کہتے ہین حضرت محمد مصطفےٰ
اختلاطِ خلق سے ہے جو بچا
فائدہ وحدت مین ہو وہ مستعد
جس نے کثرت سے بچایا آپکو
پھر وزیرِ حیلہ جو نے عرض کی
کب ہو سکتا خلق کو دین خدا
یون اگر گوشہ پکڑتے اولیا

خوب ہو جو شہر مین عارف چلے
جو چلے محلون مین عارف خوب ہو
سایۂ انوارِ ربانی ہے یہ
رحمتِ حق ہووے نازل شہر پر
زیبِ شاہی رونقِ اسلام ہو
پاس اُس عارف کے با صد گفتگو
شہر مین چلیے تو اب کیا خوب ہے
بھاگتا تھا خلق سے کوسون سدا
خلق کے ملنے سے بتلا فائدہ
اختلاطِ خلق سے ہے سَو بلا
اور ہر اک طالبِ آرام ہے
مین نہین ہون ای وزیرِ با ادب
خوب تنہائی مین ہو فرضی ادا
گاؤ خر مین رہنے کا کیا فائدہ
جو رہا تنہا وہ آفت سے بچا
جان اپنی کو سلامت لے گیا
اس سے سَو درجہ ہو کثرت مین ضرر
ملکِ وحدت کا ہوا سلطان وہ
گر پکڑتے اس طرح گوشہ نبی
رہتا گمراہی مین ہر اک مبتلا
راہِ حق پاتی یہ کب خلقِ خدا

١٨١

یون کہا درویش نے ای باخدا
ایک جو بیمار ہو اے باشعور
جو نہ بیماری مین پرہیز اب کرے
اور صحت جس نے پائی مرض سے
اجتناب اور اولیا سے مستحین
ایک مجھ مین حرص کچھ باقی ہے اب
سنکے بولا وہ وزیر اے نیک خو
تارک دنیا ہو تم تو بالیقین
خود بخود آئے ہین ہم با التجا
تیرے نفس پاک سے اے مہربان
تیری صحبت سے ہوے ہم پر تمام
سامنے تیرے ہوا و حرص سب
ق
ہین یہ فرمائے امام المرسلین
نفع جس سے ہو خلائق کو تمام
تم بھی اس پر اب عمل کچھ کیجیے
فیض سے تیرے ہون وہ ذاکر تمام
کرتے ہین کفران نعمت جو کوئی
بولا عارف جائے تشنہ چاہ پر
جو کہ چاہے مجھ سے وہ آوے یہان
ایک مدت الغرض اس طرح پر
آخرش جانا جو عارف نے کہین

جو کہا تو نے یہ حق ہے اور بجا
چاہیے پرہیز اسکو بالضرور
نے شبہہ وہ ہاتھ دھوئے جان سے
کیا دوا پرہیز کی حاجت اسے
رنج و بیماری سے ہین پاک جو مین
چاہیے پرہیز مجکو اس سبب
کسر نفسی سے یہ اب کہتا ہے تو
آپ سے ہم پاس تم آئے نہین
آپ کی خدمت مین اے پیر ہدا
ہو گئی روشن ہماری جان جان
عیش دنیا سرد بالکل لا کلام
محو دل سے ہو گئے یک لخت اب
ہے وہ سب لوگون مین بہتر بالیقین
فائدہ اس سے اٹھاوین خاص و عام
فیض اپنا چل کے سب کو دیجیے
جو پڑے رہتے ہین غفلت مین مدام
تیری صحبت سے ہون شاکر وے ابھی
چاہ پیاسے پاس کب جاوے بسیر
ہین بھلا کسواسطے جاؤن ہان
عرض کرتے ہو گئی اسکو بسیر
ہو وزیر اب یان سے ٹلنے کا نہین

بولا بہتر تیری فرحت کے لیے
بعد اسکے جو صلاح وقت ہے
ہو لیا درویش ہمراہ وزیر
شاہ نے دیکھا جو اسکو دور سے
وہ فقیر اپنی خلاصی کے لیے
تاکہ دیوانہ سمجھے اس گھڑی
باہر درویش وان مستانہ وار
ہے مچایا اس قدر مارا کر شاہ
بھاگ کر نکلا جھٹ اس والان سے
اس مکان سے شاہ جب باہر ہوا
شاہ نے جانا کہ عارف لطف سے
اس مکان مین تا نہ بیٹھے دیر سے
مارنے مین اسکے یہ تھا فائدہ
چاہیے تھا عارف چھٹنا آپکو
چاہیے تھا یہ لوگ ہو بد اعتقاد
صدق دل سے باہزاران التجا
عرض کی ای پیشواے عارفان
کیا کرون احسان کا تیرے شکر مین
خضرؑ نے کشتی جو توڑی تھی جبر سے
اس طرح مجکو بھی تو نے خضرؑ وار
جانا عارف نے کہ ہے حکم خدا

مین چلون گا شہر مین سلطان کے
وہ کرون گا تیری خاطر جان کے
سوے دولت خانۂ شاہ کبیر
اٹھ کے آیا واسطے تعظیم کے
مارنے پتھر لگا سلطان کے
چھوڑ دے سلطان مجکو ای ولی
مارتا تھا بے خطر پتھر ہزار
بھاگ کر وان سے گیا باہر وہ وان
جسمین بیٹھا تھا وہ سلطان شان سے
حکم حق سے وہ مکان جھٹ گر پڑا
مارتا تھا مجکو پتھر اس لیے
کیونکہ تھا معلوم اسکو کشف سے
تاکہ اس صدمے سے مجکو بچا
حکم حق تھا سب تلا یہ اور یہ
اور ہوتا شہر کو نہ بد اعتقاد
آگے شہ عارف کے قدمون پر پڑا
لطف کا تیرے کرون مین کیا بیان
جو ہین تیرے ہزارون لطف ہین
تاکہ وہ ظالم کے ہاتھون سے بچے
کر دیا تو نے ورطۂ قاتل سے پار
کیا ہے چارہ جب ہوا امر قضا

دل سے اپنے پھر وہ یون کہنے لگا
مرضی حق پر ہی رہنا چاہیے
یعنی خواہش پر خدا کی بر ملا
مال دنیا گرچہ ہے زہر اور بلا
الغرض کہنے سے عارف شاہ کے
شہ نے عارف کے لیے با عز و جاہ
اور نعمت بھی ہر اک موجود کی
وہ فقیر پاک جان و راست باز
عیش دنیا نہین تھا ظاہر مین پہنا
پوستین اور دلق کو پہنے ہوے
ایک حجرے مین وہ تنہا بیٹھکر
باخوشی رہتا تھا اس گدڑی مین وہ
کچھ نہ اُس دولت سے حاصل تھا اُسے
گرچہ ہے دنیا یہ ملعون ازل
مال دنیا گرچہ ہے زہر اور بلا
نیک کامون مین تو اُسکو صرف کر
مال دنیا کو بقا گرچہ نہین
واسطے دانا کے دنیا خوب ہے
جانتا ہے جو کہ منتر سانپ کے
گر نہ ہو منتر تجھے معلوم یار
تا نہ دھووے ہاتھ اپنی جان سے

مرضی حق سے تو اب یان آ پھنسا
زہر بھی اک عرصہ چکھنا چاہیے
چاہیے راضی رہے صبح و مسا
زہر بھی چکھیے ذرا بہر خدا
شہر مین آیا نکل کر غار سے
کر دیے تیار محل اور خانقاہ
واسطے درویش کے با صد خوشی
ہوگیا ظاہر مین اندر عز و ناز
لیک باطن مین تھا وہ سب سے جدا
نفس پر کرتا جہاد ہر دم وہ لے
کرتا تھا یاد خدا شام و سحر
فقر پر کرتا تھا محکم آپکو
پر فقیرون کو دیا کرتا تھا لے
پر ہے مومن کے لیے بیت العمل
نیک ہے گر خرچے اُسکو نیک جا
ورنہ تو کتا سا ہے مردار پہ
خوب ہے گر خرچے اندر کار دین
اور نادانون کو بد اسلوب ہے
سانپ ہووے دوست اُسکا دے سکھا
سانپ کے مت گرد پھر تو زینہار
یاد رکھ یہ بات میری مان لے

مال دنیا کے نہ ہرگز گرد جا
جو تو جاوے خرچ کر راہ خدا

الغرض درویش کو رہتے ہوئے
ہو گئے دس سال پاس اُس شاہ کے

دس برس اسکو گئے یون ہی گذر
پر رہا ویسا ہی اپنے حال پر

زہد و طاعت مین نہ آیا کچھ بھی فرق
گرچہ ظاہر مین رہا دنیا مین غرق

تھی یہ رسم شاہ جو ہوتا سوار
بہر نظم ملک یا بہر شکار

وقت جانے کے وہ سلطان اہ اخی
آ کے زیارت کرتا اُس درویش کی

الغرض اکدن اسی معمول پر
اُسکی زیارت سے ہوا وہ بہرہ ور

اور اسی حالت مین وہ پیر ہدا
یاد مین اللہ کی مشغول تھا

ناگہان وہ زن جو پہلے آئی تھی
سامنے سے دوسری بار آگئی

پوچھا عارف نے کہ تو کس واسطے
آئی ہے مجھ پاس اب بتلا مجھے

عرض کی اُسنے کہ اے سلطان جان
مجھ سے مین ہوتی ہون رخصت اس زمان

یون کہا چل دور ہو اے بے حیا
مکر سے تیرے خدا رکھے بچا

تو دغا دے ہے ہر اک کو جو دو
ہو ترا تابع تو اُس سے دور ہو

دور ہو مجھ سے کہین اب اے غبی
پوستین اور دلق کچھ پاس ہے وہی

پاس میرے دونون یہ موجود ہین
مین نہین آیا ہون تیرے داؤ مین

دور ہو یان سے تو جلدی بے حیا
کب تلک دے گی مجھے بتلا دغا

ہو گئی غائب نظر سے سُن یہ ذکر
اُسکے فتنہ کا ہوا عارف کو فکر

دیکھیے کس طرح ہو وے گا جدا
مال و دولت دنیوی مجھ سے بھلا

معتقد مجھ سے ہے ہر چھوٹا بڑا
آپ سے مجکو کرے کیونکر جدا

دیکھیے تقدیر سے ہو کیا سبب
تیل کھل سے ہو جدا اسطرح اب

شاہ رکھتا ہے بہت تعظیم سے
دیکھیے رسوا کرے کیونکر مجھے

١٨٥

پڑھ کے پھر لاحول ہو شاغل برب
جو قضا آوے تو ہو برعکس کار
جو کیا چاہے ہے کوئی کار رب
ایک دن تقدیر سے ناگاہ یار
جستجو کی اور محنت بے شمار
رنج بے حد پایا اور تکلیف سخت
وان سے ہٹ کے شہ اسی معمول پر
گر کے قدمون پہ وہ اس درویش کے
آیا تھا گرمی مین گھبرایا ہوا
شدت گرمی تھی رستہ کی تکان
اک طرف تکیہ لگا دیوار کا
شاہ تنہا اور وہ عارف تھا وان
ننگا ہو شمشیر کے شکم پر گر پڑا
چاہے تھا اسکے شکم پر سے اٹھا
چونک اٹھا یکبارگی شہ خواب سے
دوڑ کر جھٹ محل مین داخل ہوا
بولا غصہ سے کہ جھٹ آوے وزیر
اور کرے آ قتل اسکو برملا
کیا کیا تھا مین کہو اس کا برا
کیا نکوئی کا ہے بدلہ یہ کہو
جو وزیر اس امر سے آگہ ہوا

ہوگا جو حکم خدا سر پر ہے اب
ہووین سب تدبیرین باطل اور زار
غیب سے کرتا ہے اس کا کچھ سبب
شاہ جنگل کو گیا بہر شکار
پر ملا اس کو نہ وان اسدن شکار
دل ہوا گرمی سے شہ کا لخت لخت
خدمت عارف مین آیا دوڑ کر
پانون پر بوسہ دیا تو صدق سے
اس جگہ آرام کچھ اس نے لیا
کچھ ہوا آسودہ شہ اس کے ہان
جون مسافر تھک کے غافل سو رہا
خنجر سلطان نکل کر از میان
دیکھکر یہ عارف دین خدا
اک طرف رکھ دون ہے غافل بادشہ
ڈر گیا شمشیر ننگی دیکھ کے
پر غضب سے آگ کا شعلہ بنا
تا کرے درویش کو اسدم اسیر
تا کہ دیکھے فعل کی اپنے سزا
پانون پر رکھا تھا سر اسکے سدا
کھینچے خنجر جو ہمارے قتل کو
پڑھ کے استغفار یون شہ سے کہا

۶

کرکے اپنے لطف و احسان پر نظر
شاہ بولا تجکو بخشی اُسکی جان
چھین کر اُس سے یہ سب مال و منال
ہو ہے یہ صدق و وفای اہل دل
مست ہوتا زان لطف پر اُسکے کبھی
اعتقادِ اہل دولت پر کبھی
ایک وہم بے حقیقت سے وہ شاہ
دشمن جان اُس قدر اُسکا ہوا
دل لگا اُس شاہ سے لے بے وفا
دیکھکر کے سب کے وہ جرم و گناہ
چھوڑ دے جو ایسے شاہنشاہ کو
سو خطائیں کرکے تو آوے جو پھر
مال دنیا کا بھی ہے بس ہیچ فا
جان سلامت اپنی عارف لیگیا
جو دغا کھاتا وہ اُسکے مکر سے
زیر تیغ بے دریغ شاہ وہ دون
کی تھی اُسنے احتیاط حد سے بدہ
جان و تن اپنا سلامت لیگیا
حیف ہی صد حیف ای صاحب سلوک
خاص لذت اُسکے جو وقت خطاب
سنتیخ اپنا شہ تجھے ہر دم کہے

جان بخشی اُسکی کرلے نامور
پر تجھے لازم ہے اُسکو اس زمان
کرکے ننگا شہر سے باہر نکال
وہم سے بس صدق مین آیا خلل
دم مین ہون شیطان اور دم مین ولی
دل نہ دیجو کوئی اے میرے اخی
ہوگیا بدظن اُسی عارف سے آہ
جس طرح بکری کا ہووے بھیڑیا
جو ہزارون جرم بخشے اور خطا
دے ہے روزی لطف سے شام و پگاہ
اُس سے زائد بیوقوف اور کون ہے
خاص ہو درگاہ مین اُسکی تو پھر
دل لگانا اُس سے ہے بیشک خطا
کیونکہ دنیا پر نہ اُسنے دل دیا
قتل ہوتا ہاتھ سے سلطان کے
ہوتا عارف بے شبہہ اور زبون
مال دنیا پر لگی تھی کچھ نظر
مکر سے دنیا کے دون کے وہ بچا
ہو تو یون نازان بتعظیم ملوک
ہے نہ اُسکے وہ زہ خم شراب
پیدا اُسکے تو نہ ہوش ہے

مست و مدہوش اس خطاب شہ سے ہے / ہر دم آگے شہ کے تو سجدہ کرے

پوچھتا ہے گویا تو اُس شاہ کو / کچھ نہیں کرتا ہے یاد اللہ کو

اللہ اللہ ہے یہ کیا اسلام دین / شرک ہے یہ تو برب العالمین

جرعہ اک بحر قدم سے نوش کر / آیت لا تشرکوا پر گوش کر

ساقیا اب آنکھیں مست دیر کر / دل مرا تجھ بن ہوا زیر و زبر

عیش کے سامان سب موجود ہیں / تجھ بنا پر ساقیا نابود ہیں (بغیر)

آنکھیں مجھے بھر دے اک بھر کے جام / عیش و عشرت جس سے ہو لیتا تمام

اسمیں بیان مستانگی ہی جو مضمون دنیا میں غرق ہیں واسطے حظ بے بنیاد کے

کیا ہے دنیا منصب دنیائے دون / گر دست جا اُسکے تو ای ذوفنون

اس سے آلودہ کیے تو نے اگر / ہاتھ اور منہ اپنے اے نیکو سیر

روے آسایش کو دیکھےگا تو جان / اک سر مو ہے کہیں اندر جہان

منصب دنیا نہیں تو جانتا / ہو وہ کیا جس لے تو اب مجھسے ذرا

راہ حق سے دور جو تجھکو کرے / اور ڈالے کوئی فرقت میں تجھے

ہے یہی دنیا سمجھ ای نیک تن / نے قماش و نقرہ و فرزند و زن

مایۂ بدنامی اسی کا نام ہے / سر بسر ناکامی اس کا کام ہے

یہ نہاں ہر لحظہ خاص و عام ہے / زہر کا پیالہ پلاتی ہے تجھے

واسطے اس زہر کے تو دن اور رات / ہوگا تو کب تک خراب ای نیک ذات

منصب دنیا ہے وہ جس نے دیا / خرمن دین کو ترے بالکل جلا

منصب دنیا ہے وہ ای ذوفنون / اس طرح جسنے کیا تجھکو زبون

خوش ہو وہ مقبول جسنے یان کبھو / ہاتھ سے چھوڑا نہ اپنے دین کو

اور اس حلوا و نان سے ای فتا / منہ کو اپنے کچھ نہیں شیریں کیا

۸

خوش ہے وہ دانا کہ جو یان چھوڑکر — منصب دنیای دون کو سر بسر
مار کر اس پر وہ اپنے پشت پا — خلد مین جون شاہ مردان کے گیا
مثنوی مین مولوی معنوی — نکتہ اک فرماتے ہین سن ای اخی
"ترک دنیا گیر تا سلطان شوی — ورنہ ہم چون چرخ سرگردان شوی"
چھوڑ دنیا کو کہ تا سلطان ہو تو — ورنہ مثل چرخ سرگردان ہو تو
"زہر دارد در درون دنیا چو مار — گرچہ دارد از برون نقش و نگار"
زہر این مار منقش قاتل ست — می گریزد زہر آن کو عاقل ست
زہر قاتل ہے یہ مار نقش دار — بھاگتے ہین اس سے جو ہین ہوشیار
زین سبب فرمود شاہ اولیا — آن گزین انبیا و اولیا
اس سبب کہتے ہین شاہ اولیا — ہین وہ مقبول ولی و انبیا
حب دنیا راس کل خطیئۃ — ترک دنیا راس کل عبادۃ
حب دنیا سب خطاؤن کا ہے سر — ترک دنیا سر ہے ہر طاعت کا پر
چھوڑ دنیا کو جو تو ہشیار ہے — عاقلون پر جان یہ مردار ہے
پہلے تو تحصیل مین اسکے تو یار — کھینچے محنت اور ذلت بیشمار
بعد اسکے چھوڑ کر پھر راہ لے — حسرت اور افسوس کو ہمراہ لے
اس مین اول تو ہزارون محنتین — اور آخر مین ہون حاصل حسرتین
اہل دنیا الغرض یان اور وہان — محنت اور حسرت مین ہینگے بیگمان
یا الٰہی مجھکو بھی بہر خدا — الفت دنیاے دون سے رکھ بچا
حب منصب حب جاہ و حب مال — واسطے اپنے مرے دل سے نکال
حب مولیٰ حب حق حب خدا — مجھکو اب بہر محمد کر عطا
غیر کی الفت سے کرکے مجکو دور — ہر دم و ہر لحظہ تو رکھ اپنے حضور

اس مین بیان ہے کہ آدمی کو چاہیے کہ خلق کے بھلے برے کہنے پر خیال نہ کرے اور موافق حکم خدا و رسولؐ کے کیے جاوے

اگر تو چھوڑا خلق مین خلقت سے اب — بد زبان خلق سے چھٹتا ہی کب
کون ہے جو بد زبان سے ہو بچا — حق پرست ہو یا کہ ہووے خودنما
گو کہ ہون تجھ مین کراماتین ہزار — اور ہو گھوڑے پہ گر تو بھی سوار
گر زمین سے آسمان تک تو اُڑے — پر نہ طعن خلق سے ہرگز بچے
گر سکے کوشش سے نا اہند تو — پر نہ بند ہووے زبان عیب جو
جمع ہون اہل نفاق آپس مین جب — اہل تقوی کی بدی کرتے ہین سب
تو خدا کی بندگی سے مُنہ نہ موڑ — کہنے دے جو کچھ کہے خلقت کو چھوڑ
چاہیے راضی ہو بندہ سے خدا — غیر کی راضی و ناراضی سے کیا
حق سے بد اندیش کب آگاہ ہے — خلق کے غوغا سے وہ بے راہ ہے
چھٹ سکے ہو انسے کب تو اے ولی — گو کرے سو حیلے اور از حد سعی
چھوڑتی ہے خلق کب پیچھا ترا — گرچہ تدبیرین کرے تو لاکھہا
جو کوئی گوشہ کرے ہے اختیار — اختلاط خلق سے رکھتا ہے عار
یون کہین اُسکو کہ ہے یہ مکر و ریو — آدمی سے بھاگتا ہے مثل دیو
اور جو ہووے خندہ رو و خوش ادا — اُس کو کب جانے یہ پاک اور پارسا
اور جو کوئی ہو غنی اور کامران — اُسکو بولے ہین یہ فرعون زمان
اور جو کوئی مرد درویش نکو — فقر و فاقہ سے کوئی سختی مین ہو
یون کہین اُسکو جو یہ ناچار ہے — اسکی بدبختی کا یہ ادبار ہے
اور جو کوئی کامران تقدیر سے — رتبۂ شاہی سے اپنے گر پڑے

خوش کہین کب تک یہ گردن کشی | ہو خوشی کے بعد آخر نا خوشی
اور جو کوئی مفلس و مسکین فقیر | تنگدستی سے وہ ہو جاوے اسیر
کھولین حق مین اُسکے کینے سے زبان | ہے یہ دون پرور فرومایہ زبان
ہاتھ مین دیکھین جو تیرے کوئی کار | سمجھین تجکو بس حریص اور دنیادار
اور جو بیکاری کرے تو اختیار | سب گدا پیشہ کہین اور مفت خوار
اور جو تو باتون مین ہو بولین تجھے | ہے یہ حق حق و بق بق سدا کرتا ہے یے
اور جو خاموشی کرے تو اختیار | نقش دیواری کہین تجکو پکار
اور کہین نامرد جو ہو بردبار | ڈرتا ہے ہر شخص سے تو زینہار
اور دلیری مردمی گر تو کرے | تجکو دیوانہ سمجھ بھاگین پرے
اور کم کھاوین کرین طعنہ اُسے | مال اُسکا ہے یہ اور ونکے لیے
اور جو خوش خوراک ہین اور خوش لباس | تن شکم پرور کہین اُس کو یہ ناس
بے تکلف ہو جو کوئی مالدار | ہے کہ زینت یا تمیزون پر ہے عار
اُس کو یون طعنہ کرین ہے بیحیا | ہے یہ بدقسمت نہ پہنے اور نہ کھا
اور جو گھر اچھا بناوے نقشدار | خوش لباس اور خوش وضع ہو یا وقار
اُسکو دین طعنہ کہ اسپہ کو جوان | رکھتا ہے آراستہ مثل زنان
جو مسافر ہو نہ کوئی عمر بھر | مرد اُسکو کب کہین اہل سفر
یعنی ہے زن کی بغل مین یہ پڑا | کس طرح عقل و ہنر آوے بجا
اور کرین اہل سفر کو یون خطاب | بخت برگشتہ پھرے ہے یہ خراب
لینے یہ صاحب نصیب ہوتا اگر | پھرتا کیون شہر و بیشہ در بدر
مرد بے زن کو کہین یون خردہ بین | اسکے پھرنے سے ہے رنجیدہ زمین
اور کرے گر زن کوئی کہتے ہین یون | پڑ گیا دلدل مین سر سے خر کے جون

گر کسی سے بُرد باری تو کرے — یہ کہین غیرت نہین ہے کچھ اسے
اور سختی کو یون کہین گر اب تو بس — ہاتھ تیرے ہونگے کل کو پیش و پس
جو ہوا قانع بنان خشک و دلق — رات دن کرتی ہے اُسکو طعنہ خلق
باپ کے حق یہ بھی آخر سفلہ ہو — جائیگا دنیا سے با افسوس و درد
کون ہے جو رہ زبان سے جو بچا — با خوشی گنج سلامت مین رہا
جب نہ چھوٹے ہاتھ سے حضرت نبی — دشمنون کے۔ کیا حقیقت اور کی
ہے خدا بے مثل بے انباز و جفت — کیا کہا ترسا نے اُسکو ای شگفت
جورو اور بیٹا مقرر کر دیا — مریم و عیسیٰ کو اُس کا بر ملا
پاک ہے وہ ذات اور زوجہ و ولد — لم یلد ولم یولد اللہ الصمد
کب چھٹے کوئی کسیکے ہاتھ سے — مبتلا کو صبر ہر دم چاہیے
کب کوئی یان جو ہر دم سے بچا — نیک ہو یا بد برا ہو یا بھلا
کہنے سُننے خلق پر مت کر دھیان — صبر کر کے مجھ سے سن یہ داستان
گر سُنے تو دل سے یہ میرے بیان — خلق کے ہاتھون سے جب پاوے امان

حکایت بوڑھے مرد بیوقوف کی

ایک بوڑھا مرد تھا بس بے شعور — عقل کے غم سے تھا وہ جیتے جی تو دور
ناگہان عزم سفر اُسنے کیا — ساتھ بیٹے کو بھی اپنے لے چلا
ایک گھوڑی پاس تھی اُس پیر کے — ہو سوار اُسپر کیا رستہ کو طے
تھا پسر اُسکا پیادہ در رکاب — ہر دو باہم در کلام و در خطاب
مل گیا جو اک گروہ رہروان — یہ کہا سب نے کہ اے بوڑھے میان
خود سوار ہو کر کے طے کرتا ہے تو — رحم بیٹے پر نہین کرتا ہے تو
باری باری چاہیے ہونا سوار — تا نہ ہو تو اور بیٹا تھک کے زار

پیر نے جب یہ سنا سب سے کلام ۔ ہاتھ میں بیٹے کے تب دیکر لگام
کر دیا گھوڑے پہ بیٹے کو سوار ۔ خود پیادہ ہو لیا زار و نزار
سامنے سے ایک او خلقت آگئی ۔ دیکھ اُس کو مارنے طعنہ لگی
یہ عجب بوڑھا ہے بے عقل و شعور ۔ سخت یہ خبطی ہے یا مجنون بالضرور
طفل کو بے عذر راکب کر دیا ۔ خود ضعیفی میں پیادہ ہو لیا
راہ کٹے آسان کرنے طفل اور جوان ۔ پیر ہو اک کوس میں بس ناتوان
یہ نصیحت جو سنی اس پیر نے ۔ طعنہ پہلون کا بھی یاد آیا اُسے
کر کے دونوں قول کے برعکس کار ۔ ایک گھوڑے پہ ہوئے دونوں سوار
سوچتے یوں گھوڑے کو اب تکلیف دیں ۔ تاکہ پھر طعنہ سے اور وے نکتہ چین
اتنے میں اور اک جماعت آگئی ۔ جھٹ ملامت پیر کو کرنے لگی
اے ستمگر رحم کر بے زبان ۔ بوڑھا ہو کے تو ذرہ ہو مہربان
چاہئے اک اسپ پہ دو اب ہوا ۔ رکھا اس عاجز پہ تو نے دو کا بار
ستم اس بے زبان پر ہو روا ۔ گر ہے حیوان پر ہے مخلوق خدا
شکر کر حق کا سواری تجکو دی ۔ مہربانی کر تو اس پہ اے اخی
جو سنا بوڑھے نے یہ اُن سے بغور ۔ دل میں کی نادانی سے تدبیر اور
لیتے دونوں پھر تو گھوڑے سے اُتر ۔ پا پیادہ ہو لیے پھر سفر
گرتے پڑتے جاتے دونوں پائے پیش ۔ چار پا تھا گھوڑا خالی پیش پیش
اور ایک فرقہ ملا آکر براہ ۔ دیکھا اُس بوڑھے کو یا حال تباہ
گرتا پڑتا جاتا ہے آپ اور پسر ۔ اسپ بھی ہمراہ ہے کوتل مگر
ہے سواری ساتھ موجود انکے پر ۔ ہیں پیادہ دونوں اور خستہ جگر
چلتے تو اُسکے بڑھاپے پہ ہنسے ۔ بعدہ پھر اُس کو یوں کہنے لگے

۱۵

کیون نہین ہوتا سواری پر سوار
تانہ ہون محنت سے پاؤن تیرے فگار

حیف تا ہی ہوتے سواری چھوڑ کر
پیچ رکھا اپنے اور بیٹے کے سر

تجھ سا نادان کوئی عالم مین نہین
لے فقط ہے اور دیکھا ہے کہین

اُلٹے ہون سب کام جب آوے قضا
عقل و ہوش و فکر سب ہو وین فنا

عقل کامل کو ہو حاصل خیرگی
فہم روشن پر ہو مائل تیرگی

پھر مرد القصہ حیران ہی ہا
اور ہمراہی ہوے مشکل ہوا

جا کے منزل پر کیا سب نے مقام
وہ رہا رہ مین پڑا با عقل خام

گر یہ سنتا ہے کبھی قول فضول
راہ چلتا ہے ملامت و ملول

جو کیا ہر قول پر اُسنے عمل
راہ چلنے مین پڑا اُسکے خلل

رکھتا ہے ہر کام مین خوش اشتغال
کام مین اُسکے ہون پھر سو قیل و قال

لغو سے بچتی ہے کب خلق خدا
آپ کو آزاد تو اُن سے بچا

خلق کے اچھے بُرے کہنے سے تو
پیچ و غم مین ڈال مت ہیں آپ کو

کہنے سُننے پر نکر اُسکے خیال
کام کر راضی ہو جس سے ذوالجلال

نیک اور بد پر نکر اُسکے نظر
کام سکا جو کام سے ہے وہ کام کر

ساقیا آ کہو غم دنیا و دین
اُس اُس سے کہ ہون فارغ کہین

ہو وہ دنیا مین خیال اکتساب
اور نہ عقبےٰ مین غم اجر و ثواب

شغل ہو ہر دم خیال یار سے
بیخبر ہون اپنے کار و بار سے

ہون ہمین یون اندر خیال عشق یار
غیر استغراق کے ہو کچھ نہ کار

اسمین بیان ہو خاموشی کا جو بہتر ہے سب خوبیون اور عادتون سے انسان کی

کیا ہو دنیا جان اے صاحب کمال
یہ جو ہے بیجا ل تیری قیل و قال

کھول کان اور لب کو بند کر از مقال ہفتہ ہفتہ ماہ ماہ و سال سال
کر تو خاموشی کی عادت اختیار جس سے ہو جاوے ترا دل ہوشیار
ہووے بعضی گفتگو اسے نیک پے ہو گئے وہ زنار گردن مین پڑے
خوش نصیب ایسے ہین مردان خدا بند رکھتے ہین زبان اپنی سدا
کر کے خاموشی بہت سی اختیار کرتے ہین دل سے وہ یاد کردگار
خامشی بس ہے مقال اہل حال گر بلاوین تو وہ ہو جاتے ہین لال
بیٹھ جا خاموش ہو کر اے جوان تا خموشی ہو تری نطق و بیان
یون رہیگا کب تلک اے بیفروغ تو گرفتار دروغ اندر دروغ
ہوش مین آ اب بھی تو بہر خدا آپ کو گفتار باطل سے بچا
بیٹھکر خاموش مجھ پاس اے جوان گوش دل سے سن ذرا یہ داستان
تا کہ ہو معلوم تجکو نہ بہار فائدہ اور نقص خاموشی کا یار

حکایت تمثیل

تھا کہین اک بادشاہ عالیجناب ایک بیٹا اُس کا تھا نائب مناب
شاہ چاہے تھا کہ ہو یہ ذو فنون تا ولی عہد اسکو مین اپنا کرون
اک معلم باہنر تعلیم کو کر دیا شہ نے مقرر نیک خو
تا کہ اُس سے سیکھ لے بیٹا ضرور ہر طرح کے علم و فن اے باشعور
چند عرصہ مین غرض اُسکا پسر عالم و فاضل ہوا با کرّ و فر
حل معلومات و مجہولات کے بحث منقولات و معقولات کے
عقل کامل جب کرے کسب کمال ذو فنون و ہنر ہووے لامحال
چند برسون مین غرض اے نیکنام ہو گئی تحصیل اُسکی اختتام

دیکھکر فضل و کمال اُسکا تمام
کرتا تھا سنو آفرین ہر خاص و عام

لیک وہ شہزادہ والاحسب
رکھتا تھا ہر گفتگو سے بند لب

وصف خاموشی کا تھا اُسنے پڑھا
اس لیے خاموش رہتا تھا سدا

علم سے دل پُر تھا لب خاموش تھا
مثل دریا زیر لب در جوش تھا

بادشہ نے جو کمال اُسکا سُنا
پاس اپنے جھٹ لیا اُس کو بلا

سامنے اپنے بٹھا کر با خوشی
گفتگو کرنے لگا ہر طرح کی

وہ پسر خاموش تھا اندر جواب
سُنتا تھا سب کچھ صواب و ناصواب

بادشہ اس بات سے حیران ہوا
اور معلم کو بلا کر یون کہا

کہ بیان باعث ہے کیا اے باہنر
رہتا ہے خاموش کیون میرا پسر

عرض کی اُسنے کہ جسدن سے شہا
وصف خاموشی کا اسنے پڑھ لیا

ہو گیا خاموش جب سے یہ پسر
کچھ نہین اچھی بُری کہتا خبر

شاہ نے اُس پر معین کر دیے
چند مردم تا سخن اُسکا سنے

کہدیا سب سے یہ جب ایسے کلام
پاس میرے لاؤ اُس کو والسلام

الغرض اکدن گیا شاہِ جہان
دشت مین بہرِ شکار پُر حشمان

تھا پسر ہمراہ گھوڑے پر سوار
اور شہ جنگل مین مشغولِ شکار

صیدگہ میں ایک تیتر تھا نہان
چھوڑا اسکو شہ ہوا آگے روان

ناگہان بولا وہ تیتر ایک بار
شاہ نے جھٹ کر لیا اُسکا شکار

شاہزادہ دیکھکر یہ ماجرا
ہنس پڑا اور یون زبان سے کہا

جو یہ اسدم جانور رہتا خموش
بند کرتا لب نہ کرتا کچھ خروش

صید لب ہوتا نہ یہ گر بولتا
کھولا جو لب ایکدم مین سر دیا

گر نہ اُسدم بولتا یہ جانور
قطع کیون ہوتا اب اسکا تن سے سر

۱۹۶

جا کے جاسوسوں نے دی شہ کو خبر ۔ ہو مبارک آپ کا بولا پسر
شاہ نے خوش ہو کیا اکرام تمام ۔ سامنے اسکو بلایا لا کلام
یوں کہا شہ نے پسر سے مہربان ۔ جو کہا تھا تو نے کر مجھ سے بیان
ہو پشیمان اس سخن سے وہ پسر ۔ رہ گیا خاموش لب کو بند کر
شاہ نے گرچہ بہت تاکید کی ۔ شاہزادہ پر نہ کچھ بولا اخی
غصہ سے بولا وہ شاہ بےخبر ۔ مارو اس کو تازیانے بےشمر
اس پسر نے پھر ندیموں سے کہا ۔ کیا یہ تم باتیں بناتے ہو سدا
اک دفعہ وہ جانور بولا تھا وان ۔ قطع سر اسکا ہوا اور میں یہان
اک سخن کہنے سے یہ پائی سزا ۔ اے سخن گو ڈر تو اندر رہ تو جزا
اک سخن کہنے سے دیکھو یہ غضب ۔ تازیانے تن پہ سو کھائے ہیں اب
جب تلک چپ تھا بچا تھا جو ہیں یان ۔ دیکھیے کیا حال ہو ان کا وہان
تو بھی اے آمادہ اب با ہوش رہ ۔ تو حکایت گر سنے خاموش رہ
خامشی کا ہے قلعہ مضبوط تر ۔ صاحب اس قلعہ کا رہتا ہے نڈر
کیونکہ اس عالم میں ہے سود و زیان ۔ ہوں زبان سے آفتیں کتنی یہان
تا دم آخر ز اول دم مزن ۔ از دم خود کار خود برہم مزن
ساقیا آ ہے کہان تیرا خیال ۔ بیقراری سے یہان مجھکو کمال
دے کہیں سے خم کے خم مجھ سے تو لا ۔ جرعہ جرعہ کے ترساتا ہے کیا
تجھ سے بھی تسکین ہوگی روح کی ۔ آج قفل میکدہ کو توڑ ڈال

اس میں ہمت اور بڑائی ان لوگون کی ہے کہ مشابہت رکھتے ہین ظاہر میں ساتھ فقرا کے اور باطن میں وہ اشقیا سے ہین

۱۹۷

کیا ہے دنیا یہ ترا اعمال سے — جبہ پشمین ردا سے شال ہے
یہ مقام فقر خورشید اقتباس — ہووے کب حاصل کسی کو در لباس
اس ردا و جبہ پر تیرے اخی — تجکو یاد آئین دو بیت مثنوی
ظاہرت چون گور کافر پر حلل — و اندرون قہر خدا عز وجل
از برون طعنہ زنی بر بایزیدؒ — و از درونت ننگ می دارد یزید
ہے ترا ظاہر خباثت سے بھرا — جس طرح ہو گور کافر پر حلا
اور تیرا اندرونہ اسکے پر — ہے بھرا قہر خدا سے سر بسر
رکھتا ہے ظاہر سے تو طعنہ سدا — بایزیدؒ پاک پر اے بے حیا
اور باطن سے ترے اے جان پلید — شرم و حیا اور ننگ رکھتا ہے یزید
حسن ریا کو آپ سے کرکے بعید — پاک لوگون کا طریقہ لے پلید

حکایت حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ کی

ایک کوچہ تنگ مین سے بایزیدؒ — جاتے تھے اتنے مین اک کتا پلید
ناگہان اُن کے برابر آگیا — اپنے دامن کو لیا اُس سے بچا
پاک بیباک کتے نے کہولے اپنے لب — عرض کی اُسنے کہ اے مقبول رب
اپنے دامن کو بچایا کس لیے — مجھ سے اب اسکا سبب سن لیجے
خشک ہون گر مین تو ہے کپڑا بھی پاک — اور جو تر ہون تو لو دھو لیجے پاک
اور جو دیکھے اپنے اندر غور کر — وہ نجاست تجھ مین ہے اے باخبر
سات دریاؤن سے بھی دھووے اگر — پاک کب ہو اُس سے تو اے بہرور
یہ لگے کتے سے کہتے بایزیدؒ — تیرا ظاہر میرا باطن ہے پلید
آکرین آپس مین ہم تم دوستی — خوب گذرے گی بہم میری تری
عرض کی کتے نے اے سلطان دین — دوستی کے مین ترے قابل نہین

۱۹۸

مین ہون مردود اور تو مقبول ہو
دیکھتا ہے مجکو جو کوئی بشر
اور تجھے جو دیکھتے ہین خاص و عام
اور یہ ظاہر ہے کہ مین رکھتا نہین
اور تجھ پاس اک مٹکا ہے بھرا
مجھ مین تجھ مین دوستی کسطرح ہو
رو پڑے سنکر کے یہ وہ پاک دین
آہ کیونکر ہون گا پھر مین بے خلل
پاک لوگون کا تو ایسا حال ہے
میرا ثانی کوئی عالم مین نہین
اور حقیقت مین ہو یہ حال آپ کا
دست بر تسبیح و در دل گاؤ خر
ہاتھ مین تسبیح دل مین گاؤ خر
ہاتھ سے اس تسبیح کو تو دور کر
پھونکدے اس جبۂ ناپاک کو
ظاہر اور باطن ترا گر ایک ہو
مختلف ہو ظاہر اور باطن اگر
تو بھی اے امداد اب حق کے لیے
ہے خودی مین جبتلک تجھ مین دوئی ہو تو
خود ہے تو کس کی کرے ہے جستجو
آپ کو اپنے مین اول دیکھ لے

تیری میری اب بھلا کیونکر بنے
دور سے مارے ہے پتھر بے خطر
کرتے ہین تعظیم بے حد اور سلام
کچھ ذخیرہ وقت اگلے کا کہین
آرد گندم کا اے مرد خدا
مین پلید اور تو ہی پاک ای نیک خو
وا ے مین کتے کے بھی قابل نہین
قابل درگاہ حضرت لم یزل
اور یون تیرا خبیث اب قال ہے
عالم و زاہد ولی اور پاک دین
جس سے شیطان بھی امان چاہے سدا
این چنین تسبیح کے دارد اثر
ایسی کب تسبیح رکھتی ہے اثر
ذکر دلبر سے تو دل معمور کر
اور عصا و شانہ و مسواک کو
تا وے بیشک جب تو حق کی راہ کو
تیرا ہو جاوے تہہ سم مین مقر
بیخودی مین اب خودی کو چھوڑ دے
ہو تو بیخود پھر تو خود ہے ہو بہو
تو حجاب اپنا ہوا ہے آپ کو
غیر کو کر ترک دل اس یار سے

١٩٩

معرفت پیداست از عرفان خویش — گر شناسی خویش را گشتی ز خویش

ساقیا وہ بیخودی کا جام دے — جس سے مین آپ مین آؤن آپ سے

آپ کھو کر محو ہون در حسنِ یار — محو اندر محو ہون مین زینہار

نام عین رسم آثار اپنا سب — ہو فنا اندر فنا یک لخت اب

اس مین بیان ہی کہ خدای تعالی کو صرف خدائی کے واسطے پوجے نہ طمع جنت کے لیے اور نہ خوف دوزخ سے

کیا ہی دنیا جان ای نیکو سرشت — یہ عبادت ہی تری بہرِ بہشت

ہے یہی نزدیک اہلِ دل مقر — دین گھٹا تا جان تو ای بہرہ ور

یعنے مزدوری عبادت پر یہان — مانگتا ہے حق تعالی سے ہان

جا حدیثِ ما عبدناک اے پسر — تو کلام مرتضے رض سے یاد کر

یعنے فرماتے ہین یون شاہِ علی ع — عاشقِ حق نائبِ حضرت علی ع

اے خدا اے خالقِ ہر دو جہان — ہے تو ہی مطلوب مجکو ہر زمان

پوجتا ہون اب نہ تجکو اس لیے — طمعِ جنت یا نہ خوفِ نار سے

پوجتا ہون تجکو تیرے واسطے — ہر طرح تیری رضا مطلوب ہے

جب نہ پایا مین کہین تیرے سوا — پوجنے کے لائق ای میرے خدا

پس مین پوجا تجکو یکتا جان کر — غیر کی الفت کو کی دل سے بدر

لیتی ہے طاعت پہ اجرت یہ گروہ — رکھتی ہی اجرت کی طاعت پر شکوہ

آرزو اجرت کے عملون پہ اگر — رکھتا ہے تو ہے یہ گمراہی بتر

واسطے حق کے ہے کب ای پر خلل — طمعِ اجرت کے لیے ہی یہ عمل

یاد آئی اک مثال اس پر مجھے — ہوش کر کے سن تو اسکو غور سے

۲۰۰

حکایت محمود بادشاہ غزنوی اور ایاز غلام کی

کہتے ہین اک شخص نے محمود کو ... یہ دیا طعنہ کہ اسکے شاہ نکو
ہے ایاز ایسا نہ کچھ صاحب جمال ... جسپہ تو عاشق ہے یون اے باکمال
سنتے ہی اس بات کے محمود شاہ ... اُس سے یون کہنے لگا اے نیک راہ
اُس کی خوے نیک پر ہوں مین فدا ... اور نہ عاشق اُسکے رنگ و روپ کا
نقل ہے اک دن کہ جاتا تھا وہ شاہ ... ایک کوچہ تنگ کو باعز و جاہ
ساتھ اُسکے تھے جواہر سے بھرے ... چند صندوق اونٹونکے اوپر دھرے
اتفاقاً کھا کے ٹھوکر اک شتر ... اُس گلی مین گر پڑا اے بہرہ ور
گرتے ہی اُس اونٹ کے اے نیک پے ... ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے صندوق کے
ہو گئے اک لخت وان اس سے بدر ... لعل و یاقوت و زمرد سیم و زر
دیکھکر اس حال کو محمود شاہ ... لوٹنے کا حکم دے کر چلدیا
سُنتے ہی یہ حکم جو ہمراہ تھے ... یک بیک سب لوٹنے پر پڑ گئے
چھوڑ شہ کو سب کے سب سپاہ و سوا ... لوٹنے پر پڑ گئے بے اختیار
اور ہا ہمراہ نہ کوئی شاہ کے ... رہ گیا پر اک ایاز اے نیک پے
دیکھکر سلطان بولا اے ایاز ... تو نے بھی لوٹا ہے کچھ مجھ سے تو راز
عرض کی اُسنے کہ اے سلطان دین ... جس کی سب نعمت اُسے لاتا ہون مین
دور ہو کر اب تری خدمت سے مین ... کچھ نہین حاصل کیا نعمت سے مین
قربت سلطان حاصل ہو جسے ... چھوڑ اُس کو پھر وہ کیون نعمت کو لے
ہو طریقت کے خلاف اسکو کیا ... غیر حق کو حق سے مانگے زینہار
اُس سے زیادہ کون ہو بے ادب ... جو سوا حق کے کرے حق کی طلب
نفس پرور ہے جو رکھے کچھ نظر ... دوست سے جو دوست کے احسان پر

٢٠

تو جو کرتا ہے عبادت بے شمار / واسطے حق کے ہی کب اے نابکار
نفس کی خواہش سے کرتا ہی ضرور / یعنی بہر جنت و حور و قصور
خواہشات نفس مین ہین یہ سب / زہد کے پردے مین کرتا ہی طلب
کہتا ہی تو جو ہون مین اللہ کو / خواہشات نفس کو پوجے ہی تو
اجر عابد چاہے طاعت پر اگر / ہی وہ طاعت گر سمجھ اے بیخبر
اجر یہ کب تک تو ہے اسنے دیا / پہر اس سے اجر کیا چاہیگا یا
اُسنے فضل و لطف سے تجکو فنا / اپنی خدمت کے لیے پیدا کیا
باوجود آلودگی کے قد ترا / اپنی قدرت سے مزین کردیا
اور اس قد پر ترے اے باوفا / خلعت عرفان کیا آراستہ
ساقیا آدے وہ جام بے قرار / جس سے ہون مین محو اندر روی یار
ہون مین یون شیدائی دونون سے بیخبر / نے امید خلد نے خوف سقر
خلد اپنی مظہر لطف و جمال / دوزخ ہمکو ہے ظہورات جلال

اس مین بیان ہو شوق چھوڑنے کا ماسوا کے اور شائق ہونا طرف
شراب طہور کے مراد اس سے محبت الٰہی ہے

عمر ضائع اور قضا میری ہوئی / لے ندیم اب بہر حق اُٹھ تو بھی
تا کہ پہچانون مین اپنے وقت کو / رائگان گذرا ہے جو اے نیک خو
کر عطا بہر خدا اک بھر کے جام / اس شراب پاک سے ای نیکنام
ہے خوشی کے درد کی پینے کا بید / اس سے مست رکھ بہر حق مجکو مزید
اور وہ پاک ساقیا روح کو / قید سے رنج و الم کے جلد تو
اور چھڑا جلدی خدا کے واسطے / تن بدن کو رنج و غم کی قید سے

اس خراب آباد ویران مین مرا
نے تو مجھکو نفع خلوت سے ملا
دیر و کعبہ مین پھرا سر مارتا
اب بہت بےچین ہون ای ساقیا
بس شرابِ بےخودی مجھکو پلا
وہ جو عالم ہے اس عالم کے سوا
ایک عالم چاہون اس عالم سے دور
تا کہ ہون مقصودِ دل سے بہرہ ور
آہ و نالہ شور و غل بیا کرون
وہ شراب اب ساقیا مجھکو تو دے
آتشِ موسیٰ سے اک شعلہ ہی یا یہ
طور ہے اُس نور کا سینہ مرا
بس پلا لا کرکے وہ مجھکو شراب
ہو وہ ایسی جو ہے اسکو ذرہ
اُٹھ کہین بہر خدا ہو جلوہ گر
ماہ بھی اور سب ستارے چھپ گئے
مطربا کچھ کہہ یہ بیسری لیجا
عیش ہے بے عیش میرا مطربا
کر بیان کچھ یار کی باتون سے آ
دور کر مجھ سے اب ایامِ فراق
بادِ وقت نے سے تو اُٹھکر مطربا
خانقاہ و مدرسے سے دل اُٹھا
اور نہ کچھ اب سیر سے حاصل ہوا
نے ملا مقصودِ دل کا کچھ پتا
ہو مری مشکل کا تو مشکل کشا
قید سے تا یان کی دل چھوٹے مرا
ہے وہی درکار مجھکو ساقیا
ہو نرالا اس سے اُس عالم کا طور
خاک ڈالون ہستیِ موہوم پر
خلق مین اک حشر سا برپا کرون
استخوانِ کہنہ کو جو زندہ کرے
اُس شرارِ پاک کا نور آشکار
خم ہے اُس کا قلبِ اپنا ای فتا
جس سے واپس ہو مرا عہدِ شباب
دو جہان کی قید سے ہو وہ رہا
صبح ہونے آئی اب ست دیر کر
اور صدائین مرغ بھی دینے لگے
رایگان گذری ہو در رنج و عنا
بے غنا کے کچھ غنا مجھکو سُنا
دل مرا اُس بن ہے غم مین مبتلا
ہو گئی طاقت مری دوری سے طاق
مجھکو اشعارِ عرب سے کچھ سُنا

تا کہ ہوں ہم پر سب احوال تمام　　عیش و عشرت حظ و کیفیت تمام

آہ کب تک میں کروں آہ و فغاں　　ایک بھی سنتا نہیں مجھ دیکھا جہاں

آہ واویلا دریغا حسرتا　　حسرتا صد حسرتا صد حسرتا

پھر سنا مجھکو وہ نظم مستطاب　　جو کبھی تھی میں نے وہ عہد شباب

عمر سب گذری مری در قیل و قال　　اپنی غفلت سے ہوا میرا مآل

مطربا اب پھر حق اٹھ تو سہی　　کچھ بھی طاقت نہیں مجھ میں رہی

پھر کوئی شعر عجم مجھکو سنا　　تا کہ دل قید الم سے ہو رہا

اور کہہ کوئی تو بیت مثنوی　　از حکیم مولوی معنوی

بشنو از نے چون حکایت می کند　　وز جدائیہا شکایت می کند

بشنو از نے بشنو از صاحب نفس　　کز جدا ہی نالہ اش بشنید کس

نے سے مت سن سن تو صاحب نفس سے　　کیونکہ جامد سے کوئی نالہ اے

ہو مخاطب اٹھ کہیں اے بہرہ ور　　سب زبان سے تو مجھے آگاہ کر

وہ کوئی نغمہ سنا اے نیک خو　　خواب و خور سے تاکہ دل بیدار ہو

دل مرا غافل ہے اپنے حال سے　　ہے سدا مشغول قیل و قال سے

بندِ آہن میں پڑا ہے نفس اور پہ　　جہل سے بھی اپنے قائل ہے مگر

اور کہتا ہے کہ ہو اس سے سوا　　یعنے پابیں بڑی حرص و ہوا

سر بسر گمرہ ہوا اے نیک خو　　اپنی گمراہی سے بھولا راہ کو

ہوئے غفلت سے مدہوش اسقدر　　آپ کی بھی کچھ نہیں ہے کچھ خبر

ایک مدت گذری ہے اسکے تئیں　　ہے یہ بتخانہ میں یوں گوشہ نشیں

قہقہہ مارے ہیں کافر بر ملا　　دین اور اسلام پر اسکے سدا

اب بھی اسکے آ مدد تو بہر خدا　　خواب غفلت سے ذرا تو چونک جا

غیر دلبر کو تو دل سے دور کر — جلوۂ دلبر سے دل معمور کر
ماسوا دلبر کے دل میں جو ہیں شَے — جان لے غیر اوہی معبود ہے
یعنی یہ حرص و ہوا و شستِ غیر — سب یہ بتخانے ترے ہیں اور دیر
ہو سکے جتنا انھیں دل سے نکال — اپنے دلبر سے تو پھر ہو ہم مقال
دل میں جب تک تیرے حبِّ غیر ہے — دل نہیں سکتا تو اپنے یار سے
غیر سے ہے پیر اُس کو اے جوان — غیر ہو جس گھر میں وہ اُس گھر کہاں
غیر سے تو خالی گھر کو جلد کر — تو یہ دلبر آتا ہو اُس میں جلوہ گر
ہو سکے تو مختصر قیل و قال سے — ہو خبر دار اب تو اپنے حال سے
الغرض آمد او تو اپنی کتاب — ختم کر واللہ اعلم بالصواب
سال ہجری بھی ہوئی جب ختم یہ — یکہزار و دو صد و شصت و چہار
جب ہوئی یہ مثنوی یارو تمام — رکھ دیا اس کا غذاے روح نام

خاتمة الکتاب

بعد اسکے سن لو اب اے دوستان — کر دیا ہے یہ جو کچھ میں نے بیان
شاعری سے مجکو کچھ بہرہ نہیں — علم نظم و نثر بھی رکھتا نہیں
چاہیے مقصود دل اُس یار سے — ہے نہ مطلب خوبی اشعار سے
شاعری سے کچھ نہیں ہے مجکو کام — چاہتا ہوں یہ کہ ہو وے فیض عام
شکلے یہ زیادہ ہو عشق عاشقان — اور ہو وے دور فسق فاسقان
شاعروں سے کچھ نہیں ہے التجا — عرض ہے اہل صفا سے یہ ذرا
جو کہ دیکھیں اس میں کچھ سہو و خطا — دین بنا اپنے کرم سے برملا
کرکے اپنے لطف و احسان سے نظر — دیں ہمیں اصلاح بے خوف و خطر

تمت بالخیر

۲۰۵

نکتہ قابل یاد ہر ذرہ اسم ذات اللہ کا مظہر ہوا اور ہر چیز سے نام مبارک اللہ ظاہر ہے

رباعی

ہر چیز کہ خواہی عددش گیر و بار	یک سازِ زیادہ و سہ چندان بشمار
بس از طرح ششم ہر چہ باقی ماند	در بست و دوم ضرب کردہ اللہ برآر

تفصیل اس اجمال اور تحلیل اس اشکال کی یہ ہو کہ خالق اکبر کے اسم کی ظاہریت اور مخلوق اصغر کے اسم کی مظہریت اس صنعت سے بالبداہت یون ظاہر ہو کہ جس وقت منظور ہو کسی شئے سے نام مبارک اُس صانع حقیقی کا تو اُس چیز کے عدد بحساب ابجد نکال لیے اور اُن اعداد کو دوچند کیجیے اور اُس مین اور اُس مین ایک ملا کر تین مین ضرب دیجیے اُسکے بعد چھ سے تقسیم کیجیے جو باقی رہے اُسکو بائیس مین ضرب دیجیے اعداد ذات باری ہویدا ہونگے۔ مثلاً اگر ہم چاہین کہ ولی سے اعداد ذات بحت پیدا ہون تو بحساب ابجد عدد ولی کے (۴۶) ہوئے اسکو دو مین ضرب دو یا توسکے (۹۲) ہوئے اس مین ایک ملا کر تین مین ضرب دو (۲۷۹) ہوئے (۲۷۹) کو چھ سے تقسیم کیا ۳ باقی رہے اسکو ۲۲ مین ضرب دو اعداد ذات مقدس (۶۶) پیدا ہوئے اور یہی مطلوب ہو وعلی ہذا القیاس من سائر الاسماء الغیر المتناہیة المستخرج محمد جعفر علی البسنوی سلمہ اللہ تعالی

تاریخ وفات شاہ عبدالغنی صاحب دہلوی مرحوم

عالم و عارف شہ عبدالغنی	کرد چون جملہ مراتب عمر طی
این ندا آمد ز ہر سو غم فزا	داد جان عبدالغنی با جان و حی

۱۲۹۶ھ

تاریخ وفات مولانا محمد یعقوب دہلوی مرحوم

بست و ہشتم ذیقعدہ جمعہ کو	چل دیے جنات کو یعقوب
روکے کہا سب نے کہ جہان سے تمام شد	ماہ ہدا ہوا آہ غروب

۱۳۰۲ھ

ضروری التماس

معزز ناظرین مطبع مجیدی نے اپنی دیانت داری اور راستبازی کیوجہ سے اپنے خریدارونکو اپنا گرویدہ بنا رکھا ہے تاجران باوقار اور عام خریداران دیار و امصار جیسی کچھ اسکی عزت افزائی فرما رہے ہین وہ اسکی خوش معاملگی کے نتائج سے ایک نتیجہ ہے۔ مطبع مجیدی اپنی مجموعی حیثیت اور ساکھ کے لحاظ سے بعونہ مشہور ہے بیوپاریون کو جسقدر خاص کفایت اور متفرق خریدارونکو جسقدر رعایت سے مال دیا جاتا ہے اس کا صحیح اندازہ وہی لوگ کرسکتے ہین جنکو ایکبار بھی مطبع سے مال منگانے کا موقع ملا ہے مندرجہ ذیل امور کی اہتمام کیساتھ پابندی اور لحاظ کیوجہ سے جیسی کچھ روز افزون ترقی اس کارخانے کو ہو رہی ہے معزز ناظرین پر مخفی نہین۔ (۱) اس مطبع مین تقریبًا تمام ہندوستان کی مطبوعہ ہر علم و فن کی عربی۔ فارسی۔ اردو کتابون کا ذخیرہ اور میل موجود رہتا ہے۔

(۲) حتی الامکان کتابین عمدہ چھاپہ اور اچھے کاغذ کی صحیح چھپی ہوئی فراہم کیجاتی ہین۔

(۳) جو کتاب عمدہ طبع ہی نہین ہوئی یا چھپکر کمیاب ہوگئی ہے وہ بدرجہ مجبوری خراب چھپا اور خراب کاغذ کی روانہ کیجاتی ہین جو صاحب لکھدیتے ہین اُن کو خراب کتاب نہین روانہ کیجاتی ہے (۴) تاجران کتب (بیوپاریون) کیساتھ جو مراعات کیجاتی ہین اور جس نرخ سے انکو مال روانہ کیا جاتا ہے اس سے کم نرخ پر غالبًا کسی اور تاجر سے بھی نہ مل سکے گا۔ (۵) مدارس اسلامیہ و طالبان علم کیساتھ جیسی رعاتین کیجاتی ہین اسکا اندازہ مال منگانے پر ہو سکتا ہے (۶) متفرق خریداران کو خاص نرخ سے مال روانہ کیا جاتا ہے (۷) تاجر (بیوپاریون) مدارس اسلامی طالبان علم اور متفرق خریداران غرضکہ سب صاحبون کے لیے کچھ نہ کچھ ایسی رعاتین ہین کہ بہیئت مجموعی ہمارا یقین کامل ہے کہ انشاء اللہ ہر جگہ سے کفایت پڑیگی۔ اور اسپر عمدگی مال کا نفع کھاتے ہین (۸) مجکو امید ہے کہ اگر آپکو کسی کتاب کی ضرورت ہو تو سب سے پہلے اپنے آرڈر سپلائر کتبخانہ تجارتی مطبع مجیدی کو یاد فرمائیے۔ اور ایک مرتبہ معمولی سی فرمایش بھیجکر کارخانہ کی دیانت راستبازی۔ کفایت۔ رعایت عمدگی مال وغیرہ وغیرہ کا اندازہ ضرور فرمائیے۔

ہر قسم کی کتب مطبوعہ مصر۔ کانپور۔ لکھنؤ۔ دہلی وغیرہ کی موجود ہین جسکی مفصل فہرست طلب کرنے پر بلا قیمت کارخانے سے روانہ ہوتی ہے۔

المشتہر

حاجی محمد سعید تاجر کتب کلکتہ و مالک مطبع مجیدی کانپور

گلزار معرفت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

التماس جامع اوراق

بعد حمد و صلوٰۃ یہ نیاز احمد حقیر کثیر التقصیرات احقر متوسلین و کمترین منتسبین حضرت امام العارفین مقدم الراسخین سراج
الاولیا تاج الکبراء زبدۃ الواصلین قدوۃ الکاملین شیخ المشائخ سید السادات خلیفۃ الزمان فرید الدوران سیدی و سندی
و معتمدی و مستندی ذخیرۃ یومی و غدی مکان الروح من جسدی حضرت مرشدنا و مولانا الحافظ الحاج الشاہ
محمد امداد اللہ المہاجر تھانوی مولداً المکی موطناً الفاروقی نسباً الحنفی مذہباً الصوفی مشرباً ادامہ اللہ تعالیٰ
کاسمہ الشریف امداداً من اللہ علی العباد افاضۃ علی طالبی الرشاد خدمت میں اخوان طریقت و خلان حقیقت کے
عرض رسا ہے کہ حضرت پیر مرشد متعنا اللہ الیہم دام ظلہم کا کلام منظوم ہدایت مفہوم اس کثرت سے ہے کہ
اس کا احصا و ضبط دشوار ہے مگر احقر کو کچھ متفرق و منتشر اوراق ہاتھ لگ گئے بغرض انتفاع و استمتاع
و احتظاظ و التذاذ دوسرے پیر بھائیوں وغیرہ کے جی میں آیا کہ ان اوراق کو جمع کرکے انکی خدمت میں پیشکش کروں
اور نام اس مجموعہ کا گلزار معرفت رکھا بڑی غرض اس سے حضرت قبلہ پیر مرشد کی رضامندی ہے — ۶
اگر قبول افتد زہے عز و شرف   یرحم اللہ عبداً قال آمینا

مناجات

الٰہی یہ عالم ہے گلزار تیرا — عجب نقش قدرت نمودار تیرا
جہان لطف گل ہے وہین خار غم ہے — ہے گل خار مین گل مین ہے خار تیرا
عجب رنگ بیرنگ ہر رنگ مین ہے — یہ ہے رنگ صنعت کا اظہار تیرا
خوشی غم مین رکھی ہے اور غم خوشی مین — عجب تیری قدرت عجب کار تیرا
یہ نقشہ دو عالم کا جو جلوہ گر ہے — ہے پردہ مین روشن سب انوار تیرا
یہ کوتاہی اپنی نظر کی ہے یارب — ترے نور کو سمجھین اغیار تیرا
بہر رنگ ہر شے مین ہر جا پہ دیکھو — چمکتا ہے جلوہ قمروار تیرا
نہین وہ جگہ اور نہین وہ مکان ہے — کہ جس جا نہین ذکر واذکار تیرا
تو ظاہر ہے اور لاکہ پردہ مین ہے تو — تو باطن ہے اور سخت اظہار تیرا
تو اول نہین ابتدا تیرا یارب — تو آخر نہین انتہا کار تیرا
تو اول تو آخر تو ظاہر تو باطن — تو ہی ہے تو ہی یا کہ آثار تیرا
نظر کو اٹھا کر جدھر دیکھتا ہون — تجھے دیکھتا ہون نہ اغیار تیرا
الٰہی مین ہون بس خطاوار تیرا — تجھے بخشش ہے نام غفار تیرا
عفو کس سے چاہے گنہگار تیرا — کہو کس سے چھوٹے گرفتار تیرا
الٰہی بتا چھوڑ سرکار تیری — کہان جاوے اب بندہ ناچار تیرا
نگاہ کرم ٹک بھی کافی ہے تیری — مین ہون بندہ گرچہ بہت خوار تیرا
دوا یا رضا کیا کرون مین الٰہی — کہ دارو بھی تیری اور آزار تیرا
مرض لا دوا کی دوا کس سے چاہون — تو شافی ہے میرا مین بیمار تیرا

مین ہون چیز تیری جو چاہے سو کر تو ‏ تو مختار میرا مین ناچار تیرا

الٰہی مین سب چھوڑ گھر بار اپنا ‏ لیا ہے پکڑ اب تو دربار تیرا

سوا تیرے کوئی نہین میرا یارب ‏ تو مولا ہے مین عبد بیکار تیرا

کہان جاوے جسکا نہو کوئی تجھ بن ‏ کسے ڈھونڈھے جو ہو طلبگار تیرا

کیا اپنے در سے اگر دور اُسکو ‏ کدھر جاوے عاجز یہ ناچار تیرا

نہ پوچھے سوا نیک کارونکے گر تو ‏ کہان جاوے بندہ گنہگار تیرا

گناہون نے ہر طرف سے مجکو گھیرا ‏ سُنا جب سے ہے نام غفّار تیرا

رہے گا نہ کچھ نقد عصیان سے میرا ‏ لگے گا جو رحمت کا بازار تیرا

دلیر ہم گناہون پہ کیونکر نہو دین ‏ کہ ہے نام غفّار و ستّار تیرا

سدا خواب غفلت مین سوتا رہا مین ‏ نہ اکدم ہوا آہ بیدار تیرا

چلا نفس و شیطان کے احکام پر مین ‏ نہ مانا کوئی حکم زنہار تیرا

بُرے کام مین عمر افسوس کھوئی ‏ کیا مین نہ اچھا کوئی کار تیرا

نہ رسوا ہون جیسا یہان حشر کو بھی ‏ نہ ہون جبکہ ہو عام دربار تیرا

مری مشکلین ہو دین آسان اکدم ‏ جو ہو جا کرم مجھپہ اک بار تیرا

خبر لیجیو میری اُس دم الٰہی ‏ کھلے جبکہ بخشش کا بازار تیرا

ہون ظلمات عصیان سے حسنات روشن ‏ جو ہو مہر رحمت نمودار تیرا

کہان جیب عصیان کہان تیری رحمت ‏ کہان خس کہان بحر زخار تیرا

لگے کرنے کافر بھی امید بخشش ‏ لگے ہونے جب رحم اظہار تیرا

گنہ میرے حد سے زیادہ ہین یارب ‏ مجھے چاہیے رحم بسیار تیرا

نہ ڈر دشمنون سے رہا مجکو جب سے ‏ کہا تو نے مین ہون مددگار تیرا

تمنا ہے اسبات کی مجکو ہر دم ‏ کہ دل سے زبان پر ہو اذکار تیرا

ترا نام شیرین حلاوت ہے دل کی ہر اک بات سے خوش ہے تکرار تیرا

الٰہی رہے وقت مرنے کے جاری بتصدیق دل لب پہ اقرار تیرا

نہ کوئی مرا ہے نہ مین ہون کسی کا تو میرا مین عاجز دل افگار تیرا

تو میرا مین تیرا مین تیرا تو میرا ترا فضل میرا مرا کار تیرا

نہین مین تو ہی ہے تو ہی ہے نہین مین تو ہے نور میرا مین آثار تیرا

مین ہون عبد تیرا تو معبود میرا تو مسجود مین ساجد زار تیرا

الٰہی بچا قہر سے اپنے مجکو کہ ہے عفو بخشش کرم کار تیرا

یہ جور و جفا ہم سے ہم پر ہے یارب نہین ظلم اور جور اطوار تیرا

بدون کو کرے نیک نیکون کو بد تو بہر ہے بے نیازی کا بازار تیرا

نہین کافرون کو جو توفیق ایمان کہ ہے نام قہار و جبار تیرا

حکومت ہوئی اُسکو حاصل جہان کی ہوا جو کوئی حکم بردار تیرا

فنا ہو گیا جو تری دوستی مین تو ہے یار اُسکا وہ ہے یار تیرا

دو عالم خریدار ہو اُسکا بیشک جو ہو نقد جان سے خریدار تیرا

کھلی اُسکی آنکھین کرین بند جسنے عیان ہو نہان اُسپہ اسرار تیرا

الٰہی رہا ہوش اُسکو کسی کا نہ ہرگز الٰہی ہوا جو کہ ہشیار تیرا

الٰہی مجھے ہوش دے اب تو ایسا رہون مین سدا مست و میخوار تیرا

تو کر بے خبر ساری خبرون سے مجکو الٰہی رہون اک خبردار تیرا

مین ہر درد اور مرض سے چھوٹ جاون جو لگ جا محبت کا آزار تیرا

الٰہی وہ جلوہ محبت عطا کر جو کر دے مجھے عاشق زار تیرا

الٰہی عطا ذرۂ درد دل ہو کہ مرتا ہے بے درد بیمار تیرا

بنا اپنا قیدی کر آزاد مجکو ہے آزاد سب سے گرفتار تیرا

جو جاگا سو سویا جو سویا سو جاگا
سُلا مجکو تا ہون مین بیدار تیرا

بھکاری ترا جاوے محروم کیونکر
کہ نت خوانِ بخشش ہی تیار تیرا

ترا خوان انعام ہی عام سب پر
ہی شاہ و گدا ہر نمک خوار تیرا

بھکاری کرورون ترے ہون نہ کیونکر
نہین کرنا معمول انکار تیرا

کوئی تجھسے کچھ کوئی کچھ چاہتا ہی
مین تجھسے ہون یارب طلبگار تیرا

نہین اس سے زیادہ مجھے کوئی خواہش
ہر اک شئے سے ہی وصل درکار تیرا

نہین دونون عالم سے کچھ مجکو مطلب
تو مطلوب مین ہون طلبگار تیرا

ہی جنت کی نعمت تو سب میرے سر پر
میسر ہووے کاش دیدار تیرا

مرے دل مین ٹک جلوہ فرما الٰہی
کہ تجھ بن ہی ویران یہ اب دار تیرا

نہین وصل افسوس قسمت مین میری
مین سایہ نمط گرچہ ہون جار تیرا

تو ہی جان و دل سے بھی نزدیک میرے
ولے آہ ملنا ہے دشوار تیرا

ہون باوصف اس قرب کے دور ایسا
ستاتا ہے پھر ہجر خونخوار تیرا

یہ قُرب و معیّت ہے پھر بعد ایسا
نہین کُھلتا یارب یہ اسرار تیرا

حجاب خودی میرا یارب اُٹھاوے
کہ تا دیکھون بے پردہ دیدار تیرا

ذرہ آپ اپنے مین امداد آ تو
کہ ہے کون تو کیا ہے گفتار تیرا

تو کر صیقل آئینہ دل نام حق سے
کہ تا جلوہ گر اُسمین ہو یار تیرا

زبان سے طرف دلکے مشغول ہو تو
وہین جلوہ فرما ہی دلدار تیرا

اُٹھا غم رکھ امید امداد حق سے
تجھے غم ہی کیا رب ہی غمخوار تیرا

نہ ڈر فوج عصیان سے گرچہ بہت ہے
کہ ہے رحم حق کا مددگار تیرا

اُسی کی تو خدمت مین رہ دلسے ہر دم
تو چاکر ہے اُسکا وہ سردار تیرا

تو پڑھ اس مناجات کو پنج وقتی
کہ تا جاوے ہر غم یہ آزار تیرا

الٰہی قبول ہو مناجات میری — کہ رد کرنا ہرگز نہیں کار تیرا
نبی کریم آل و اصحاب سب پر — درود اور سلام ہووے ہر بار تیرا
مرے پیر اُستاد ماں باپ پر بھی — الٰہی رہے رحم بسیار تیرا

غزل نعتیہ

کر کے نثار آپ پہ گھر بار یا رسول — اب آپڑا ہوں آپکے دربار یا رسول
عالم نہ متقی ہوں نہ زاہد نہ پارسا — ہوں اُمتی تمہارا گنہگار یا رسول
اچھا ہوں یا بُرا ہوں غرض جو کچھ ہوں سو ہوں — پر ہوں تمہارا تم مرے مختار یا رسول
کس طرح آہ میں کروں خدمت میں حال عرض — ہوں خجلتِ گناہ سے سرشار یا رسول
ذات آپکی تو رحمت و شفقت ہے سر بسر — میں گرچہ ہوں تمام خطاوار یا رسول
کر کے نہ میرے فعل بُروں پر نگاہ تم — کیجو نظر کرم کی بس اکبار یا رسول
جسدن تم عاصیونکے شفیع ہوگے پیشِ حق — اُسدن نہ بھولنا مجھے زنہار یا رسول
کیجو خدا کے واسطے اُسدم مری خبر — عصیاں کا میرے جب کھلے اخبار یا رسول
تمنے بھی گر نہ لی خبر اس حالِ زار کی — اب جا کہاں بتاؤ یہ ناچار یا رسول
دونوں جہاں میں مجکو وسیلہ ہے آپکا — کیا غم ہے گرچہ ہوں میں بہت خوار یا رسول
کیا ڈر ہے اسکو لشکرِ عصیان و جرم سے — تم سا شفیع ہو جسکا مددگار یا رسول
گھیرا ہے ہر طرف سے مجھے درد و غم نے آہ — اب زندگی بھی ہوگئی دشوار یا رسول
ہو آستانہ آپکا امداد کی جبیں — اور اُس سے زیادہ کچھ نہیں درکار یا رسول

غزل نعتیہ

ذرا چہرہ سے پردہ کو اُٹھاؤ یا رسول اللہ — مجھے دیدار ٹک اپنا دکھاؤ یا رسول اللہ

کرو روشن نور سے مری آنکھون کو نورانی — مجھے فرقت کی ظلمت سے بچاؤ یا رسول اللہ

اُٹھا کر زلفِ اقدس کو ذرا چہرہ مبارک سے — مجھے دیوانہ اور وحشی بناؤ یا رسول اللہ

شفیعِ عاصیان ہو تم وسیلہ بیکسان ہو تم — تمھین چھوڑ اب کہان جاؤن بتاؤ یا رسول اللہ

پیاسا ہی تمھارے شربتِ دیدار کا عالم — کرم کا اپنے اک پیالہ پلاؤ یا رسول اللہ

خدا عاشق تمھارا اور ہو محبوب تم اُسکے — ہے ایسا مرتبہ کس کا سُناؤ یا رسول اللہ

چھپین خجلت سے جا کر پردۂ مغرب مین ماہ و خور — گر اپنے حُسن کا جلوہ دکھاؤ یا رسول اللہ

لگے گا جوش کھانے خود بخود دریائے بخشایش — کہ جب حرفِ شفاعت لب پہ لاؤ یا رسول اللہ

یقین ہو جائیگا کفار کو بھی اپنی بخشش کا — جو میدان مین شفاعت کے تم آؤ یا رسول اللہ

مجھے بھی یاد رکھیو ہون تمھارا اُمتی عاصی — گنہگارون کو جب تم بخشواؤ یا رسول اللہ

ہوا ہون نفس و شیطان کے ہاتھون سے بہت رسوا — مرے اب حال پر تم رحم کھاؤ یا رسول اللہ

اگرچہ نیک ہون یا بد تمھارا ہو چکا ہون مین — تم اب چاہو ہنساؤ یا رُلاؤ یا رسول اللہ

کرم فرماؤ پھر اور کرو حق سے شفاعت تم — ہمارے جرم و عصیان پر بچاؤ یا رسول اللہ

جہازِ اُمت کا حق نے کر دیا ہے آپ کے ہاتھون — بس اب چاہو ڈباؤ یا تراؤ یا رسول اللہ

مشرف کر کے مجھکو کلمۂ طیب سے اپنے تم — پھر اب نظرون سے ہی مت گراؤ یا رسول اللہ

پھنسا ہون بے طرح گردابِ غم مین ناخدا ہو کر — مری کشتی کنارہ پر لگاؤ یا رسول اللہ

اگرچہ ہون نہ لائق وان کے پر اُمید ہے تمسے — کہ پھر مجھکو مدینہ مین بُلاؤ یا رسول اللہ

حبیبِ کبریا ہو تم امامِ انبیا ہو تم — ہمین بہر خدا حق سے ملاؤ یا رسول اللہ

شرابِ بیخودی کا جام اک مجھکو پلا کر اب — دوئی کے حرف کو دل سے مٹاؤ یا رسول اللہ

بہت بھٹکا پھرا مین وادیِ فرقت مین جون وحشی — کرم فرماؤ اب تو مت پھراؤ یا رسول اللہ

مشرف کر کے دیدارِ مبارک سے مجھے اکدم — مرے غم دین و دنیا کے بھلاؤ یا رسول اللہ

خدا کے واسطے رحمت کے پانی سے مرے آکر — تپِ ہجران کی آتش کو بجھاؤ یا رسول اللہ

پھنسا کر اپنے دامِ عشق مین امدادِ عاجز کو / بس اب قیدِ دو عالم سے چھڑا دو یا رسول اللہ

غزل نعتیہ

مکہ مین ہون پر ہی ہوسِ کوے مدینہ / دے ہی رُخِ کعبہ خبرِ روے مدینہ
لانے لگی اب بادِ صبا بوے مدینہ / دل اُڑنے لگا ہو کے ہوا سوے مدینہ
پہونچا دے مجھے منزلِ مقصود کو جلدی / یارب ہی لگی دلکو تگ و پوے مدینہ
اب تو یہ تمنا ہو کہ یہان کعبہ کے جون گرد / قربان ہون بگردِ سرِ ہر کوے مدینہ
گرچہ ہین بہت شہر جہان مین خوش و دلچسپ / لیکن ہی عجب دلبر و دلجوے مدینہ
حاصل ہی بہشت اُسکو یہان اور وہان بھی / جو دل سے ہوا ساکنِ پہلوے مدینہ
دل غرقِ حلاوت ہی دہن ہو شکرستان / طوطیِ زبان ہی جو ثنا گوے مدینہ
انہارِ فیوضات ہین عالم مین جہانتک / ہو اصل مگر سب کی وہی جوے مدینہ
وہ چھوٹ گیا بندِ دو عالم سے سراسر / جو پھنس گیا اندرِ خمِ گیسوے مدینہ
محفوظ ہو آفاتِ دو عالم سے وہ مومن / کی جس نے سکونت تہ بازوے مدینہ
خوش آوے کب اُس شخص کو خوشبوے دو عالم / ہو جسکے بسی مغز مین خوشبوے مدینہ
کس ذوق سے لپٹے ہو کلام اپنا زبان سے / جب ہووے زبان اپنی مدح گوے مدینہ
ایذا کے عوض دیتے دعا سنگدلون کو / دل نرم تھے کیا سرورِ خوشخوے مدینہ
کب پوچھتا عاشق کوئی خوبان جہانکو / ہوتا نہ اگر پرتوِ مہروے مدینہ
امداد سے نت گوہر صلوات و سلامی / یارب ہو نثارِ شہِ نیکوے مدینہ

غزل نعتیہ

کہے ہی شوقِ نبی مجھ یہ آکر چلو مدینے چلو مدینے / مین ہونگا دلسے تمہارا رہبر چلو مدینے چلو مدینے

صبا بھی لانے لگی ہی ابتو نسیم طیبہ
کہے ہی شوق اب ہوا مین اڑکر چلو مدینے چلو مدینے

خدا کے گھر مین تو رہ چکے بس عمر بھی آخر ہوئی ہی آخر
مرینگے ابتو نبی کے در پر چلو مدینے چلو مدینے

شہر شہر کیون پھرے ہی مارا جو دونون عالم کی چاہی دولت
تو سر قدم ہو کے در پہ کر چلو مدینے چلو مدینے

یہ جذب عشق محمدی ہین کہ لونکو امت کے کھینچتے ہین
کہے ہی ہر دل جو ہو کے مضطر چلو مدینے چلو مدینے

جو کفر و ظلم و فساد عصیان ہر اک شہر مین ہوئے نمایان
تو دین اسلام اٹھے یہ کہکر چلو مدینے چلو مدینے

رجب کے ہوتے ہین جب بھرے ہین شوق نبی سے سینے
صدا یہ لگے ہین کوبکو ہی چلو مدینے چلو مدینے

ہلاکت امداد ابتو آئی جو فوج عصیان نے کی چڑھائی
نجات چاہو تو اے برادر چلو مدینے چلو مدینے

غزل

نہ دیکھا داغ دل گلزار کو دیکھا تو کیا دیکھا
نہ دیکھا خار مین گل خار کو دیکھا تو کیا دیکھا

اگرچہ کوئے جانان مین بھی آ پھر پھر کے سر مارا
نہ دیکھا یار کو گھربار کو دیکھا تو کیا دیکھا

تماشائے دو عالم ہی مرے دلدار کا کوچہ
جہان کے گلشن و بازار کو دیکھا تو کیا دیکھا

رخ رخشان جانان کی تجلی چاہیے دیکھے
مہ و خورشید کے انوار کو دیکھا تو کیا دیکھا

کف پا کی صفائی کو مرے دلدار کی دیکھو
اگر آئینہ جوہردار کو دیکھا تو کیا دیکھا

نہ دیکھا برش تیغ نگاہ یار کو تم نے
اگر شمشیر کی اک دھار کو دیکھا تو کیا دیکھا

ہماری چشم سے لعل و گہر کی دیکھ کے بارش
سما پر ابر گوہربار کو دیکھا تو کیا دیکھا

لب و دندان دلبر کی تک آب و تاب کو دیکھو
اگر لعل و در شہوار کو دیکھا تو کیا دیکھا

یہان نوک مژہ پر لخت دل کی دیکھ جانبازی
وہان منصور صاحب دار کو دیکھا تو کیا دیکھا

طبیبون نے علاج مرض اپنا خوب کر دیکھا
نہ دیکھا حال دل بیمار کو دیکھا تو کیا دیکھا

نہ دیکھا ایک بھی تمنے اگر درد جدائی کو
فلک سے گرچہ لاکھ آزار کو دیکھا تو کیا دیکھا

یہان جو دیکھنے کا ہے اسیدم دیکھ لے غافل
نہ دیکھا اول آخر کار کو دیکھا تو کیا دیکھا

دلِ مضطر مین ظاہر یار کو تجھا چاہیے دیکھا
نہ دیکھا سایہ مین انوار کو دیکھا تو کیا دیکھا

نظر جب کھل گئی اپنی جسے دیکھا اُسے دیکھا
نہ دیکھا آپ مین دلدار کو دیکھا تو کیا دیکھا

اِدھر دیکھا اُدھر دیکھا جدھر دیکھا اُسے دیکھا
نہ دیکھا یار مین اغیار کو دیکھا تو کیا دیکھا

اِسے دیکھا اُسے دیکھا نہ یہ دیکھا نہ وہ دیکھا
نہ دیکھا ایک کو دو چار کو دیکھا تو کیا دیکھا

ہمارے شعر امداد آلٰہی سے ہین ٹک دیکھو
اگرچہ دفترِ اشعار کو دیکھا تو کیا دیکھا

غزل

پُر نعم فیض توکل سے ہے بس خوان اپنا
پکتا ہے سنگ قناعت پہ سدا نان اپنا

تلخی صبر مین حاصل ہے حلاوت دل کو
شکرِ شکر سے شیرین ہے لبِ جان اپنا

طوق تفویض و رضا کا ہے گلے مین اپنے
تیغ تسلیم پہ سر کرتے ہین قربان اپنا

بھوک اپنی ہے خورش پیاس ہے اپنا شربت
پوشش اپنی ہے لباسِ تنِ عُریان اپنا

پائمالی ہے ہمین تاج و سریر شاہی
فوج غم بے سر و سامانی ہے سامان اپنا

لالہ و گلشن و گل کی نہین پروا ہمکو
کثرتِ داغ سے سینہ ہے گلستان اپنا

خوابگاہ اپنی ہے اک خاک کی مُٹھی آخر
کیون عبث کھینچین بھلا ہم چرخ پہ ایوان اپنا

دوستی کی رہی اب کس سے توقع یارو
جب ہوا دشمنِ جان دلِ مہربان اپنا

درد و غم کا میرے دردی ہے نہ کوئی غمخوار
غم ہی غمخوار ہے اور درد ہے درمان اپنا

آسکے غیر مرے خانۂ دل مین کیسے
کہ خیالِ رخِ دلدار ہے دربان اپنا

وسعتِ دل کی کیا کرتے ہین سیر اے امداد
کبھی باغ ہے اپنا کبھی میدان اپنا

کون سُنتا ہے کہو اپنی پریشانی کو
ہے پریشان جو سُنے حالِ پریشان اپنا

غزل نعتیہ

ہو جائے مرا شوق ہی رہبر کسی صورت / جون نقشِ قدم جا پڑون در پر کسی صورت
ہے سر مین ہوائے کششِ شوقِ مدینہ / جون بادِ صبا پہونچون گا اُڑ کر کسی صورت
ہے بلبلِ دل شائق گلزارِ پیمبر / بے دیکھے نہ ٹھہرے گا یہ مضطر کسی صورت
جون نقشِ قدم سر نہ اُٹھاؤن ترے در سے / گر جا پڑون مر مر کے وہان پر کسی صورت
کھایا کرون بس ٹھوکرین زوّارون کی تیرے / اے کاش ہون در کا ترے پتھر کسی صورت
اے ماہ روش تجھے گزر ٹک تو ادھر بھی / ہو جائے مرا گھر بھی منور کسی صورت
دین ساقی کوثر جو مجھے بادۂ الفت / چھوٹے نہ لبون سے مرے ساغر کسی صورت
ہو جا کہین سرسبز مرا نخل تمنّا / آ جائے نظر گنبدِ اخضر کسی صورت
ہو مغز پریشان وہین مشکِ ختن کا / کھل جائے جو وہ زلفِ معنبر کسی صورت

غزل نعتیہ

ذکر کر ذکر خدا اور ہی تذکیر عبث / جز کلام حق کے ہی ہر بات مین تقریر عبث
حمد حق مین ہو یا نعت پیمبر مین رقم / پہلے ان دونون سے ہی ہر باب مین تحریر عبث
لکھ سکے کون یہان حمدِ خدا نعتِ رسولؐ / جز خدا اور کی اس فن مین ہی تسطیر عبث
لائی ہے باد صبا بوئے قدوم احمدؐ / کب خوشی سے ہی ہنسی غنچہ کی تصویر عبث
آئی ہے شاہ کی دنیا مین نوید مقدم / قصر شادی کی نہ ہر گھر مین ہے تعمیر عبث
سیکھتے حق سے رہے سارے علوم حکمت / یان کے آنے مین نہ تھی شاہ کی تاخیر عبث
پیر کے دن جو ہوئے پیر دو عالم پیدا / پیر ایام ہے دن پیر کانے پیر عبث
نور احمدؐ سے منور ہے دو عالم دیکھو / دیکھتے ہو مہ و خورشید کی تنویر عبث

آپ کے عتبۂ عالی کا بیان ہو کس سے
عرش کی اُسکے مقابل مین ہی توقیر عبث

روے اسلام سے اُنکے نرہا کفر کا نام
یاروا اب زلفِ بتان کی بھی ہے تکفیر عبث

اُٹھ گیا ہے کسی گلرنگ کا پردہ مُنھ سے
ہی نہ رنگِ رخِ گلشن مین یہ تغییر عبث

آپکے بخشش و انعام کی کچھ حد ہی نہین
ہی قلیل آپ کا بس اور کی تکثیر عبث

چاہیے عشقِ محمدؐ مین مسخر ہونا
کیا کرین ملک سلیمان کی تسخیر عبث

دل مین کافی ہے خیالِ رخِ انور تیرا
شمع و مصباح کی اُس گھر مین ہی تنویر عبث

جسم اپنا نہو اہاے مدینے کا غبار
اِس مسِ عیب کے حق مین ہوئی اکسیر عبث

دیکھیے کب ہو تیسر مجھے وصلِ محبوب
ہو گئی اب تو مری آہ کی تاثیر عبث

شکل کو بھی تو نہ چاہا کہ ہو شبہ محبوب
منع کی حق نے کہ ہی کھینچنی تصویر عبث

غزل

ہو کے بس شیفتۂ نقشۂ تصویر عبث
جانِ بےجان کو دیکر نہو دلگیر عبث

خواہشِ نام و نشان یان کا ہی اے پیر عبث
مثلِ امواج کے پانی پہ ہی تحریر عبث

ہو گئے سیکڑون گھر مثلِ بگولہ برباد
بس بلند اتنی یہان کرتے ہو تعمیر عبث

مثلِ انجم کے ہین گردش مین یہان اہلِ فروغ
ہی فلک سے طلبِ عزت و توقیر عبث

چین و آرام ہی کس کو کہو اِسکے نیچے
چرخ سے ہی ہوسِ راحتِ تیسیر عبث

دیکھ غنچے کو کہ آخر ہے گلِ پژمردہ
ہے جوان ہنستا ہی کیا دیکھ سوے پیر عبث

بلبلا سا نہ اُبھر بحرِ جہان مین اتنا
دم مین ہوگا یہ ترا نقشۂ تعمیر عبث

مارتا آپ کو تا کیمیا خود بن جاتا
مار اگر پارے کو اے صاحبِ اکسیر عبث

لطف جینے کا اگر پاس ہو جان بخش اپنا
ورنہ جون خضر ہی بس عمر کی تکثیر عبث

کیمیا اپنی ہے خاکِ قدمِ یار اے دل
کس لیے کرتا ہی پھر خواہشِ اکسیر عبث

ڈھونڈھتا پھرتا ہی دو شمع لیے کچھ تو ضرور
یہ فلک کی نہین دن رات کی تدویر عبث

اے عروضی مری موزون طبع کے آگے
تیری فعلن فعلاتن کی ہی تقریر عبث

مسکن اس بحر فنا مین نہ بنا تو آمداد
صورت بلبلا پانی مین ہی تعمیر عبث

غزل

ہوکے مین شیفتۂ زلف گرہ گیر عبث
لی بلا سر پہ ہوا پاے بزنجیر عبث

سنتے ہو کیا مری گرہو گئی تدبیر عبث
جملہ تدبیر کو کردیتی ہی تقدیر عبث

گردش بخت سے اپنے ہین ستائی ہم آپ
پھر تو پھر پھر نہ ستا اے فلک پیر عبث

آپکی چین بہ جبین ہمکو سلاسل بس ہی
پابزنجیر کو پھر کرتے ہو نخچیر عبث

سرکف مین ہون یہان آپ ہین شمشیر بکف
اب شہادت مین مری کرتے ہو تاخیر عبث

تیغ ابرو کا اشارہ ہی تمھارا کافی
تیز کرتے ہو مرے قتل کو شمشیر عبث

ضعف تن سے ہون ہوا سا نہ پھنسو نگا ہرگز
زلف پر باد سے دکھلاتے ہو زنجیر عبث

خواب غفلت سے جگاتے ہین یہ جون حشر کا شور
تیرے مستون کی نہین نالۂ شبگیر عبث

قوس ابرو سے ذرا تیر نگہ کو چھوڑ دو
لو لگا سینہ پہ بچائیگا ترا تیر عبث

عشق کہتا ہی کہ کر نہر لہو کی جاری
تو روان کرتا ہی فرہاد جوے شیر عبث

چشم بد بین دل بد خواہ مین ہاے امداد
چرخ پر مارتا ہی آہ کا کیون تیر عبث

غزل

گرچہ سر مارا بہت سب گئی تدبیر عبث
سچ ہی پیشانی کی ہوتی نہین تحریر عبث

قسمت اُلٹی نے مری لا کے دیے اُلٹا
ہو گئی جذب محبت کی وہ تاثیر عبث

دلمین آئے غم دلبر تو رکھون آنکھو مین
ایسے مہمان کی کیونکر کرون تحقیر عبث

اُنکی زلفونکے تصور مین ہی یہ آہ و فغان — کب ہی نالہ مرا پابستۂ زنجیر عبث
ضرب اک مارتا خسرو کے دل سنگین پر — کوہکن تیشہ سے کی کوہ کی تکسیر عبث
مجھسا دیوانہ بھی زندانمین ٹھہرتا ہی کہین — یارو پانؤمین مرے پڑتی ہی زنجیر عبث

غزل

نام اُسکا دفتر عشق مین ہرگز گذر نہین — اول قدم پہ جسکا یہان سر قلم نہین
بے مرگ زندگی وصال صنم نہین — موجود کب وہ ہو ہی جو اول عدم نہین
ہے کون ساقیا ترا جسپر کرم نہین — مخمور تیرے دور سے پر ایک ہم نہین
کرتا ہی تو کبوتر دل کو جو میرے ذبح — کیا تجھکو پاس حرمت صید حرم نہین
ہمپر جفا و جور جو کچھ ہے نصیب سے — ورنہ طریق یار کا جور و ستم نہین
پھولا نہ تخم عشق مرا ورنہ چشم و دل — گرمی مہر و ابر بہاری سے کم نہین
غمگین ہمارے غم مین ہی عالم مگر ہمین — غم ہی تو بس یہ غم ہی کہ کچھ بھی تو غم نہین
روتی ہی خلق میری خرابی کو دیکھکر — روتا ہون مین کہ ہاے مری چشم نم نہین
اے شمع جان صحبت پروانہ مغتنم — ورنہ یہ پھر معاملہ تا صبح دم نہین
منعم نہ کر غرور کہ بازار عشق مین — جز نقد جان پرستش دام و درم نہین
امداد رکھ کے سر نہ اُٹھا در سے یار کے — اور اس سے زیادہ کوئی جگہ محترم نہین

غزل

عرش بریں پہ آپ ہین زیر زمین ہونہین — ملنا کہان نصیب ہو کہ کہین تم کہین ہونہین
گر تخت حسن و ناز پہ ہین آپ جلوہ گر — اقلیم عشق مین شہ مسند نشین ہونہین
مثل نظر ہو آپ کا آنکھون مین میرے گھر — با وصف ایسے قرب کے بس دور بین ہونہین

ہے بو و گل کیطرح سے مجھ تجھ مین ربط آہ
پھر ڈھونڈتا غضب ہے کہین کا کہین نہوین

اے وائے بے نصیبی کہ ملنا نہین نصیب
سایہ کی طرح گرچہ جہان تم وہین ہو نہین

رہ تیری تکتے تکتے دم آنکھو نہین آرہا
آجا نظر کہین کہ دمِ واپسین ہو نہین

دامِ بلا مین کسکی تو امداد جا پھنسا
مدت سے جو پتا ترا پاتا نہین ہو نہین

غزل

دیکھے دل دلدار کو جب ہو گئے آزاد ہم
آفرین وہ ہمکو دین اُنکو مبارکباد ہم

خانۂ ہستی کہ ہے بس تنگ جڑ سے کھود کر
ڈالتے ہین ابتو قصرِ عشق کی بنیاد ہم

خاک ہوکر آپڑے ہین اب تو کوئے یار مین
پر یہی ڈر ہے نہ پڑ جائین بدستِ باد ہم

ہین وہ ہم صیدِ ہوس پھر جا کے پھنستے دام مین
چھوٹ جاتے گر قفس سے تیرے اے صیاد ہم

چرخ مین ہین جیسے کھائی عشق کی ہے نے ہوا
ہو رہے ہین اب تو گویا آسیائے باد ہم

مرغِ دل اپنا جو اُسکے دامِ زلفو مین پھنسا
پھنس گئے پر سب بلاؤن سے ہوئے آزاد ہم

ہم تڑپنے سے چھٹین گے تو ہماری فکر سے
ذبح کر احسان ترا مانینگے اے صیاد ہم

بس ہے اپنا ایک بھی نالہ اگر پہونچا وہان
گرچہ کرتے ہین بہت سے نالہ و فریاد ہم

ہین کفن بردوش سر برکف تامل کیا ہے پھر
قتل کر ہمکو ترے قربان ہون اے جلاد ہم

بال بال اپنا ہے نشتر ہر بنِ مو سے لہو
ہے رواں خود کیا کرین پھر تجکو اے فصاد ہم

قصرِ جنت کا رہے تم کو مبارک واعظو
ہو چکے ہین ابتو کوئے یار مین آباد ہم

زہد و تقویٰ و عبادت کا سہارا ہے تمھین
اور یہان رکھتے نہین جز فضلِ حق کچھ زاد ہم

آہ اپنے آپ کو کرتے ہین بس خوار و تباہ
اپنے دشمن آپ ہین پھر کس سے چاہین داد ہم

ہم نہ شاعر ہین نہ مُلّا ہین نہ عالم ہین پر اے
رکھتے ہین ہر باب مین اللہ سے امداد ہم

اے خدا بخش اس زمین مین لکھ غزل اک ورنہ تو
تا کہ جانین شعر گوئی مین تجھے استاد ہم

غزل

اپنے ہاتھون سے ہوئے جاتے ہین بس برباد ہم
یا الٰہی کس سے تجھ بن جا کرین فریاد ہم

آپ پر کرتے ہین ظلم اور اپنے ہی منقاد ہم
آپ ہی مظلوم ہین اور آپ ہی بیداد ہم

باغ عالم مین ہین با آہ و فغان آزاد ہم
آپ ہم قمری ہین اور ہین آپ ہی شمشاد ہم

داغ دل گلشن ہی اپنا مرغ دل ہی نالہ گر
آپ ہی ہم گل ہین اور ہین بلبل ناشاد ہم

عشق کے صحرا مین اپنا آپ کرتے ہین شکار
آپ ہی ہم صید ہین اور آپ ہی صیاد ہم

ہوگئے جب محو دلبر عشق پھر کس کار کا
آپ ہی شیرین ہوئے اور آپ ہی فرہاد ہم

قتل اپنے آپ کو کرتے ہین بے تیغ و تبر
آپ ہی مقتول ہین اور آپ ہی جلاد ہم

دے ہین اپنے آپ کو فقر و فنا کا ہم سبق
آپ ہی شاگرد ہین اور آپ ہی اُستاد ہم

آپ ہی اچھے ہین اور ہین آپ ہی سب سے بُرے
الغرض جو کچھ ہین پر ہین جامع اضداد ہم

بے نشان بے نام ہین ذیشان ہین اور ہین نامور
جبکہ سب کچھ ہین پھر نا چیز بے بنیاد ہم

علم اپنا جہل ہے اور جہل اپنا علم ہے
ہین اسی دانش سے یارو صاحب ارشاد ہم

اپنے دشمن آپ ہین اور آپ ہی ہین اپنے دوست
آپ کو کرتے ہین ویران تاکہ ہون آباد ہم

کیون نہ گل خار ہین ظلمات مین آب حیات
ہوگئے آباد تر جتنے ہوئے برباد ہم

ہی بہار ہمکو خزان مین اور خزان اندر بہار
غم ہی شادی مین ہین اور غم مین ہین بس شاد ہم

شادی و غم اپنا محو لطف و قہر یار ہے
ہی مساوی ہمکو گر ہون شاد یا ناشاد ہم

ہی برابر ہمکو قہر ہجر و لطف وصل یار
عاشق ذاتی ہین اُنکے ہر طرح منقاد ہم

ہمسے ہمپر آپ ہی ظلم و ستم ور نہ بحق
یار کو کب جانتے ہین ظالم و بیداد ہم

ہین نہ یہ شعر و غزل ہی اپنی مجذوبانہ بڑ
بڑ نہین عشاق کو کرتے ہین کچھ ارشاد ہم

ڈر ہی کیا فوج گنہ سے ہی خدا بخش اپنا نام
اور تسیر کہتے ہین اللہ کی امداد ہم

غزل

غم جانان نہ لین کیون جان مین ہم شادمان ہوکر
کہ یہ وہ درد ہی دل مین رہی درمان جان ہوکر

رہو ہو پردۂ دلمین مرے پیارے نہان ہوکر
ذرہ تو جلوہ گر ہو جاؤ آنکھون مین عیان ہوکر

نہ رکھین کیون نہ ہم پوشیدہ سرّ الفتِ جانان
کہ عظمت اسمِ اعظم کو ملی آخر نہان ہوکر

نہ کیون ہو تخم بلکہ خاک مین سرسبز و بارآور
ہوئے ہم نامور ذیشان گہ بے نام و نشان ہوکر

نکالین بحرِ الفت سے دُرِ مطلوب وہ جنکے
نکلکر بہ گیا آنکھون سے دل اشکِ روان ہوکر

اُٹھایا بارِ غم تونے دلا صد آفرین تجکو
لیا کوہِ گران سر پر ضعیف و ناتوان ہوکر

ہمارے غم کے گھر مین خواب راحت آسکے کیونکر
کہ صورت اُنکی آنکھون مین بھری ہی پاسبان ہوکر

ادب بندِ نہان ہی کیا کہون کچھ کہہ نہین سکتا
کہ دلکے دلمین رہجاتے ہین بس شور و فغان ہوکر

ہمین پرواہ کب ہی لالہ و گلزار و گلشن کی
دکھاتا داغِ دل ہی سیر ہمکو بوستان ہوکر

کہان جائے کہ کرکے ترک جو گھر بار کو اپنے
درِ جانان پہ آ بیٹھا ہو نقشِ آستان ہوکر

کہان جائے کسے ڈھونڈے نہو جسکا کوئی تجھ بن
پڑا ہو جبکہ آ در پر ترے بے خان و مان ہوکر

ترے قربان پیارے مت اُٹھا امداد کو در سے
مریضِ عشق تیرا آ پڑا ہی ناتوان ہوکر

ملے ہی گو ہرِ مطلوب بحرِ عشق سے اُنکو
کہ جنکے بہ گیا آنکھون سے دل اشکِ روان ہوکر

غزل

صوفی نہ شیخ عالمِ مسند نشین ہون مین
بندۂ ضعیف و عاصی بس کمترین ہون مین

عاقل ہون یا دیوانہ ہون مجنون ہون یا بہوش
جو کچھ کہ ہون پہ عاشقِ ماہ جبین ہون مین

گمنام بے نشان ہون ذیشان ہون نامور
سب کچھ ہون اور جو پوچھو تو کچھ بھی نہین ہون مین

ظاہر ہون اور چھپا بھی ہون آنکھون مین جیسے نور
عالم مین سیر کرتا ہون خلوت گزین ہون مین

سر مین ہو ائے ماہ ہے اے ناصح اسلیے
در در پھرون ہون اور کبھی خانہ نشین ہون مین

مت کر زکوٰۃِ حسن سے محروم بہر حق
مسکین غریب عاجز و اندوہگین ہون مین

گرچہ ذلیل و خوار ہون امداد سا دلے
انگشتری خلق مین مثلِ نگین ہون مین

غزل

تپ غم سے جو دیدہ تر مین ہوتا خشک پانی ہے
تو بے آبی سے باغ دل مین اک سوزِ نہانی ہے

ہوا بازار شوق اب گرم ہے وہ شمع رو کس جا
کہ جان اپنی ہمین اس آتش رو پر جلانی ہے

نہ جا ہون کس لیے قاتل سے مین اپنی شہادت کو
کہ وان آب دم شمشیر یان تشنہ دہانی ہے

نہ اپنی آہِ سوزان ہے دھوان سا رایگان جا تا
کہ پہونچانے کو کعبہ وصل تک مرکب خانی ہے

مین طورِ عشق پر تیرے ہون گرچہ دفتر ارنی
نہین لاتا زبان پر کیونکہ خوف لن ترانی ہے

ادب بند زبان ہے عرض مطلب مین مری ورنہ
گرہ مین اپنے خامہ کی شکایت کی کہانی ہے

ہمارے کاروان مین کب ہے جرس قیل و قال اہل
کہ راہ کشف مین گرہ دلیل طول لسانی ہے

ہے آواز جرس گویا جگا نا رہزنون کا بس
زبان کا کھولنا غارت گر سر نہانی ہے

صدف کی جون رہیگا منہ کھلا اسکا قیامت تک
جہان خامہ سے دائم مثل دریا در فشانی ہے

جو ہین ہم صاف مشرب سمجھے ہے ہر قوم اپنا سا
کہ اپنے رنگ پر ہر ظرف لیتا صاف پانی ہے

غزل اور اس زمین مین پڑھ کہ امداد الٰہی سے
حلاوت بخش عالم کو تری شیرین بیانی ہے

غزل

تپ ہجران مین جی جلتا ہے جا آنکھو نسے پانی ہے
ابھی دیکھو تو اس بارش مین کیا آتش فشانی ہے

حریف نفس کب ہو عقل جو بحر معانی ہے
کہ روغن پر کبھی غالب نہین ہو سکتا پانی ہے

ہے اپنا نطق ہر نکتہ مین سو تنگ شکر دیکھتا
حلاوت بخش تلخون کو مری شیرین زبانی ہے

ہی بیدردون سے اپنے دردکی کرنی دوا ایسی / کہ نوک خار پا کو نیش کژدم سے اٹھانی ہی

نہین ہی کسر شان ہونا مقید بند عزلت مین / مثال اسم اعظم بلکہ ہو دعظمت بڑھانی ہی

گل آسا صبح پیری مین وہ حسرت کے خمیازے / جو کھوتا خواب غفلت مین شب قدر جوانی ہی

جو زر آتش مین گم ہو جا تو خاکستر سے ملتا ہی / جوانی کا عمل پیری مین پیری مین جوانی ہی

لیے جاتا ہی کوثر ساتھ صحراے قیامت مین / کہ جو اشک ندامت سے لیے آنکھون مین پانی ہی

ہمارے جرم سے چین بر جبین کیون عفو ہو اسکا / کہ آئینہ کو بدصورت سے کب ہوتی گرانی ہی

سکے ہی دیکھنا با دیدہ کثرت نور وحدت کو / کہ حرف و جسم ہر اک شاہد روح و معانی ہی

نہ کیون ہو زنگ آئینہ کا رہبر سوے روشن گہ / مجھے زشتی سے حاصل کعبہ مقصود جانی ہی

عبث کھاتا ہی فکر رزق مین غم سخت انسان کیون / کہ تاب خور سے پتھر مین غذاے لعل کانی ہی

بڈارین قہر سے گروہ نہین شکوہ ہمین انسے / بلاوین مہر سے اپنی تو انکی مہربانی ہی

نکالین

بلاوین مہربانی ہی بڈارین کچھ نہین شکوہ / ہمین انکی بہر صورت بجا مرضی کو لانی ہی

مثال جان و تن ہی مجھ مین اسمین قرب پھر دوری / نہین کھلتا ہی اسی امداد کیا سر نہانی ہی

نہ دو ناشاد کو آرام دن کو اور نہ شب کو تم / اجی اے دل تمھین کیا عادت ایذا رسانی ہی

غزل

رخ سے کاکل اٹھا دیا کسنے / رات مین دن دکھا دیا کسنے

لاکھ کو ایک ایک کو لاکھون / کرکے ظاہر چھپا دیا کسنے

عرشی و فرشی بھی جسکو پا نہ سکین / بیت سر دل مین سما دیا کسنے

ڈھونڈھنے نکلے آپ کو کھویا / مجکو اس مین گما دیا کسنے

ابر گریان مین برق حسن دکھا / روتے روتے ہنسا دیا کسنے

منہ تو عاشق سے پھیرا تو نے اسنے / ہنستے ہنستے رلا دیا کسنے

ہے نہ عالم مین وہ تو عالم مین
شور اُس کا مچا دیا کسنے

نغمۂ سرمدی سُنا کے ہمین
مست و بیخود بنا دیا کسنے

شعلۂ رخ دکھا کے اپنا ہمین
سر سے پا تک جلا دیا کسنے

عشق معشوق عاشق اک کہکر
سرِّ وحدت سُجھا دیا کسنے

ہین تو نام و نشان مٹا بیٹھا
شہرہ میرا اُڑا دیا کسنے

اول آخر عیان نہان ہوکر
حرف شرکت مٹا دیا کسنے

شخص واحد ہے سیکڑون ہین نام
ایک کو سو بنا دیا کسنے

ہنستے ہنستے جو دم مین وہ نے لگی
شمع تجکو جلا دیا کسنے

حسنِ لیلٰے دکھا کے اے امداد
تجکو مجنون بنا دیا کسنے

غزلیات فارسی

اگرچہ بیخود و مستم ولے ہشیار میگردم
بباطن شاہ کونینم بظاہر خوار میگردم

مرا ایطیست باجانان چو نور و ہور بغرص آن
بصورت زو جدا من گرچہ سایہ وار میگردم

چو دیدم روے خوبش را بہر جائے بہر رنگے
ازین در بحر و برّ د کوچہ و بازار میگردم

عجب بیخود و بدمستم کہ طرفہ ماجرا این ست
کہ دلدارے ببر دارم پئے دلدار میگردم

ز چشمت می بیخواران رسید از لب مستان قند
چو من با این نہ با آنم ز حرمان خوار میگردم

چو شد منظور قتلِ من تغافل چیست اے قاتل
کہ سر بر کف کفن بر دوش گرد دار میگردم

شراب شوق عالم را تو بیطلبی و مے بخشی
مگر محروم گردِ خانۂ خمار میگردم

مرا نافع نخواہد شد نصیحت ناصحا ہرگز
کہ سودائیش بسر دارم نہ من بیکار میگردم

بیا نورِ محمد کن دل امداد را روشن
کہ عکس نور بے کیفم پئے انوار میگردم

جواب خط شاه سید علی احمد صاحب تخلص صلّ علی احمد انبیٹھوی

چو آمد ساقی مشکلکشا دشوار کار من | بیک جرعه ز مے بکشود عقد دلفگار من
صبا آورد چون بوئے گل وصل نگار من | بر آمد بر ہوائے شوق این مشت غبار من
بحمد الله چه راحت یافت جان بیقرار من | که آمد ناگهان نامه ز کوئے شهریار من
خبر آمد خط آمد قاصد آمد هم پیام آمد | دلم حیران که باشد بر کدامی جان نثار من
باین شکرانه بر دیده نهادم پائے قاصد را | که از نامه منور کرد چشم انتظار من
چو من منظور جذب اشتیاقم در جناب تو | بجز هم دوستان گوئید و بس عز و وقار من
پس از مدت بر آمد آرزوی جان و دل یعنی | سحر گردید از مهر خطت شبهائے تار من
بدے ذوق حیات من بسا تلخ از غم هجران | خوشا این طالع شیرین که گشته غمگسار من
بدیده گریه لب نالان بجانم سوزش لرزان | همین تسکین دل بوده همین صبر و قرار من
بعین گریه من خندان و هم در خنده من گریان | بهار اندر خزان بود و خزان اندر بهار من
گہے گریان و گه خندان گہے حیران گہے نالان | بجز این شغل یک لحظه نبودے روزگار من
نمیگردد بیان شوق وصل و شکوهٔ هجران | غرض جز ذکر و فکر تو نبودے هیچ کار من
که آمد نامهٔ خوش ناگهان صلّ علی احمد | یکایک رفت غمہائے دل اندوه گار من
ادائے شکر آن ساقی نگردد از زبان دل | که از یک جرعه زان مے برد کل رنج و خمار من
بیا و خود نگهدارش ز مشغولی غیر حق | باحسانیکه یادم کرد اے پروردگار من
ز لطف چشم آن دارم که دایم همچنین جاری | بماند دولت یاد دل امیدوار من
کنم تحریر اے امداد تا کے شوق وصل او | رسد اے کاش جائے نامه آن نامی نگار من

غزل شوقیه ارکان حج

رفتم چو بحکم هوس کوئے تو گردم | دیدم رخ کعبه دگر ره سوئے تو گردم

محراب حرم گرچه به پیش نظرم شد	من سجده وے در خم ابروے تو کردم
چون حلقه در کعبه بصد عجز گرفتم	در گردن خود سلسله گیسوے تو کردم
سر مید هر عالم پئے بوسه حجر اسود	من میل بخال سیه هندوے تو کردم
درسعی وطواف و بحطیم وبمقامے	هر سمت تمنا رخ نیکوے تو کردم
لبیک ودعا خوان همه مخلوق بعرفات	چون قبله تمامن دل خود سوے تو کردم
در عرصهٔ عرفات بپا حشر نمودم	چون یاد من آن قامت دلجوے تو کردم

قربانی حیوان بمنی میکند عالم
قربان سر خود من بسر موے تو کردم

عرضی عبدالله مسکین درمدح شریف عبدالله بن عون بصنعت توشیح

شاد باش اے شاه اقلیم عرب	رحمت حق بر تو باد از روز و شب
یا الٰهی دار سایش را دراز	فیض بخشش بر سر اهل حجاز
عون حق با تو بود اے ابن عون	باد خوش از تو غذاے هر دو کون
دوستت خوش و دشمنت برباد باد	اهل حرمین از تو بس دل شاد باد
لنگر انعامت اے شاه کرم	هست جاری دائما بر هر امم
این دعا گو هم ز خوان عام تو	بود نعمت خوار از انعام تو
نیست قوتش کشد کنون محتاج سخت	عین رحمت برکشا اے نیک بخت
درد ما کن جاری ده لقمه مرا	نعمت دارین بخشد حق ترا
نام محمد رحمت چو خواهی اے امیر	حرف اول از سر هر مصرع گیر

شجرهٔ قادریه قمیصیه منظومه

بسم الله الرحمن الرحیم

تمامی حمد ای محبوب مطلق　　بذات تو سزاوار است لایق
خداوندا بحق ذات پاکت　　پذیرا کن مناجاتم برحمت
بآنکه اسمه احمدؐ محمدؐ　　امام انبیا سلطان سرمد
بحق مرتضیٰؓ شاه ولایت　　خداوندا نما راه هدایت
بحق شیخ حبیب عجمی شه دین　　دعایم را بفضل خویش بگزین
بحق خواجه معروف کرخی　　مرا محفوظ دار از شر چرخی
بحق شه جنید آن شیخ بغداد　　ز قید دو جهان ما را کن آزاد
بحق عبد واحد بوالفضل شاه　　خداوندا کن از اسرار آگاه
بحق بوالحسن هنکاری ما حق　　بتیغ عشق خود کن سینه ام شق
خداوندا بحق شاه جیلان　　محی الدین غوث قطب دوران
بتاج الدین شاه عبد رزاق　　بده چالاکیم در راه عشاق
بحق شیخ یحییٰ زاهد حق　　مشرف ساز از دیدار مطلق
بآن عبد الوهاب بحر ثانی　　مرا کن غرق در موج معانی
بحق احمد قدسی عاقل　　نشان ماسوا مگذار در دل
بحق شاه عبد الحق عالی　　دلم را کن ز صحبت غیر خالی
بحق حضرت قمیص الاعظم　　بگریه چشم را ده عشق باهم
بحق شاه محمد غوث ثانی　　بده درد و غم و سوز نهانی

پس از حمد و ثنا صلوات بیحد　　بدرگاه تو بنده عرض دارد
خداوندا بحق شاه لولاک　　مرا کن از غم دنیا و دین پاک
عطا فرما طریقت با شریعت　　دلم روشن کن از نور حقیقت
بحق شیخ حسن بصری الٰهی　　ز سر خویش کن آگه کماهی
بحق حضرت داؤد طائی　　مرا از قید هستی ده رهائی
خداوندا بحق سری سقطی　　ثباتم ده براه نیک بختی
بحق خواجه بوبکر شبلی　　بکن بر عاشقان خود تجلی
بحق بوالفرح آن شاه طرطوس　　بکن ما را ز رحمت خویش مانوس
بحق بوسعید آن شاه بوالخیر　　بکن محو از دل من الفت غیر
بکن خالی مرا از هر خیالے　　ولیکن آنکه زو دیدست حالے
بحق شاه زین الدین والا　　مزین کن مرا از دین تقوے
خداوندا بحق شاه موسیٰ　　بنامم پرورش دادم جبین سا
بعبد القادر راسی آلها　　بملک معرفت کن شاد مارا
بحق شاه مولانا مغرب　　بگردان فهم و ذهنم [illegible]
خداوندا بحق شاه الیاس　　پناه خواهم بتو از شر خناس
بحق بو محمد شاه محمدؐ　　عطا فرما مرا عرفان [illegible]
بحق شاه عبد الحق کامل　　جمال خویش چشمم ساز شامل

بحق شاہ سید عبدرزاق | بوصل خویشتن دار ا مشتاق
بشیخ عبدالرحیم آن شاہ شہدا | شہیدم کن بہ تیغ عشق شاہا
خداوندا بحق جملہ پیران | مرا ہم در طریق شان پیران
بغوث و فرد و ابرار و باوتاد | بعشاق و بتباد و بزہاد
بخود مشغول از اندر حیاتم | اگر میرم بدہ یارب نجاتم
خداوندا باین پیران عظام | بوقت مرگ کن بالخیر انجام

خداوندا بحق رحم علی شاہ | باسرار لدنی ساز آگاہ
بحق حضرت نور محمد | منور کن دلم از نور بیحد
بحق آل و ازواج و اصحاب | بجاہ اولیا ابدال و اقطاب
ز دست نفس کافر کیش خونخوار | الہ العالمین یارا نگہدار
بعصیان بیشوم برباد اللہ | بیا و جلد کن امداد اللہ
ہر آن شخصے کہ این شجرہ بخواند | مرا ہم از دعائے یاد آرد

رباعی

ہے برا اچھا جو سمجھے آپ کو | اور بالا سب پہ کھینچے آپ کو
مردم دیدہ سے سیکھ امداد تو | سب کو دیکھے اور نہ دیکھے آپ کو

عیدی

عید گاہ ما غریبان کوئے تو | انبساط عید دیدن روئے تو
صد ہلال عید قربانت کنم | اے ہلال عید ما ابروئے تو

تمت

۱

رسالہ درد غمناک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سنو یارو عجب قصہ ہمارا
بیان کرتا ہون مین جو غم کا مارا

سناتا ہون تمھین اُسکو سراسر
گذرتا ہے جو کچھ اب میری جان پر

گذرتا ہے جو مجھ پر اندنون حال
نہ تھا کچھ اس سے پہلے غم کا جنجال

پڑا سوتا تھا مین خواب عدم مین
نہ تھا کچھ مبتلا ہستی کے غم مین

سو آکر عشق نے مجھکو جگایا
جگا کر سو مصیبت مین پھنسایا

کچھ ایسا اُس نے پھر نقشہ دکھایا
کہ جس نے مجھکو سودائی بنایا

عجب اک عشق نے رنگت دکھائی
کہ جس مین عقل تاب [illegible] گنوائی

وزیر اک کرکے نادانی کا ہمراہ
بنایا عشق کی اقلیم کا شاہ

ہزاروں غم کی لا آتش لگائی
مری سب عیش کی پونجی گنوائی

گیا ہمسدن سے سونا اور کھانا
ہوا میں غم کے تیروں کا نشانا

اجی جسکے ہو دل میں درد فرقت
اسے کب ہووے خواب و خور کی فرصت

وہ کیا جانے ہے اس درد والم کو
نہ دیکھا جس نے ہو فرقت کے غم کو

اٹھا چھاتی ہیں درد عشق جس کی
اسے صبر نیند کسکی بھوک کس کی

پڑا جو غم کا لشکر دل پہ آ ٹوٹ
متاع صبر و تسکین لیگیا لوٹ

تڑپ کر غم میں شب کو صبح کرنا
صبح سے شام تک رو رو کے مرنا

وہ جن آنکھوں میں خار ہجر ہووے
بھلا وہ عمر بھر کیونکر نہ روے

گیا سب بھول کھانا اور پینا
پڑا مشکل مجھے اب اپنا جینا

لگی کہنے مجھے خلقت دیوانہ
کسی نے درد کو میرے نہ جانا

سمجھ کر مجھ کو سودائی جہاں نے
کیا ٹھٹھا ہر اک پیرو جوان نے

جو آئے درد دل اپنا زبان پر — پڑے آفت کا ٹکڑا اک جہان پر

حقیقت دل کی گر اپنے دکھاؤن — ہنسون مین اور عالم کو لاؤن

نہ کہہ سکتا ہون کہ اب کیا کرون مین — نہ ہو سکتا ہے چپ چپکی رہون مین

ہوئی ایسی ستمگر سے محبت — نہین ہو اُسمین اصلا بوئے اُلفت

تڑپتا ہون مین جسکے غم سے دن رات — خبر اُسکو نہین ہیہات، ہیہات

ارے یارو کہو ہے جس کو اُلفت — مصیبت ہے مصیبت ہے مصیبت

محبت نام جسکا یان رکھا ہے — بلا اوپر بلا اوپر بلا ہے

کہے ہے عشق جسکو ساری خلقت — قیامت ہے قیامت ہے قیامت

ارے یارو کسی کو دل نہ دیجیو — جو دو اُمید جینے کی نہ کیجیو

کیا جب عشق نے بیتاب مجھکو — کہا مین نے یہ اُس پیارے سے رو رو

کہ صبر آئے دل غمگین کو کیونکر — ہو تسکین عاشق مسکین کو کیونکر

نہ دیکھے جب تلک دیدار دلبر — قرار اور صبر ہووے اسکو کیونکر

کرون صبر مین اب کس کس بلا پر
کہ تیرے عشق نے مجھکو ستایا
اجی جسکا ہو دشمن دل سا پیارا
خدا کے واسطے جلدی خبر لے
جو اپنی جان کی جان سے جدا ہو
اگر آنے مین ہو گی دیر تجھ کو
کہ بس جب پاس اپنے دلربا ہو
طبیب درد دل ہے گا مرا تو
جو کوئی عشق کا بیمار ہووے
مین دام زلف مین تیرے پھنسا ہون
محبت مین بلا کی جو پھنسا ہو
خدا کے واسطے جلدی سے آؤ

ہے بہتر جاؤن اس غم سے کہین مر
مرے دلکو پھر اک دشمن بنایا
بچے کیونکر کہو مجھ پہ وہ بچارا
کہین یہ آپ خون اپنا نہ کر لے
نہ کیون اس زندگانی سے خفا ہو
نہین پانے کے زندہ پھر تو مجھکو
فنا ہونے سے پہلے وہ فنا ہو
کرون کس سے علاج اپنا بتا تو
علاج اس کا نہ جز دلدار ہووے
خلاصی تو بتا مین کس سے چاہون
وہ جز دیدار دلبر کب رہا ہو
تڑپ اور بے قراری کو مٹاؤ

خدا کے واسطے اب مت ستم کر | خدا کے واسطے اب تو کرم کر

اگر رونا مرا خوش آوتا ہے | یہ درد و رنج تجھکو بھاوتا ہو

تو ور دو غم سے نت روتا رہونگا | تری الفت مین جی کھوتا رہونگا

جو ہوگا شعلۂ رخ کا ترے دھیان | تو ہون گا خاک جل بجھکر مین اُس آن

جو یاد آئیگی وہ زلف پریشان | تو پیچ و تاب کھانے کی مری جان

تصور تیری پیشانی کا گر ہو | تو ہو دیوار غم اور میرا سر ہو

جو آئے تیرے گوش چشم کا دھیان | کرون مین گوہر اشک اُسپہ قربان

خیال اُس تیغ ابرو کا اگر ہو | وہین قربان اُس پر میرا سر ہو

تصور تیری مژگان کا گر آئے | ہزارون برچھیان دل مین لگائے

دُر دندان کو تیرے یاد کرکے | بہاؤن اشک سے ٹکڑے جگر کے

جو خال رخ کا ہو تیرے تصور | سیہ داغون سے ہو سینہ مرا پر

جب آئے یاد تیرا قد و قامت | کرون برپا وہین شور قیامت

۲۴۹

٦

رہو پردے میں یوں باتیں بناتے
نہیں صورت وصل اپنی دکھاتے

ذرا بہر خدا پردہ اٹھا دے
وہ مکھڑا چاند سا مجھ کو دکھا دے

بہت نزدیک ہوں تیرے تو اے یار
وصل تجھ تک پہنچنا ہی ہے دشوار

ہے بو گل کی جوں مجھ میں قربت
نہیں معلوم پھر کیوں ہے یہ فرقت

میں ہوں سایہ نمط ہمراہ تیرے
نہیں ہے چل پر قسمت میں میرے

رہو دل میں مرے پیارے سدا تو
ذرا تو سامنے آنکھوں کے آ تو

مجھے چھاتی سے تک اپنی لگاؤ
یہ شعلہ عشق کا میرے بجھاؤ

ہو تو نزدیک میرے مجھ سے اے یار
غضب ہے تس پہ بھی ملنا ہو دشوار

ہے مجھ میں اور تجھ میں ربط ایسا
رواں ہو وے بدن سے خون جیسا

اجی کس کی ہے پھر یوں انتظاری
یہ کیسی ہے تڑپ اور بے قراری

قریب اتنا ہوا اور پھر دور ایسا
نہیں کھلتا ہے یہ پردہ ہے کیسا

یہ پردہ دور تک اللہ کر تو
مجھے اس بھید سے آگاہ کر تو

۲۵۰

سبھون پر ہی کرم پیارے تمہارا
نہین ہے فکر لیکن کچھ ہمارا

کرو غیرون پہ لطف و مہربانی
ہمارے نام سے نفرت ہے جانی

نہین تدبیر کچھ ملنے کی تیرے
خدا جانے ہے کیا قسمت مین میرے

نہ جانون ٹھوکرین کھاؤنگا کب تک
یہ ایذا ہجر کی پاؤن گا کب تک

ملے گا یا نہ تو مجھ سے ملے گا
خدا جانے مقدر کیا کرے گا

نہ اب تقصیر اس مین کچھ تری ہے
نصیبون مین لکھا میرے یہی ہے

ہے تیرے وصل کی منزل بہت دور
اثر ہی لنگ اور ہمت ہے رنجور

کشش مین کچھ اثر میری جو ہوتا
گذر بیشک ادھر بھی تیرا ہوتا

جو کرتا شوق میری رہنمائی
تو ہوتی کیون مری تجھ سے جدائی

کہون مین آہ کیا تیری حقیقت
مصیبت ہے مصیبت ہے مصیبت

نہ میرے درد و غم کا کوئی غمخوار
ہر اک ہے اپنی اپنی بوجھ کا یار

کہو کس سے کہون مین اپنا احوال
کہ ہے غیرون سے کہنا جی کا جنجال

۲۵۱

نشان عشق از عشرت مٹاؤن
تمامی محنتین غم کی اٹھاؤن

کیا تاک درد و غم ظاہر کرو مین
نہین کچھ انتہا اس چپ رہو مین

یہی بہتر ہی اب خاموش رہنا

اگرچہ ہون بُرا پہ ہون تمھارا — نہین بن تم مرا اکدم گذارا

تمام امداد کر یہ دردنامہ — کہین ایسا نہو پھٹ جائے خامہ

یہ درد اپنا بس اب اظہار مت کر — خدا کے واسطے رکھو جی کے اندر

کہ تیرے درد اور اس غم کو سُنکر — پھٹا جاتا ہے دل عالم کا یکسر

بس اب تک شکر مت ہو دیوانہ — کہ بہتر درد دل کا ہے چھپانا

نہ ہو ایسا تری گستاخیون پر — خفا ہو جاوے تیرا تجھ سے دلبر

وہ تیرے حال دل سے ہی خبردار — نہ کر اب شور و شر زنہار زنہار

نہ کر غل صبر کر یہ مان میری — کہ تا اُمید بر لاوے وہ تیری

بس اب خاموش ہو گفتار کم کر — ملال آوے نہ شاید اُسکے دل پر

اُسی پر سونپ دے اب کام سارے — وہ چاہے سو کرے تو دم نہ مارے

رضا گم اپنی کر اُس کی رضا مین — نہ پڑ ہرگز خودی کی تو بلا مین

وہ مالک ہے کرے جو کچھ کہ چاہے — خلاف اُسکے نہ تو دم مار گا ہے

بس اب خاموش ہو گفتار کم کر

بس اب اللہ بس اللہ بس ہے

سوا حق کے جو ہے باقی ہوس ہے

تمت

الحمد للہ والمنة کہ رسالہ درد

غمناک مصنفہ جناب حاجی

الحرمین الشریفین حضرت

حاجی محمد امداد اللہ

صاحب نور اللہ مرقدہ

اللّٰہ الصمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الٰہی تو ہے وحدہٗ لاشریک
بنایا ہے تو نے ہر اک شے کو ٹھیک
عدم سے تو ہستی میں لایا ہمیں
یہاں آب و گل میں پھنسایا ہمیں
ضعیفی سے ہمکو توانا کیا
تھے نادان ہم تو نے دانا کیا
کری ہم پہ نازل یہ روشن کتاب
کیا اُسمیں امر و نہی کا خطاب
نہ کی نیک اور بد میں ہم نے تمیز
رہے اپنی غفلت سے ہم بے تمیز
رہی وہ ہی ہم پر کرم کی نظر
وہ نور ہدایت رہا جلوہ گر
ہے روشن اگرچہ ہدایت کا نور
ولے کیا ہو حاصل کہ ہیں ہم تو کور
عطا کر وہ بینائی ہم کو الٰہ
ملے جس سے ہم کو ہدایت کی راہ

مناجات بجناب قاضی الحاجات

الٰہی الٰہی الٰہی الٰہ
میں ہوں اپنے اعمال بد سے تباہ
الٰہی میں عاجز ہوں بندہ ترا
گنہگار ہوں ہے یہ حال بدتر مرا
الٰہی سراپا ہوا میں گناہ
ہوئی مجھسے گم آہ نیکی کی راہ
الٰہی مجھے ہے یہ شرمندگی
کہ بن آئی مجھ سے نہ کچھ بندگی
میں شرمندہ ہوں اپنی اس عقل سے
کہ غافل رہا جو رہ وصل سے
خرد وہ کہ جو بندۂ یار ہو
بجز یار آنکھوں میں سب خار ہو
خرد وہ کہ خوش تجھکو رکھے مدام
رہے حکم میں تیرے وہ صبح و شام
کیا عمر بھر میں ترے برخلاف
بھلا اس سے زیادہ ہو کیا ظلم صاف
رہا میں صدا بحر غفلت میں غرق
نہ سمجھا کبھی نیک اور بد میں فرق
الٰہی مری عمر دشمن نے لی
رہی شہوت اور حرص باقی رہی
ہوئی حرص زیادہ ہوا میں تمام
نہ افسوس کوئی کیا نیک کام
الٰہی میں کی گرچہ کوشش بڑی
ولے ساری تدبیر اُلٹی پڑی
الٰہی میں بھٹکا بہت دربدر
ترے در پر آخر پڑا آن کر
کہاں جاؤں تیرے سوا کون ہے
کروں جس سے جا التجا کون ہے
الٰہی نہ تیرے سوا ہو جسے
نہ ڈھونڈھے تجھے پھر وہ ڈھونڈھے کسے

الٰہی نہ جانی تری قدر آہ
جوانی تو کیا زندگانی چلی
الٰہی ہے کیا تیری رحمت کا جوش
الٰہی بہت اس سے خجلت مین ہون
بیان کیا کرون اپنی شرمندگی
الٰہی بہت ہی بُرا بندہ ہون
الٰہی ہوا ہون سراپا خطا
ترے در پہ آخر سر افگندہ ہون
نہ مجھ سا گنہگار شرمندہ ہو
دہین رزق دیتا ہی شام و پگاہ
الٰہی عجب تیری رحمت ہی واہ
کرون مین گنہ شاد کرتا ہی تو
الٰہی ہے تیرے کرم سے اُمید
الٰہی تری ہے نظر عفو پر
ترے عفو کے آگے میرے گناہ
تو ہین سنگریزے بھی رشک قمر
گناہ میرے اور تیری بخشش بھلا
کہان تیری خاک اور کہان آسمان
مرا عذر ہوا اب الٰہی قبول ہو
الٰہی ترے در پہ رکھا ہی سر
کرنے مین گنہ جہل اور سہو سے

کری عمر لہو و لعب مین تباہ
کرے میرے تو ٹکڑے ٹکڑے اگر
کہ دیکھے گناہ اور رہا پردہ پوش
الٰہی ہر اک آن حاضر ہے تو
کہ دیکھے ہی تو یہ مری زندگی
الٰہی خبر لے مری تو شتاب
نہ سمجھے تو گر ہو مرا حال کیا
ہون اس بندہ کہنے سے شرمندہ سخت
خدا پاک کا پاک ہی بندہ ہو
کرے مین گناہ آہ بے خوف و ڈر
عجب حلم ہے تیرا اے بادشاہ
کرم تیرا گر دستگیری کرے
سیاہی کو میری کرے تو سفید
خس و خاک سے تیرہ ہو پھر کب
شب تار جون پیش خورشید ماہ
کیا مین گنہ گر بڑے سے بڑا
برابر کہان ہو سکے اے خدا
کہان ظلمت شب کہان آفتاب
مجھے خوار و رسوا نہ کر اور ملول
نہ سر کو جھکاؤن کہین جا کے مین
اور اس حرص نفسانی و لہو سے

ہے افسوس عمر جوانی چلی
الٰہی مین لائق ہون اسکے مقر
الٰہی مین پردہ مین غفلت مین ہون
مین کرتا ہون جو فعل ناظر ہی تو
الٰہی گنہگار و شرمندہ ہون
ہوا حد سے زیادہ بس ابتو خراب
ہون گر نیک یا بد ترا بندہ ہون
شہ نیک کا بندہ ہو نیک بخت
الٰہی تو دیکھے ہی میرے گناہ
رہی وہ ہی رحمت کی مجھ پر نظر
مین غافل مجھے یاد کرتا ہی تو
تو پھر کیون نہ بندہ امیری کرے
گناہون پہ بندون کے کب ہو نظر
ہو چشم فلک گرد سے خیرہ کب
تو وہ خود ہی تیری پڑے گر نظر
و لے تیری بخشش کے آگے ہی کیا
الٰہی کہان جرم بخشش کہان
کہان ہی سیاہی کہان ماہتاب
بہت پھر پھرا کے مین اب آن کر
سوا تیری درگاہ والا کے مین
و لے تیری رحمت سے امید ہی

بدی کے عوض مجھکو نیکی سے لے
نہ رسوا کیا ہی جو تونے یہان
ہے کیا چیز آگے ترے پیر رب
کہان جاوے اب بندہ تیرا بتا
الٰہی کرون عرض پھر کس سے جا
ترے بندے ہین مجھسے بے انتہا
تو بس ہو چکا مین الٰہی تباہ
کیا مین جو لائق مرے کام ہی
کرم عفو بخشش ترا کام ہے
الٰہی بحق محمد رسول
الٰہی تو کر رحم اس پر مدام
تو فتاح و غفار و رزاق ہی
الٰہی یہ بندہ ہے تیرا ذلیل
الٰہی تو ہے شاہ اور یہ گدا
تو ہے داد گر اور یہ مظلوم ہے
الٰہی یہ طالب تو مطلوب ہی
بحق محمد شہر دوسرا

نعت شریف

محمد سا مخلوق مین کون ہے
نہ ہوتا دو عالم کا ہرگز ظہور
محمد کی طاعت جہان پر ہی فرض

گنہ میرے جانے ہی تو علم سے
الٰہی تو رکھیو مری شرم دان
بڈارے مجھے یا بلا وے مجھے
کسے ڈھونڈھے جو بندہ تیرا بتا
الٰہی برا یا بھلا ہون ترا
مرا ہے بتا کون تیرے سوا
بڈارے مجھے اپنے در سے تو گر
تو وہ کر جو تجھکو سزاوار ہے
بدی جہل و غفلت مرا کار ہے
دعا ہووے امداد کی اب قبول
الٰہی غنی تو ہے اور یہ فقیر
یہ بدکار و فجار و فساق ہی
الٰہی تو رازق یہ مرزوق ہے
الٰہی تو مولے یہ بندہ ترا
الٰہی یہ عبد اور تو معبود ہی
الٰہی محب یہ تو محبوب ہے
الٰہی دعا ہو اب اس کی قبول
محمد ہے ممدوح ذات خدا
اسی کا طفیل ہی یہان جون ہی
محمد خلاصہ ہی کونین کا
محمد کی طاعت سے جاو لگا فرض

کرے پردہ پوشی سدا حلم سے
الٰہی ہمارا بد و نیک اب
الٰہی نہ چھوڑونگا در کو ترے
نہ تو نے سنی گر مری التجا
سوا تیرے ہی کون تبلا مرا
نہ کی تونے گر اب کرم کی نگاہ
الٰہی بتا پھر مین جاؤن کدھر
گنہ جرم و عصیان مرا کام ہے
تجھے عفو بخشش سزاوار ہے
الٰہی یہ عاجز ہے تیرا غلام
الٰہی قوی تو ہے اور یہ حقیر
الٰہی تری ذات ہی بس جلیل
الٰہی یہ عاشق تو معشوق ہے
الٰہی تو راحم یہ مرحوم ہی
الٰہی تو ہی اس کا مقصود ہی
الٰہی تو کر اس کی حاجت روا
بحق صحاب اور آل رسول
محمد کا ہو وصف کس سے ادا
نہ پیدا اگر ہوتا احمد کا نور
محمد وسیلہ ہے دارین کا
پڑے کفر اور شرک مین ہم تھے سب

محمدؐ سے ہم کو ملی راہ رب
گرفتار تھے نفس و شیطان کے ساتھ
محمدؐ نے دی ہم کو ان سے نجات
خبر دی رہ دین و ایمان سے
کہ تا ہم بچین نفس و شیطان سے
بتلائے ہمین ایسے وہ داؤ گھات
کیا ہم نے جس سے عدو کو مات
محمدؐ کی طاعت کرو آٹھون پہر
کہ تا وصل سے حق کے ہو بہرہ ور
محبت محمدؐ کی رکھ جان مین
محمدؐ محمدؐ کہو ہر آن مین
محمدؐ کی الفت سے اور چاہ سے
ملے گا تو امداد اللہ سے
محمدؐ کے ہین خاص حق کے ولی
ابوبکرؓ عمرؓ اور عثمانؓ علیؓ
محمدؐ کے اصحابؓ ازواجؓ و آلؓ
ہر اک ہی ہدایت کا بدر کمال

افسوس اور ندامت کرنا اسپر کہ عمر غفلت مین چلی جاتی ہی اور تنبیہ کرنا نفس سرکش اپنے کو سرکشی حکم اللہ تعالی کی سے اور رجوع کرنا اسکو طرف فرمانبرداری معبود حقیقی اپنے کے اور جواب در جواب اُسکے

سنو دوستو گوش دل سے ذرا
سناؤن تمھارا تمھین ماجرا
کہ اندر وجود آدمی کے سدا
رہے جنگ ہی نفس اور روح کا
رہو تم خبردار دونون سے اب
نہین تو پڑے تم پر آخر غضب
علاج اُسکا خوب ہی بتاتا ہون مین
تمھین راہ سیدھی دکھاتا ہون مین
کروگے گر اُس پر عمل جان سے
رہو گے بچے نفس شیطان سے
بیان حال اپنا کرتا ہون مین
کہ جس فکر مین روز رہتا ہون مین
مجھے آگیا جو خیال ایک رات
لگا سوچنے اپنے دل مین یہ بات
کہ افسوس غفلت مین جاتی ہی عمر
سدا کوس رحلت بجاتی ہی عمر
مجھے فکر کل کا ہوا آج یون
کہ کی دولت عمر برباد کیون
نہ سویا شب اس فکر مین ایکدم
رہا رات بھر اس سے مین چشم نم
اسی مین گئی رات ساری گذر
شش و پنج کرتا رہا تا سحر

تنبیہ کرنا اور ڈانٹنا نفس مردود کو

کہا نفس کو آخرش مین نے رات
کہ کیا ہو گیا تجھکو اے بد صفات
خبر حال کی تجھ کو اپنے نہین
کہ آیا تھا یان کس لیے اے لعین
کیون آیا ہی یان کیون تو پیدا ہوا
کدھر جائے ہی کس پہ شیدا ہوا
بتا تجھ سے کیا حق کو منظور تھا
یہان آکے کیا کام تو نے کیا
تجھے جس لیے حق نے پیدا کیا
بتا اُس مین یہان آکے کیا کیا کیا

کیا حق نے پیدا تجھے کس لیے
مرے کہنے کا بھی اثر کچھ نہین
یہی آدم آئینہ اُس کا ہوا
ہین ایمان اُس پر رکھون ہون غلام
ہے دشمن حقیقی مرے دل کا تو
محبت کہ ہو جس سے دل شادمان
تو پھر کیون گنا ہون پہ عاشق ہی تو
کہا اُس نے ہی وہ رحیم و غفور
وہین پل مین مقبول درگاہ ہون
گنا ہونگی ہے دل مین اُلفت بھری
طریق شریعت پہ چل اے دغل
کہا حق نے تجھ کو ظلوماً جہول
مرے سامنے لاتا ہی اے دروغ
کیا تجھکو آگاہ اِس واسطے
نہ مغرور ہو کام کا کام کر
نہ تجھ سا کہے یہ کہ جاہل ہو نہین
تو وہ اور چلنے مین ہوتا ہی سست
یہ سُنکر وہ شرمندہ ایسا ہوا
مین جانا کہ کچھ اُسکو آیا ہی جوش
کہا مین ہوئی تجھ پہ رحمت درست
ہی کب اُسمین دخل عقل تدبیر کا
نہین کرتا وہ کام تو کس لیے

جواب دینا نفس کا

یہان مظہر اپنا بنایا مجھے
ہے توحید سے اُسکی دل شادکام
بتاتا ہی کیون تو یہ باتین دروغ
کہان ہے وہ تجھ مین مجھ سے نشان
کرے ہی کب عاشق خلاف حبیب
گنہ میرے سب بخش دیگا ضرور
کہا مین فریب اب مجھے دے ہی کیا
فریب حق کو دیتا ہی تو اے شقی
کہا تنگ مت کر تو اتنا مجھے
نصیحت سے تیری ہوا اب کیا حصول
ظلوماً جہول حق نے تجھکو کہا
کہ تا تو گنا ہون سے بچتا رہے
کسی کو اگر کہیے جاہل ہے تو
پڑھون کس طرح علم کا اہل ہو نہین
اور ہووے اگر اسپ نیکو نہاد
گویا اُسکے تن سے ہوئی جان ہوا
اب اور ایک چابک لگا جلد تر
تو طاعت مین اب کیون نہین ہوتا چست
کری حق نے تجھ تجھ سے پہلے نوشت
تجھے آہ اپنی خبر کچھ نہین
کہا اُس نے وہ تھا خزانہ چھپا
محبت کا جامہ پنہایا مجھے
کہا مین کہ اے نفس بدزشت خو
تری بات ہرگز نہ رکھے فروغ
جو ایمان و اُلفت مین صادق ہی تو
نہین تجھکو اُسکی محبت نصیب
کرون مین گنہ پھر تو توبہ کرون
دغا کی ہو توبہ سے کیا فائدہ
تو اِس جہل اور مکر ہی سے نکل
مین ناچار ہون حق کی تقدیر سے
کہا مین وہ ہی حجت بے فروغ
کہ ہے عیب اور نقص تجھ مین چھپا
مت اس پر تو اتنا اب اصرار کر
تو وہ جہل سے بھاگے بے گفتگو
گدھے کے جو چابک لگے خوب چست
اشارے سے چلتا ہی وہ مثل باد
جو اس بات سے اُسکو دیکھا خموش
کہ شاید یہ آوے کہین راہ پر
وہ بولا جو ہے حکم تقدیر کا
نصیبون مین ہر اک کے دوزخ بہشت

لکھا جو گیا حق کی تقدیر سے
تو چاہے سو کر اب برا یا بھلا
کہاں ہین کہ لے نفس بد جیسا
اُٹھایا ہے ہین پھیر غفلت سے سر
عمل نیک پر جسکو قائم رکھا
خدا کا غضب اُسپہ نازل ہوا
نہ جانے تو گر حق کی تقدیر کو
کہ دوزخ مین رکھینگا تجھکو ضرور
کہا تھا خدا نے جو کچھ تجھکو یار
خیال عبث پر جو باندھی کمر
کہ ابلیس وہ علم کے اوپر قیاس
جو آوے قضا بد شقاوت کرے
کہاں ہین اسی سے تو رکھتا ہو ڈر
کیا حق نے درگاہ سے اُنکو دور
سمجھ لے یہ ہے بے نیازی کی شان
عبادت سے حق کے ہوے کاشیا
بہت عابد و زاہد و متقی
گیا تو وہ عابد کے نقصان پہ
کرے تو گناہ اور نہ چاہے نجات
سمجھتا ہے پھر آپ کو راہ پہ
ترے آنگے ورنہ ہو خیر کر

مٹا کب سکے کوئی تدبیر سے
کرے گرچہ شیطان کی جون تو سجود
یہ مکر و فریب اور لایا نیا
عمل بھی تو تقدیر سے سب ہے جان
سمجھ لے کہ حق اُن سے راضی ہوا
ہوا دور رحمت سے وہ بر ملا
رضا کا نشان ڈھونڈھ گمرہ نہو
کہا ہے وہ لے حق نے یہ بخلل
ہوا اُس سے گمراہ تو زنہار
کہا سیکڑون نے عمل خوش کرے
اسی سے مرے دلمین ہین ہراس
مرے کفر مین اور عمل ہوے حبط
کہ کی تونے دو عابدون پر نظر
نہ کی کچھ عبادت پہ اُن کے نگاہ
کرے ایسے بندون کو جو بے نشان
کرورون مسلمان طاعت کرین
ہوے نیک اعمال سے خلق
بگڑ کے وہ ملعون کی تو سند
عجب ہے حمق تیرا اسے بدنصیبا
اگر اُسکی ہے بے نیازی کی شان
نہ بخشا گیے تو دے جان اُسکو مقر

نہین ٹلتا جو کچھ قلم لکھ چکا
جو تقدیر بد ہو تو کیا ہوشے سود
نہ سمجھا تو کچھ بھی اب اے حیلہ گر
مقدر کا ہووے عمل ہی نشان
دیا جسکو شہوت کے اندر پھنسا
عمل بد مین جو ہوگیا مبتلا
کہا حق نے کب تجھسے اے بے شعور
رضا کی نشانی ہے اچھے عمل
ہے تف تیری عقل اور فہمید پر
جو تقدیر بد سے تھے سو کافر مرے
اگر عمر ساری عبادت کرے
اسی فکر سے عقل ہو میری خبط
ہوا عمر مین اُنسے جو اک قصور
کیا اک گنہ سے اُنھین یون تباہ
ہزارون نبی اور ولی بیحساب
ہوے حق کے مقبول اور کاملین
نہ ان سب کے کی فائدون پر نظر
لگا کرنے بے خوف اعمال بد
ہزارون کرے جرم شام و سحر
نہین تجھکو پھر کس لیے خوف جان
خفا ہو کے بولا وہ غفار ہے

غفور اور حلیم اور نکوکار ہے
گنہ میرے ہون گرچہ بے انتہا
وہ غفار ہے بخشدے گا مگر
ہے اللہ بیشک غفور اور حلیم
جمال اور جلال اُسکی ہر دونون شان
تو بخشے تجھے وہ کہ غفار ہے
نہ سمجھا ولے اُس کے انجام کو
کرے ہے گناہ آہ بے خوف و ڈر
خدا کی وہ بخشش کے قابل نہین
کرا چھے عمل یار شام و پگاہ
کہ یہ اُسکی عادت ہی جاری قدیم
بھلا جہل ہو اِس سے زیادہ کسے
تری خود ہی اسمین سراسر خطا
گنہ میرے گرچہ ہین کوہ گران
وہ اللہ ہے اکرم الاکرمین نہ
کہا مین کہ یہ تو کہا تو نے سچ
کریم اور رحیم اور ستار ہے
ولے حیف ہے ایسے غفار کو
وہ آزردہ کرنے کے قابل نہین
وفادار سمجھے کرے پھر گناہ
وہ لائق عبادت کے ہے اے لئیم

ہے قرآن مین ہر جا غفور و حلیم
پر اس سے ہے سو درجہ رحمت سوا
کہا مین تو نازان نہو اے لعین
ولیکن ہے قہار بھی اے لئیم
کرے سہو و غفلت سے گر تو گناہ
نہ بخشے اگر چاہے قہار ہے
کرے جہل و طغیان سے یار تو
نہین عجز و زاری کا تجھ مین اثر
ذرہ کر کے توبہ کر اچھے عمل
اگر ہو گیا کوئی تجھ سے گناہ
ملا ایک کو گر خزانے مین گنج
بس اب چھوڑ چل پر رہِ راست لے
یہ نیک عادت اُسکی کہ ہون جانتا
ولے اُسکی بخشش ہے جون آسمان
مجھے کس لیے تنگ کرتا ہے آہ
ولے ایسے باطل ارادہ سے بیچ
گنہ تیرے اور اُسکی بخشش میان
کیا تو نے آزردہ اسے زشت خو
جو جانے ہے تو حق ہے نیکو صفات
خطا پر خطا یہ تو کرتا ہے آہ نہ
کرے ذات ایسی کو آزردہ جو

وہ بیشک ہے رب الرؤف الرحیم
گناہون سے اپنے نہین مجھکو ڈر
کہ حیلہ یہان کام آتا نہین نہ
کرے بخشش اور قہر بھی بیگمان
اور ہو جاوے تجھسے خطا گاہ گاہ
ہے تو اک طرف اپنے آرام کو
گناہون پہ کرتا ہے اصرار تو
جو ایسا ہو گمراہ و سرکش کہین
خدا کے لیے مت پڑا اندر خلل نہ
یقین جان اُسوقت ہے وہ کریم
تو کب اور کھیتی کا چھوڑینگے رنج
کہا اُس نے مجھپر نہ کر تو جفا
ہون عفو و کرم اُس کا پہچانتا
گنہ میرے بخشش سے زیادہ نہین
وہ مجھسے بھی بدتر کے بخشے گناہ
بلا شک وہ ایسا ہی غفار ہے
برابر نہو سکتی ہے بے گمان
جو ہو ایسا محسن ارحم الراحمین
نکو دوست عافی ہو اور نیک ذات
جو ہو ذات ایسی غفور اور حلیم
وہ گردن زنی کے ہے لائق سنو

نفس سے عاجز اور تنگ ہو کر جانا اپنا طرف سلطان روح کے اور مدد چاہنی اس سے

جو دیکھا کہ ہے اُسکی حجت قوی
تجھے ملک و تن کا ملا تاج و تخت
کیا تنگ ہے اس شقی نے مجھے
مقابل ہون اُسکے مری کیا ہے شان
رعیت سے محصول لیوے بزور
تصرف تسلط بہت ظلم سے
یکایک وہ لے توڑ تیرے امیر
کرے ملک تن مین عمل آکے وہ
تجھے حق نے کیون ہے خلیفہ کیا
ذرا مجھ سے مظلوم پر کر نظر
کہ ہو دور جس سے یہ فتنہ فساد
شہ روح کو آگیا دون ہی جوش
کیا حکم تا جلد آوے وزیر
سب آداب شاہانہ لایا بجا
یہ سلطان روح سے کہا اُسنے جا
رکھو اپنی خاطر کو اب جمع تم
کرین قتل لین اُسکا اسباب لوٹ
رکھین شرع کی بند زنجیر مین

گیا آخرش مین طرف روح کی
خلیفہ ہے اس ملک مین حق کا تو
پکڑ جلد اور مار گردن اسے
کہا مین کہ کیا چاہتا ہے یہ تو
زمین بدن مین پڑے شر و شور
اگر تخت دل پر گیا بیٹھ آہ
کرے قتل یا رکھے اُن کو اسیر
رہے پھر یہ کب شان و شوکت تجھے
یہ کیون بادشاہی کا رتبہ دیا
وزیر خرد کو بلا کر کہین
رہے ملک تن پھر ہمیشہ کہ شاد
بدن مین لگی اُسکے غیرت کی آگ
کہ تدبیر اس کی بتا دے وزیر
مرا حال سُن اور افسوس کر
کہ یہ فتنہ اتنا نہین کچھ بڑا
یہ ہو حکم آوین امیران فوج
غرور اُس لعین کا دہن جائے ٹوٹ

کری عرض جا کر کہ اے نیکبخت
پہونچ بہر حق میری فریاد کو
کہا یہ کمینہ کہان مین کہان
کہ لیوے یہ باغی ترے ملک کو
کرے ہفت اقلیم تن مین مرے
رعیت کو کر دیگا دم مین تباہ
ترے سب امیرونکو بہکا کے وہ
دکھا دے بہت سی وہ ذلت تجھے
تو ملک بدن کا ہے حاکم اگر
کر و ایسی تدبیر اے شاہ دین
مری عجز و زاری کو سُنکر بہوش
کہا مین سُنا تا ہون مین اُسکا راگ
یہ سُنتے ہی آیا وزیر عقل کا
وزیر خرد بھی ہوا چشم تر
کہ ہو شہ کے اقبال سے دم مین گم
کہ ہون مستعد جنگ کو مثل موج
جو ہو جاوے عاجز تو پھیرین کرین

ملک تمہین بتا ہی نفس کو
سُنی چھپ کے جو یہ حکایت تمام

خبر کرنی جاسوس وسواس کی کہ نفس کی طرف سے

تھے اسمین کہ جاسوس وسواس نام
کری نفس سے جا شکایت تمام

کہ تھا نفس سے ملک تن مین امام
کہا کیا تو سووے کہ سلطان روح

شہ ملک دل وہ سپہ فتوح
کوئی دم مین لیوے گا تجھکو پکڑ
اسی فکر مین جان کو کھو دیا
ولیکن بمقدور کوشش کرون
عدو دون سے اپنے جھگڑنیکا فکر
جو اپنی شجاعت دکھاؤن اسے
مین روز ازل سے ہون قاہر بشیطان
غنیمت نہین جانتا ہی وہ کیون
تماشا اسی دم مین دکھلاؤن مین
کیا ہی اگر اُس نے سامان جنگ
پڑا میرے اوپر یہ اب سخت کام
جو شیطان سنگہ ہو قدیمی زبر
کہ جس بات مین ہو ہماری فلاح
کہا لطف سے تیرے ای نامدار
کہ جس سے تو ایسا دل افگار ہے
ترے پاس لاکر کے ای ارجمند
کرے کام سلطان روح کا تمام
مین بھیجون اُسے تا تباہی کرے
روانہ کیا ملک کو روح کے
رہ چشم سے آ گیا ناگہان

کرے ہی ترے قتل کے واسطے
شریعت کی زنجیر مین لے جکڑ
کہا ہاے تدبیر اب کیا کرون
کہ تا اُسکے صدمے سے بیچار ہون
کرون اسطرح مین بھی سامان جنگ
علم کا مین رستہ بتاؤن اُسے
سخن پروری کا ہی میرا شعار
کہ مین چھوڑ رکھا ہی اُسکو جو اون
مچاؤن فساد ایسا اور شور و شر
تو یان بھی نہین جنگ سے کچھ درنگ
کہ سلطان روح کی بڑی شان ہو
کہ ہر کام مین ہی ہمارا مشیر
یہ سنتے ہی ابلیس آیا ادب
ہماری ہو مشکل سب آسان کار
ہو آسان سب تیرے اقبال سے
کرون حرص کی قید مین اُسکو بند
دہی بخشی ملک کافی ہی بس
سپہ پدری کو اُسکے سیاہی کرے
جو تخت ملک تن کے نگہبان چند
لیے ساتھ غصے کی فوج گران

تمام اپنے لشکر کو آراستے
یہ سنکر خبر نفس نے رو دیا
کہ تا ہا قدر سے اُسکے بیچار ہون
کرون مین بھی اب اُس سے لڑنیکا فکر
جسے دیکھ فوج اُسکی ہو جائے دنگ
بھلا ملک تن چھوڑ جاؤن کہان
فساد اور فتنہ مرا کاروبار
جو اُس وقت اپنے پہ آ جاؤن مین
کرون ملک کو اُسکے زیر و زبر
یہ کہکر لگا سوچنے پھر وہ خام
نہین لڑنا اُس سے کچھ آسان ہے
بلاکر کے اُس سے کرون وہ صلاح
بجا لایا آداب شاہانہ سب
یہ اتنا نہ کچھ کار دشوار ہے
پکڑ اُسکو لاؤن مین ہر حال سے
اسیر اُسکو تیری فوج مین حرص نام
خرابی کو اُسکے وہ وافی ہی بس
شہ نفس نے دیکے خلعت اُسے
کیا ہی طرف راہ کو اُسکے بند
خبر ہوئی وزیر عقل کو

اُس معرکے اور پہنچنا امیر قناعت کا مقابلہ حرص سے [illegible]

کے اور فتح ہونی اُنکی

امیرون کے لشکر کو لے کر تمام
کہ آئے ہین لڑنے کو یہ ہمسے اب
کہا عقل نے اے شہ نامدار
کرے حرص کو دم مین ناپید جو
کرو مستعد ایسی جنگی سپاہ
ہوا حرص و غصہ پہ میدان تنگ

وزیر خرد نے سُنایہ جو حال
گیا روح کے پاس با احترام
کہا شہ نے لشکر سے وہ چھانٹ لین
مقابل مین اُنکے پے کارزار
اگر فوج غصہ کی ہے اُسکی سنگ
کہ ہون جس سے یہ دونون مفسد تباہ
امیر قناعت سے اور حلم سے

ہوا فکر کا اُس کے اُسکو خیال
کہا حال حرص اور غصہ کا سب
کہ جو قتل اُن مفسدونکو کرین
امیر قناعت کو تم بھیجدو
کرے لشکر حلم جا اُسکو تنگ
جو ہونے لگی دونون جانب سے جنگ
غضب حرص مغلوب دونون ہوے

آنا شہوت سنگھ کا مقابلہ وزیر عقل کے مع فوج فسق و فجور کے

وہ شیطان جو نفس کا تھا وزیر
کہ ان دو سے ہوگا نہ یہ فتنہ رد
ہے تجویز شہوت کی جاوے سپاہ
کرو اُسکے ہمراہ تم بے قصور
کرے عقل کو جاکے زیر و زبر
تو ہو روح کا ملک سارا تباہ

تبہ دیکھ لشکر کو ہو کر حقیر
وہ اب چاہیے بھیجنی فوج سخت
کرے عقل کے ملک کو جا تباہ
لگا بے حیائی کے ہتھیار سب
ہمارا وہ ہے دشمن سخت تر
کہا لاؤ دیکر کے خلعت اُسے

کہا نفس سے اُن کی ہووے مدد
کہ جو لے شہ روح سے تاج و تخت
جمع کرکے سب فوج فسق و فجور
چلے شہوت سنگھ ہے جب سب
جو ہو عقل شہوت سے مغلوب آہ
روانہ کرین جنگ کو روح کے

بھیجنا وزیر عقل کا امیر تقوی کو مع افواج شرم و حیا و صلاحیت کے مقابلہ شہوت سنگھ کے اور فتح ہونا امیر تقوی کی

خبر پہونچی اس حال کی یار جو
ہو فوج صلاحیت اُسکی مدد
خبر جاکے اہل شقاوت کی لی
شہ روح کا حکم پھر اُن کو ہو
لڑائی کو آپس مین برہم ہوئے

کہا خاص اُس بخشیِ ملک کو
کہ ہے فوج فسق و فجور اُس سے رد
حیا جنگ اُسکا جو ہے اک وکیل
کرین لشکر نفس کو قتل جو
لگی ہونے آپس مین جسوقت جنگ

وزیر ہنر ور شہ روح کو
کہ تقوی ہے جسکا لقب بھیجدو
سپر تیغ شرم و نقاہت کی لی
کرو اُسکے ہمرہ اُسے بے دلیل
غرض آگئے میدان مین قائم ہوے
زمین آسمان رہ گئے دیکھ دنگ

کبھی یہ تھے غالب کبھی غالب تھے گاہ
لگا ہونے یون ملک تن کا تباہ
پھر آخر ہوئی غالب عقل بصیر
کیا لاکے شہوت کو اپنا اسیر

غصہ کرنا نفس کا شیطان وزیر پر اور آپ سوار ہونا نفس کا واسطے لڑائی سلطان روح کے سب لشکر لیکر

سنی نفس نے یہ خبر جس گھڑی
وہین جان پر اسکے آفت پڑی
بلایا وزیر شر کار کو
سیہ کار شیطان مکار کو
کہا تجھکو لعنت ہو اے سست کار
کیا تو نے لشکر مرا خوار زار
کری تو نے سستی جو اے روسیاہ
ہوئی قوت شہوت کی ساری تباہ
کر اب ایسی تدبیر تو اے وزیر
شہ روح کو جس سے کرلین اسیر
بلا پہلوانون کو لشکر کے اب
پھر ان مین سے لے چھانٹ اہل حرب
جو ان مین سے ہون سخت تیر بیدرنگ
شہ روح سے وہ کرین جا کے جنگ
وزیر خرد اور شہ روح کو
پکڑ کر کے لاوے مرے پاس جو
مین دیکر بہت خلعت و مال و زر
بٹھاؤن برابر اسے تخت پر
عزازیل بولا کہ اس جنگ مین
کرونگا نہ ہرگز قصور اب کی مین
مگر ہو شہ نفس بھی خود سوار
مین ہون اور ہو لشکر بیشمار
تو پھر دیکھنا اس صف جنگ کو
کرون پانی مین اس دل سنگ کو
ہے کیا روح کیا عقل دونو کو مین
کرون قتل یا قید دیکھو تو مین
یہ سنکر شہ نفس خوش ہوکے یار
ہوا جنگ کے واسطے خود سوار
لی گردن مین تلوار غفلت کی ڈال
رعونت کا خود اور شرارت کی ڈھال
لیا نیزہ گمرہی اپنے ہاتھ
ہوئی فوج فسق و فجور اسکے ساتھ
وہ مستی کے گھوڑے پہ ہوکر سوار
چلا مستعد ہوکے کارزار

آگاہ ہونا سلطان روح کا اس معاملہ سے اور بھیجنا وزیر عقل کو مع لشکر دین اور تقوی کے اور برابر رہنا دونون لشکرون کا

جو سلطان روح نے خبر یہ سنی
کہ آیا ہے لڑنے کو نفس دنی
اور ہے لشکر بیکران اسکے سنگ
لیے خنجر و تیغ و تیر و تفنگ
وزیر خرد کو بلا جلد تر
کہا کھولدے سب خزانون کے در
نکل آئے سب لشکر دین داد
زمین جسد سے اٹھانے فساد
ہر تکلیف مین نفس سے ملک تن
وزیر اسکا شیطان ہے راہزن
کسی طرح ان دو کے کٹوا کے سر
جہنم مین داخل کرو سر بسر
کمر باندھ لڑنے کو تیار ہو
کرو ترک جو کچھ تمہین کار ہو

جمع کر کے سب فوج و لشکر تمام
کہ تا ملک تن سے ہو یہ فتنہ دور
کہ یہ کام لائق نہین شاہ کے
مین لیتا ہون ان کی خبر اس زمان
مین ہون آپ کا ایک ادنی غلام
دیا اُسکو پھر خلعت آفرین
سپر نیک بختی کی لا اُسکو دی
دیا حکم اُس کو پے کارزار
وزیر خرد جنگ کو جب چلا
خلل آیا شیطان کے اوسان مین
ہوئی ہر دو جانب صف آراستہ
کیے آکے میدان مین قائم نشان
زمین بدن گرد لشکر سے آہ
ہوا پانی پانی دل کوہ سنگ
لگی ہونے جس وقت آپس مین جنگ
اُدھر ظلمت نفس با شور و شر
کبھی کار نیک و کبھی کار بد
نکالے تھے دل سے وہ لا النفس
اسی جنگ مین سب جوانی گئی
ہوا نفس کا مغرور جا بجا

لڑائی کا تم بھی کرو اہتمام
وزیر خرد نے زمین چوم کر
جو ایسے کمینون سے جا کر لڑے
جو ہو ایک بندہ سے دشمن تباہ
کرون دم مین سب دشمنونکو تمام
کیے ہوشیاری کے خنجر عطا
دیا ہاتھ مین نیزہ راستی
کری ساتھ تقوی و دین کی سپاہ
پڑا نفس کی فوج مین زلزلہ
جو خورشید خاور نے کی تیغ علم
کھڑی مستعد جنگ کے واسطے
مقابل دو لشکر ہوئے جس زمان
ہوئی ایسی تیرہ خدا کی پناہ
لگی چلنے جو تیغ و تیر و تبر
زمین ہو گئی خون سے سرخ رنگ
سپید و سیہ جمع آکر ہوئے
کبھی زہد و تقوی و گاہے حسد
کبھی روحی روح سے با وقار
بد اور نیک مین زندگانی گئی

مجھے بھی ہے اب کوچ کرنا ضرور
کیا عرض اے شاہ والا قدر
رہو ملک مین تن کے تم کامران
عدو کے مقابل ہو کیون بادشاہ
یہ سُن کر ہوا خوش بہت شاہ دین
ریاضت کا خود اُسکے سر پر دھرا
غرض زہد کے اسپ پر کر سوار
چلا دھوم سے لشکر دین پناہ
نکل کر کے جب آیا میدان مین
ہوئے ابر کے جوڑ لشکر بہم
امیرون نے لشکر کے بارعب شان
پڑا شور اندر زمین زمان
ہوئے جب مقابل دلیران جنگ
ہوا خون کوہ و زمین کا جگر
تھی اُس طرف خورشید روح جلوہ گر
جون حبشی و رومی برابر ہوئے
کبھی فوج زنگی نفس لعین
زمین بدن ہوتا باغ و بہار
اسی عرصہ مین یہ جنگ قائم رہا

طلب کرنا سلطان روح کا دیوان کل کو کہ وہ
پیر روشن ضمیر ہے اور شامل کرنا اُس کا صلاح جنگ وغیرہ مین

شہ روح نے حال دیکھا یہ جب
عدو کو کسی طرح زک دیجیے
وزیر خرد کو کہا یہ بُلا
نہ دل نفس ملعون کا خون ہوا
مرے ملک کا ہے وہ دیوان کل
کہے وہ جو اُس پر عمل کیجیے
رہو دل سے مصروف اسلام پر
کہ روشن ہو جس سے بدن کی زمین
بہم ہو کے جا کر لڑو اس قدر
پکڑ لاؤ زندہ مرے روبرو
رکھوں اُسکو قابو مین اپنے مدام

کہ صورت تباہی کی ہے پیش اب
ہوا ہے ترقی پہ نفس شریر
کیا تو نے ہر چند جنگ و دغا
شریک اسکے ہوا ہے دبیر کبیر
مدد سے مٹے اُسکے یہ شور و غل
رکھو اُسکو شامل لڑائی مین تم
کرو جی فدا اپنا اس کام پر
مٹا کر کے کفر اور بدعات کو
کہ ہو نفس کا کار زیر و زبر
مرے پاس لاؤ اُسے تم پکڑ
مین دوڑاؤن جس طرف چاہوں مدام

کہا اور تدبیر اب کیجیے
گیا پھیل فتنہ فساد ہر جگہ
وہ لے فتنہ تن سے نبیرہ ہٹا
ہے جس کا لقب پیر روشن ضمیر
صلاح اُسکی چلکر کے اب لیجیے
کہ ہو دشمن شوم تا یان سے گم
کرو ایسی ہمت کہ ہو زیب دین
شریعت کی ظاہر کرو بات کو
نہ چاہوں کہ ہو قتل وہ زشت خو
شریعت کی زنجیر مین یون جکڑ

آگاہ کرنا جاسوس نفس کا شیطان وزیر کو اس سے اور بھیجنا شیطان کا طول امل سنگھ کو واسطے قتل کرنے عقل وزیر کے زہر دیکر اور نا اُمید ہونا اُس کا

تو شیطان کے جا پاس سر کو دھنا
شہ روح نے یہ کیا اہتمام
کہ تا دشمنوں کا کرے کار تنگ
یہ شیطان نے سن کر دلاسا دیا
مین بھیجوں اُسے جو کرے اسکو دو
نہ دیوان پن سے ہے مطلب مجھے
تو خود دبیر بیکار ہو سر بسر
مین بھیجوں ہے طول امل جسکا نام

کہا جا کے بیٹھا ہے کیا اے وزیر
کہ دیوان تن پیر ہے جسکا نام
شہ نفس کو جا کے کہہ یہ خبر
کہا شہ سے کہنے کی حاجت ہے کیا
مقابل مین اُسکے مین بھیجوں اُسے
ہے منظور قتل عقل کا اب مجھے
وزیر خرد اور دیوان تن کا
کہ ہو پیر کا کام جس سے تمام

جو جاسوس نے نفس کے یہ سُنا
کوئی دم مین ہو نفس اور تو اسیر
وزیر خرد کو کیا اُس کے سنگ
کہ اس فتنہ کا تو بھی کچھ کر فکر
ہے لشکر مین اُسکے وزیر خرد
کہ جو کاٹ سر اُسکا لاوے مجھے
خرد اپنے قابو مین ہووے اگر
کرون قید دونون کو جی سے مگر
وہ ملیا سیکی وعدہ بہت ہے سپاہ تر

کرے پیر کا کام زیر و زبر
چھپا کر کے ایسا اُسے زہر دے
پڑے پیر کے کار مین تا خلل
کرے قتل پھر عقل کو وہ ضرور
کہ شیطان و نفس اُسکے شر سے بچے
کہ مرنے سے جسکے یہ فتنہ ہو دور
ہوا رخصت اُس سے جو طول امل

مطلع کرنا جاسوس دین کا کہ جو مفتیان یقین کے ہین سلطان روح کو اس امر سے اور نگہبانی پیر اور عقل کی روح طول امل کے شر سے

ہین جاسوس دین مفتیان یقین
اِسے تیرے ہر کام مین دخل ہی
وزیر اور دیوان تن کو مگر
پھر اُسوقت لین ملک تیغ کو چھین
ہی کار اُسکا پوشیدہ دشمن کشی
نگہبان رہیو تم اُن کے سدا
کہ اب کوئی تدبیر کرنی ضرور
بلا کر کہا اُسکو اے خوش نہاد
رہو عقل اور پیر کے ساتھ تم
نگہبان رہین عقل کے ہر زمان
رہے تیسرا یاد تنگی گور کا
یہی چار کافی ہے در انتظام
یہ چارون رہین جسکے ہمراہ یار
رہے اِس سے طول امل دور دور
بہت گرد راہ حسد سے پھرا
عدو کا نہ اُس پر ہوا کچھ گذار

جو رخصت ہو طول امل سنگ چلا
خبر دی یہ جا کر کہ اے شاہ دین
خبر رکھیو اسکی تم ہر حال مین
نہ پہونچا سکے صدمہ کوئی حیلہ گر
ہی لشکر مین اک نفس کے حیلہ گر
کرے غم الم دان جہان کو خوشی
شہ روح نے جب یہ قصہ سُنا
کسی طرح یہ فتنہ ہو یہان سے دور
رکھو تم نگہبانی ہر آن کی
کہ دو اس سوا اور نہ کچھ بات تم
رہے ایک یاد نزع جنگ خان
خرد پیر کے ہو نگہبان بغور
نزع موت اور قبر و روز حشر
نہ طول امل کا ہو اُس پر گذار
غرض آیا چھپ کر کے طول امل
کہ تا عقل کو زہر دے برملا
طرف پیر کے پھر گیا عزم کر

تو جاسوس دین نے سُنا برملا
کہ یہ آپ کا جو وزیر عقل ہے
عدو کے یہ پھنس جا کہین جالمین
نہ دیکر کے زہر اُنکو مارے کہین
کہ طول امل نام ہی اُس سے ڈر
ہی دشمن وزیر اور دیوان کا
تو اِس بات کی فکر مین دل لگا
تھا جس جس کا سلطان کو اعتماد
وزیر خرد اور دیوان کی
کیا حکم تا چار شخص پاسبان
اور ہو دوسرا یاد مرگ ایجوان
ہی چوتھی رہی یاد روز قیام
رہین یاد جسکی یہ شام و سحر
رہین جو کہ یہ چار جس کے حضور
کہ تا ڈالے اندر خرد کے خلل
جو چارون طرف تھی نگہبان چار پہ
کہ تا لے حسد سے کچھ اسکی خبر

ولیکن جو وہ عقل کے پاس تھا
عدو دن سے رکھتے تھے شام و پگاہ
عدو کا نہ اُس پر بھی قابو چلا
وہی پاسبان چار اُسکو نگاہ

نا اُمید ہو کر پھرنا طول امل سنگھ کا اور بھیجنا نفس کا حسد سنگھ اور بخل سنگھ اور ریا سنگھ اور عجب سنگھ کو واسطے لڑائی وزیر عقل اور دیوان صبر کے

کہا گرچہ مین خوب کوشش کری
نہ آیا مرے پر کوئی داؤ مین
نہ اُن دو سے آیا مرے کوئی ہاتھ
تو میدان مین چل سکے اُنکی خبر
نہ رکھ مجھ سے اُمید کچھ اب مگر
کرد جا کے روح و خرد کو تباہ
حسد سے تھا پردہ وزیر سیاہ
ہماری بھلا جان بری ہو کب
گلے مین رسن ڈال سکتے کی جون
مرا اور ترا کچھ نہ ہووے نقصان
کیا نفس باغی نے پھر انتظام
لڑائی بغیر اب تو چارہ نہین
حسد سنگھ اور بخل سنگھ کی فغان
ہوئے جمع میدان مین آکر تمام
لڑائی کو طیار سارے رہو
ہوا آکے میدان مین جنگ جو
کہا عجب کو مستعد یان رہو
تو پھر ملک مین اُسکے ڈالو خلل

غرض نا اُمید ہو کے طول امل
چھری میری لیکن نہ خون مین بھری
مین کین گرچہ چھپ چھپ کے تدبیر بس
کہ تھے ہر گھڑی پاسبان اُنکے ساتھ
مین کرتا تھا جو کچھ کہ سب کر چلا
تو تدبیر سے اپنی چاہے سو کر
جو یہ بات شیطان سنگھ نے سنی
یہ دی نفس کو جا صلاح تباہ
جو اس جنگ مین ہوئی اُنکی ڈھیل
جدھر چاہے دوڑائے ہمکو زبون
یہ سُنکر خبر نفس رونے لگا
بلائے مددگار اپنے تمام
اکٹھے ہوں میدان مین اہل حرب
ریا سنگھ اور عجب خان پہلوان
ہوا حکم سب کو کہ اے جنگ جو
ہو چست و کاہل نہ ہارے رہو
حسد بخل قائم کیے اک طرف
رہے اُس سے باقی تو اُسکو کہو
یہی چار امیر اب کرین جا کے جنگ

گیا پاس شیطان کے بے خلل
کیے سیکڑون حیلے اور داؤ مین
ولے میرا اُن پر چلا کچھ نہ بس
نہین مار سکتے اُنھین چھپ کے پر
ولے میرا بس کچھ نہ اُن پر چلا
جمع کر کے سب فوج و لشکر سپاہ
گیا ہاتھ ملتا طرف نفس کی
کہ بے رنج اور جانبازی کے اب
مجھے اور تجھے شہ کرے یون ذلیل
رہے ملک تن مین وہ نت کامران
غم دلکو اشکون سے دھونے لگا
کہا ذلت ہم کو گوارا نہین
لڑائی کا سامان ہو جمع سب
غرور اور طمع اور فضول کلام
لڑائی مین شیطان کے ساتھ ہو
نکل کر کے شیطان وزیر عدو
ریا کو کہا کر عقل تو تلف
رہے روح کے جب نہ حسن عمل
خرد پر ہر اک سو سے برپا ہو جنگ

آگاہی پانی وزیر عقل کی اس واقعہ سے اور بھیجنا امیر سخاوت کو مقابلہ مین بخل کے اور نصیحت اولیا کو حسد کی اور صدق و اخلاص کو ریا کی اور خوف و رجاء خدا کو عجب کی اور فتح ہونی اُن کی

کہ پھر مفسدون نے اُٹھایا ہے سر
غرض سوچ کر اُس نے باہتمام
یہی چار سردار والا جناب
سخاوت سے ہو تو حبیب خدا
حسد سنگھ پر اُسکو قائم کیا
ریا سنگھ مردود کے قتل کو
کرے صدق و اخلاص درجہ بلند
اگر قہر حق سے تو ڈرتا رہے
تو پھر کیون ہو اپنی بڑائی تجھے
خدا کی عنایت ہے تجھ پر یہان
عبادت پہ کیا ناز کرتا ہے تو
ذکر کار حق کو قیاس آپ پہ
چلے دونون جانب سے تیر و تفنگ
شجاعان دین جب ہوئے جنگجو
لگا بہنے ہر طرف دریائے خون
غرض غالب آیا وزیر خیر
[illegible]
[illegible]

جمع ہو گئے سب دشمنان و غل
کیا جمع لشکر کو اپنے تمام
امیر سخا کو کہا ای جوان
اور ہو بخل سے رنج مین مبتلا
نصیحت سے مردونکی ہو فتحیاب
جوان صدق و اخلاص تیار ہو
کیا حکم تا عجب سنگھ کو تباہ
تو پھر عجز کا کار کرتا ہے
سمجھ لے کہ حق سے ہین کام سب
جو دی ہے تو توفیق تجھکو یہان
خدا نے دی توفیق طاعت تجھے
خدا کی طرف سے ہے سب خیر و شر
شجاعت کو اپنی دکھانے لگے
پڑی نفس کی فوج مین ہائے ہو
یہان تک تو لڑ لڑ کے کشتے بچے
ہوئے دونون مغلوب نفس و حسد
کیا زور جب لشکر پاک نے
لیا بھاگ سب لشکر نفس شوم

وزیر خرد نے سنی یہ خبر
لگے ڈالنے ملک جان مین خلل
امیرون سے اپنے کیے انتخاب
بخل سنگھ کی لے خبر اس مکان
نصیحت کہ ہے خصلت اولیا
اور ہو خانمان سب جسکے خراب
ریا سے ہو تو خوار اور مستمند
کرے جا کے خوف و رجائے الہ
اگر ہو وے خوف خدائی تجھے
جو طاعت کرے تو تو ہو لطف رب
تو کیون عجب پر پھیرتا ہے تو
ہے لازم یہ شکر عبادت تجھے
غرض آ گئے چارون ہوئے گرم جنگ
ندی نالے خون کے بہانے لگے
ہوئی گرمی جنگ یہ کیا کہون
کہ ہر جا پہ کشتون کے پشتے ہوئے
جو اک لشکر دین نے حملہ کیا
لگی کفر کی فوج سب بھاگنے
اُڑا کے اپنے سپاہ ... پاؤن لگا

دیا کفر و بدعت کو جڑ سے اکھاڑ
جو دیکھا یہ شیطان ملعون نے حال
دلے شہرہ اسکا ہوا دربدر

شکست ایسی دشمن نے پائی تمام
لگا اسکی چھاتی پہ تیر ملال

نہ لیگا کبھی پھر لڑائی کا نام
چھپائی گدا اس نے بہت یہ خبر

خبر ہونی نفس کو اس شکست کی اور بھیجنا ہراول طمع کو اور حب جاہ اور حب دنیا اور فضول کلام کو واسطے لڑائی وزیر عقل کے

پھر آخر کو جب نفس نے یہ سنا
کہ تا دون سزا خوب اس زد کو
کیا کار کیا تو نے اے روسیاہ
ہمیشہ رہی تیری تدبیر سست
تجھے چھوڑ اسکی اطاعت کرون
کہ جسکی اطاعت سے ہی فتحیاب
مرے پاس حاضر ہین سردار اور
مرے تیرے وہ سب مددگار ہین
شجاعت کو اپنی دکھاؤن تجھے
ترے آگے لاؤن پکڑ انکو عام
کہ لڑکے اے نفس والا حسب
کرے تا خرد روح پر عرصہ تنگ
کہ کر سارے لشکر کے آگے جدال
طمع سے پڑے جال مین مرغ و مور
طرف دہنے ہو لشکر حب جاہ
جدھر چاہیے جا ادھر دوڑ کے
غرض اسطرح سے کیا بندوبست

تو سنکر کے حسرت سے سر کو دھنا
غضب سے کہا شہ نے اے خودپرست
کیا فوج ساری کو آخر تباہ
اگر ہی یہی سستی اے سست رائے
مین اب حکم مین اسکے ہر دم رہون
یہ سن بولا شیطان وزیر لعین
بہت ان کو آتے ہین لڑنیکے طور
نہ کھا غم نہو جا کے اسکا مطیع
اب اس رنج و غم سے چھڑاؤن تجھے
زمین چوم کر الغرض عرض کی
مین دونون عقل اور روح کو جا اڑ
ہراول طمع کو بلا کر کہا
طمع کا غبار انکی آنکھون مین ڈال
کیا پیچھے قائم غرور لعین
اور حب دنیا کے بائین بیاہ
جدھر دیکھیے لشکر کی ہوتی شکست
شہ روح کو تا کہ دیوے شکست

کہا لاؤ دستور بے نور کو
کیا تو نے کیا جو ہوئی یہ شکست
نہ تجھسے ہوا کام کوئی درست
مین جا کر پڑون روح کے زیر پائے
شہ روح ہے شاہ والا جناب
مین لڑنے سے اے شاہ عاجز نہین
شجاع اور سپہدار خونخوار ہین
کرون لا کے اسکو ہی تیرا مطیع
کرون لشکر عقل و روح کو تمام
نثار دو پہ مجھے حکم ہوا اس گھڑی
غرض پھر آیا بمیدان جنگ
سوارون کو اپنے تو لے چلد جا
طمع کرتی ہو عقلمندون کو کور
کہ دشمن ادھر سے نہ آجا کہین
فضول کلام اب مدد کو رہے
ادھر چلد چلتے وہین کرکے جست
بھیجنا وزیر عقل کا امیر توکل

کو مقابلہ مین طمع کے اور خضوع کو واسطے غرور کے اور زہد و تقوی کو حب دنیا کے اور علم فنا کو واسطے جاہ کے اور خموشی کو واسطے فضول کلام کے

وزیر خرد نے کہا بے ہراس
عدو نے سپہدار بھیجے ہین سب
کہ جو جو تھے اُسکے چھٹے پہلوان
کہو جلد تراب ہے تاخیر کیا
کرو لشکر خاص سے چھانٹ اب
شجاعت کے احکام مین فرد ہین
کرو مستعد جنگ کو بیدلیل
امیرون سے اپنے تو کر انتخاب
امیر توکل سپہدار کو شاہ
کرے دفع پیچھے سے فوج غرور
طرف دہنے جاوے امیر کبیر
کرے جاہ و عزت کو دم مین تمام
امیر خموشی کو قائم کرو شاہ
کرے جا کے خاموشی اُسکو غلام
ہوا آکے میدان مین پھر ازدحام
اُمنگ اپنے دلکی مٹانے لگے
لڑائی تھی مردون کی سیر چمن
قدم بر قدم آگے دھرتے تھے وہ
گئی بھاگ فوج عدو اُس زمان

گیا مصلحت کو شہ روح پاس
شہ نفس نے فوج سے چھانٹ کر
وہ آئے ہین لیکر کے فوج گران
بجا لا کے آداب بولا وزیر
شجاع اور دلیر اور اہل حرب
نکال اپنے لشکر سے تم پہلوان
نہ ہو دفع کرنے مین دشمن کے ڈھیل
کہا عقل نے اپنے لشکر سے لو
طمع کے مقابل مین آگے کرو
طرف بائین جانا زہد و تقوی کی فوج
کرے جا کے جب جاہ کو اسیر
فضول کلام اُس طرف ہو اگر
سخن بیہودہ کو کرے قتل جو
شجاعت کی جا کر کے سب داد دین
لڑائی کی ہونے لگی دھوم دھام
لگے کرنے مردان جان کو نثار
گل غنچہ ہوتے تھے زخم بدن
ہوا حملہ جب لشکر دین کا
لبون پر جو آئی اُسکے دشمن کی جان

کہ جنگ عظیم آیا ہے پیش اب
لڑائی کو بھیجے ہین سب نامور
کہا شاہ نے اس کی تدبیر کیا
یہ ہے عرض اے شاہ روشن ضمیر
علیحدہ کرو ان مین جو مرد ہین
مقابل کرو ایک کے اک جوان
کہا شاہ نے ہے یہ رائے صواب
ہراول کو جو سخت مضبوط ہو
امیر خضوع کو ہو حکم حضور
کرتا دے صاحب دنیا کی طرح
کہ ہے یعنے علم فنا جسکا نام
ہے تدبیر اس کی یہ اسوقت پر
ملے جس جگہ پر فضول کلام
عدو کو پکڑ کے کشتہ کرین
جوانان شجاعت دکھانے لگے
سمجھتے تھے زخمونکو باغ و بہار
نہ مرنے سے کچھ اپنے ڈرتے تھے وہ
گیا پاؤن اُٹھ فوج بے دین کا

بھیجا نفس کا آخر کار

بخشش تکبر کو واسطے جنگ کے اور مقابل ہونا تواضع کا تکبر سے اور فتح یابی اسلام کی اور بھاگنا شیطان کا اور پکڑا جانا نفس کا

شہ نفس یہ دیکھ کر ڈر گیا
سپر تیغ و زر بال بے انتہا
ہے لازم کہ جا کر اعانت تو کر
کہ فوج خرد کو کرے تا کہ زیر
ہوا واقع جس وقت وہ نہیں جنگ ب
تکبر کو لایا تواضع پکڑ
کہا لشکر اسلام یکبارگی
کریں جیسا چاہیں پھر ہم انتظام
کیا حملہ ہر طرف سے آن کر
تبر خنجر و نیزہ و ہم سنان
ہوئے قتل سردار لشکر فرار
سیہ بخت مکار غدار کو
شہ روح کے آگے لا کے کیا
کرو قتل یا قید میں دیجیے
بدی کی بنا کر کے صورت بھلی
چلا جا طریق شریعت پہ تو

وہ مرنے سے پہلے گویا مر گیا
کہا اب تو امداد کرنی ضرور
مرے حکم کی اب اطاعت تو کر
اُدھر لشکر روح سے با سپاہ
تکبر پہ آخر ہوا عرصہ تنگ
خرد نے جو دیکھا کہ کار عدو
کرے حملہ جس سے ہو آوارگی
غرض کر کے ہر طرف سے ازدحام
برسنے لگے اُن پہ تیر و تبر
برسنے لگا مینھ سا چار و طرف
عزازیل بھی بھاگا ہو بے قرار
گلے پاؤں میں طوق و زنجیر ڈال
کرتی عرض حاضر ہے یہ بے حیا
برائی کا بدلہ برائی ہے یار
دکھاوے اگرچہ یہ نفس دنی
یہ مکر شیاطین نہ آوے بکار

بلا بخششی کبر کو پھر دیا
تو خود جا کہ لشکر میں آیا فتور
تکبر اُٹھا جیسے غرندہ شیر
اسیر تواضع ہوا جنگ خواہ
کمند ایک گردن میں ڈال اور جکڑ
ہے مغلوب غالب ہے فوج نکو
کہ تا ہو وے آوارہ دشمن تمام
مٹانے لگے نفس و شیطاں کا نام
چھری گرز و شمشیر و تیر و کمان
عدو کا لگا ہونے لشکر تلف
پکڑ لائے نفس تبہ کار کو
بنا کر کے اُسکا بہت خستہ حال
یہ حاضر ہے جو چاہیے کیجیے
نہ کر ظاہر اور باطن اک تو شعار
نہ کر تو خیال اُن پہ اے نیک خو
ہے تو حشر میں آخرش خوار و زار

حکم کرنا سلطان روح کا واسطے قتل نفس کے اور چھڑانا وزیر عقل کا نفس کو قتل سے اور زندان میں رکھنا اس کو

شہ روح کے پاس جکڑا ہوا
شہ روح جا کر کے پیش خدا
غرض آیا جب نفس پکڑا ہوا
لگا سجدۂ شکر کرنے ادا

خدا کی طرف سے یہ سامان ہوا
ہے شکر خدا دی فتح ہمکو عام
ہوا اس شرع کے حکم کا خوب زور
شہ روح کے یان ہوا انکا نام
کہ حاضر ہو جلاد تقوی اشتاب
فساد اور فتنہ کا ہے گا نشان
تو پھر دفع کرنا ہوا اس کا محال
کیا عرض اے شاہ والا حسب
نہین مارنا اُس کا اب خوب ہے
مگر حکم ہو طوق و زنجیر کو
رکھو اپنی خدمت مین اسکو صدا
نہین مارنا اُسکو بہتر کبھی
جو مارے اسے تیرا نقصان ہے
تو پھر پشت پر اُسکے ہو شے سوار
ریاضت کی زنجیر پاؤ نہین کر
ہمیشہ رہے قید مین یہ شقی
کہا عقل نے نفس سے اے عمو
گنہ کرکے کیون دور عقل سے ہوا
تو کر ساتھ ہو کرکے اب شاہ کی
چھڑاؤن تجھے قید سے مین ابھی
شہ روح دے تجھکو تکلیف سخت

کہ یہ دشمن بد پشیمان ہوا
وزیر خرد نفس کو زیر کر
گیا کفر اور فسق کا شور و شور
غرض نفس کو جبکہ آگے کیا
کرے قتل اس بد کو باصد عذاب
رہا زندہ گر یہ تو پھر وقت پا
ہے بہتر کہ دو بار کریان سے ٹال
ہے قرآن مین فرمادیا جا بجا
نہ قتل اُسکا البتہ اسلوب ہے
ہو زنجیر شرعی مین یہ پائے بند
سفر کے لیے اپنا خادم بنا
مگر گیا اس اور دانہ کم اسکو دے
وہ کر حکم مین تیرے جس سے رہے
غرض اُس کی تقصیر کرکے معاف
گلے صبر کا طوق ڈالو مگر
لگا رہنے زندان مین با درد و سوز
پھرا یا ہے کیون تو نے حسرت سے رو
بس اب توبہ کر اور ہو نیک سات
عبادات و طاعات اللہ کی
وگرنہ ہمیشہ رہے گا تو قید
ہمیشہ رہے تیرا بر گشتہ بخت

ہوا قید نفس اور لشکر تمام
ہوا ملک مین تن کے فرخندہ فر
وزیر خرد کر گئے مردون کا کام
تو یہ شاہ نے حکم اُس کو دیا
وجود ایسے مفسد کا اندر جہان
کرے گا فساد اور فتنہ بپا
وزیر خرد نے بجا کر ادب
خدا عفو کے حکم کو برملا
کرو اب معاف اُسکی تقصیر کو
رہے حکم کے طوق مین روز چند
جو سرکش ہو گھوڑا بڑا قیمتی
کرتا حکم مین تیرے ہر دم رہے
کرے پہلے اُس پر عطا شہریار
دیا حکم رہنے کا زندان مین صاف
زہ جنگ اور بندگی بیگ کی
ہوا اس مین یہ اتفاق ایک روز
ترے حق مین تو وعدہ وصل تھا
کہ تیری ہے اسمین سراسر نجات
رہی حق مین ہر حیثیت تو اے غبی
نہ ہو چھوٹنے کی کبھی پھر اُمید
یہ جب نفس نے جانا اب تو اسیر

ہوا قید میں روح کے ناگریر
ہوں روز ازل سے میں شہ کا غلام
مرے کام سیدھے کو اُلٹا کیا
اُسے چھوڑ کر اب تو حاضر ہوں میں
ولیکن کروں تجھکو اپنا شفیع
مجھے ملک سے شاہ کے با فراغ
رہوں شہ کی خدمت میں مثل غلام
کہ روح طبیعی کا ہے وہ مکان
تو کچھ کام میرا نکلتا رہے
اطاعت کروں اور رہوں اُس جگہ
سخن کو نہیں تیرے ہرگز فروغ
کہا نفس نے اے وزیر خرد
جو ہو حکم مجھ کو خبر دیجیے
لگا کہنے یوں شاہ روشن ضمیر
امیری اُسے دے ہی پھر اب بھلا
ہے بہتر کہ رکھیں سدا قید ہم
سفر اور حضر میں رہے پھر غلام
وہ ملکوت و جبروت و لاہوت میں
تو ناچار یاد حق کی کرنے لگا
غرض قیدیوں کی طرح سے سدا
طرف دوسرے اپنی کرتا نگاہ

تو ناچار ہو کر کے کہنے لگا
رہا شاہ کا لطف مجھپر مدام
جو نیکی کا میں نے ارادہ کیا
مخالف ہوں گر شہ کا کافر ہوں میں
کہ سلطان دے مجھکو کچھ ملک اب
ملے قلعہ ہے نام جس کا دماغ
اگر یہ شہنشہ نہ رکھے قبول
مجھے حکم رہنے کا ہو شے وہاں
مجھے شاہ ان دو دے اک مقام
یہ پیغام جا کر مرا شہ سے کہہ
مقید بھی تیسر بھی اندر دماغ
تجھے اس سے کیا جو کرے رد و کد
وزیر خرد نے کیا عرض جا
کہ مضر ہی تری عقل اب ہے وزیر
کرتا ملک میں جا شرارت کرے
اُسے پانی اور دانہ دیں ہیش و کم
مددگار ہو میرا اطاعت کے وقت
رہے میری خدمت میں ہاں اس وعین
لگا کرنے طاعات صوم و صلوٰۃ
وہ کرتا تھا ناچار ذکر خدا
کبھی داؤ لگتا تھا اُس کا اگر

وزیر خرد سے کہا اے خوش ادا
عزازیل نے مجھ کو یہ لکھ دیا
وہیں اُس نے آ مجھکو گمرہ کیا
ہوا اب تو سلطان کا میں مطیع
کہ اُس صوبہ میں میں ہوں با طرب
جو ہو یہ عنایت تو پھر میں مدام
تو ملک جگر میں کروں میں نزولی
جو روح طبیعی ہے تابع مرے
کروں جا کے وہاں اپنا میں انتظام
کہا عقل نے نابکار دروغ
رکھے بادشاہی کی بو لے کلاغ
بھلا شاہ سے عرض تو کیجیے
یہ سنتے ہی شہ ہو گیا بس خفا
کیا سو مصیبت سے قید اسکو لا
پا کر قلعہ پھر بغاوت کرے
ضرورت کے وقت اُس سے لیں خوب کام
جو پھر چاہیں دوڑا دیں ہم اُسکو سخت
نہ یہ مکر بھی نفس کا جب چلا
تو بدلا بدل راہ حج و زکوٰۃ کا
وہ لے وقت بے وقت پا کر کے راہ
تو کرتا شرارت کچھ اُس وقت پر

اسی واسطے ہی نبی نے کہا
کہ ہی گا جہاد اکبر اس سے مراد
یہان سے نبیؐ نے رجعنا[1] کہا
بیان کی ہے کر غور اے نیکنام
کہا ہین جو کچھ کہ ہل اسپہ تو
نہان راز کو اب عیان کر دیا
سدا اپنے دشمن سے ہشیار رہ
تو رہ تو بھی اُس کی خرابات مین
رئیسان لشکر کی تو رکھ خبر
وہ کب اپنے لشکر سے غافل ہویار
تو ہشیار ہر لحظہ رہنا ضرور
نہین تو سمجھ تجھ پہ آفت پڑی
جو ان دو سے تجھکو نہین کچھ خبر
ہو دشمن کے اوپر تجھے فتح کب
حساب اس سے ہر آن لیتے رہو
ہر ہو نفس پر کرتے ہر دم جہاد
کسی کو جو ہو پیش دشمن سے جنگ
تو مشغول اس اُسکی ہی بات مین
تو غافل ہی پھر کس لیے اے عزیز
تجھے اس جہان سے گذرنیکے وقت
تجھے چار ناچار مرنا ضرور

کہ ہے نفس دشمن تمھارا بڑا
جو مومن کرین کا فرون پر جہاد
بیان کر دیا اُس کا ہین مدعا
کری عمر تفصیل مین صرف مین
کہ تا روز محشر مین ہو سُرخ رو
کیا کر تو اس پر ہمیشہ عمل
نہ سو خواب غفلت مین بیدار رہ
کھڑا ہی عدو جنگ کے واسطے
کہ تا پاوے دشمن کے اوپر ظفر
نہین اپنے دشمن کی تجھکو خبر
محاسب ہو اس نفس کا بے قصور
امیرون سے تو نفس اور روح کے
تو اس جنگ مین تو ہی عاجز بہر
یہ بس نفس ہو روح پر فتحیاب
بدی پر سزا اس کی دیتے رہو
تو کر یاد مین حق کی ہر سانس صرف
رکھے مستعد فوج کو بیدرنگ
جو ٹھہرا ہے اے یار مرنا تجھے
نہین تجھکو اس بات کی کچھ تمیز
سوا حسرت افسوس کے اے میان
سفر کے لیے توشہ کرنا ضرور

کرو نفس کے ساتھ اپنے جہاد
کہین اُسکو شرع مین اصغر جہاد
ہین تفصیل اور شرح اسکی تمام
نبیؐ نے کہا اسکو اک حرف مین
یہ جو مین نے تجھ سے بیان کر دیا
چلا جاوے جنت مین تا بے خلل
رہی تیرا دشمن تری گھات مین
تو رکھ اپنے لشکر کو آراستے
کہ جو شاہ لڑنے مین کامل ہو یار
کہ ہی مستعد وہ ترے قتل پر
لیا نفس سے گر حساب ہر گھڑی
خبردار دونون کے رہ حال سے
جو غفلت مین تیری گئی عمر سب
ڈر اس خواب غفلت سے ای جان نشا
کر دہر گھڑی حق تعالے کو یاد
مٹا دل سے تو خواب غفلت کا حرف
رہی موت ہر دم تری گھات مین
اس عالم سے آخر گذرنا تجھے
یہ سب ہوگا معلوم مرنیکے وقت
نہ آویگا کچھ کام اُسوقت وان
اسی واسطے ہی نبیؐ نے کہا

[1] یہ حدیث شریف ہے رجعنا من الجہاد الاصغر الی الجہاد الاکبر ۱۲

جہاد اپنے تو نفس سے کر سدا
مخالف ہو جو یار کی راہ مین
اور اُسکے تمامی مددگار کو
بس اک نکتہ پر ختم کی مین کلام
کبھی مکر دنیا پہ مائل نہ ہونا
الٰہی بحق نبیؐ پاک ذات
دعا مانگ حق سے بصد التجا
لیا گھیر اب فوج اغیار نے
کرے قتل جو فوج اغیار کو
الٰہی مین عاجز ترا بندہ ہون
کرم تیرا ہر اک کا ہی چارہ ساز
ترا ذکر ہر اک کرے صبح و شام
ترا مہر وحدت ہی سب پر طلوع
الٰہی الٰہی برا اے اکہ
چھپے یا کھلے سب کے سب بخشدے
کہ مجھ سے ہوا کچھ نہ اچھا عمل
سوا تیرے فضل و کرم کے اکہ
شراب محبت کا دے مجھکو جام
اسی درد سے مجھکو آرام دے
کرے عشق آ مجھ مین جوش و خروش
کہ گرمی سے اُسکی نہ پاؤن قرار

رہی ہے یہ دشمن تری گھات مین
اُسے ڈالدے قہر کی چاہ مین
لڑائی مین رہ اُسکی دن رات چست
بقول محمد علیہ السلام
ہمیشہ تو کر نفس کے بر خلاف
مجھے بھی ہو اِس نفس بد سے نجات
الٰہی الٰہی الٰہی الٰہ
لعین نفس و شیطان مکار نے
مرا ملک جان خالی ہو غیر سے
ملاقات کا تیری جوئندہ ہون
ترا حُسن اک شہرہ آفاق ہی
شراب محبت کا پیتا ہی جام
سوا تیرے بتلا یہان کون ہی
طرف اپنے کوچہ کے دے مجھکو راہ
خصوصاً گنہ مجھ گنہگار کے
رہا خواب غفلت مین مین بے خلل
کرم سے مرے کام آسان کر
تو راضی ہو جس مین وہ دے مجھے کام
مرا دل غم عشق سے ریش کر
کہ دل سے قرار اور جا سے ہوش
مرے دلکو رکھ اپنی جانب رجوع

تو غافل ہی کیون اِس سے دن رات مین
تو کر قتل نفس ستمگار کو
نہ غافل ہو اک دم نہ اک آن سست
کہ اک لحظہ مرنے سے غافل نہ ہو
کہ اِس خار سے ملک کو ہی کر صاف
اُٹھا کر اب امداد دست دعا
مری نفس شیطان نے ماری ہے راہ
ذرا لشکر عشق کو حکم ہو
ہو آباد جانان کی نت سیر سے
ترے در سے ہی سب کو عجز و نیاز
ہر اک تیری صورت کا مشتاق ہی
نہ کیونکر ہون ہم تیری جانب رجوع
عیان اول آخر یہان کون ہی
الٰہی گنہ سب کے اب بخشدے
فقیر اور حقیر اور تبہ کار کے
نہین نیک عمل کچھ مرے پاس آہ
نظر مجھپہ رحمت کی ہر آن کر
دے عشق سے اپنے اک جام دے
یہ درد و الم بیش سے بیش کر
رہی دل مین یون آتش عشق یار
کرے مہر رو تیرا اُس مین طلوع

ہو روشن ترے نور سے شمع جان
رہی مجھکو اپنی نہ اصلا خبر
الٰہی دعا میری ہووے قبول
بحق عمرؓ شاہ والایقین
پڑھے ان سب پہ ہزار تو صبح و شام
بس اب ہو چکا یہ رسالہ تمام
بچے نفس و شیطان سے وہ بے خلل
غرض جب ہوا یہ رسالہ تمام
کسی مرد حق نے بعد شہ ضیا
سن و سال ہجری خیر الانام

کہ دیکھوں ترا تا جمال ہر زمان
میں دیکھوں نظر کو اٹھا کر جدھر
بحق نبیؐ اور آلؓ رسولؐ
بحق علیؓ اور عثمانؓ پاک
ہزاروں درود اور ہزاروں سلام
پڑھو اسکو اے دوستو صبح و شام
مرے بھی لیے بھیجو اب دعا
جہاد اکبر اس کا رکھا میں نے نام
کیا میں نے ہندی ملا کر کچھ اور
کئے بارہ سو اڑسٹھ ہوا جب تمام
الٰہی تو کر رحم شام و سحر

مجھے اپنی صورت میں یوں محو کر
سوا تیرے آوے نہ کوئی نظر
بحق ابو بکرؓ صدیق دین
رہے محو تجھ میں مری جان پاک

خاتمۃ الرسالہ

پڑھے اور کرے جو کہ اس پر عمل
کہوں نفس شیطان کے شر میں پھنسا
یہ مضمون تھا فارسی میں لکھا
کہ تا خاص اور عام سمجھیں نہ دور
مؤلف و کاتب و خواندہ پر

تمت بالخیر آمین

الحمد للہ والمنۃ کہ کتاب عجیب و غریب مسمی بہ جہاد اکبر از تصنیفات لطیف مقبول بارگاہ الٰہ حاجی امداد اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ حسب الحکم عالی جناب حاجی محمد سعید صاحب تاجر کتب کلکتہ خلاصی ٹولہ نمبر (۸۵) باہتمام حاجی محمد شفیع صاحب
در مطبع مجیدی واقع کانپور بماہ شعبان المعظم سنہ ۱۳۴۳ھ
حلیہ در بر کشیدہ مقبول انام گشت
خدائے تعالیٰ مفید عوام گرداند

نالۂ امداد غریب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

رباعی

اے ذات تو با رحمت و الطاف قریب — دے رحمت و لطفت بمناجات مجیب
اکنون بطفیل احمد و یاران ش — مقبول شود نالۂ امداد غریب

الٰہی یہ عالم ہے گلزار تیرا — عجب نقش قدرت نمودار تیرا
جہان لطف و گل ہے وہین خار غم ہے — ہے گل خار مین گل مین ہے خار تیرا
عجب رنگ بیرنگ ہر رنگ مین ہے — یہ ہے رنگ صنعت کا اظہار تیرا
خوشی غم مین رکھی ہے اور غم خوشی مین — عجب تیری قدرت عجب کار تیرا
یہ نقشہ دو عالم کا جو جلوہ گر ہے — ہے ہر پردے مین روشن سب انوار تیرا
یہ کوتاہی اپنی نظر کی ہے یارب — ترے نور کو سمجھین اغیار تیرا
بہر رنگ ہر شے مین ہر جا پہ دیکھو — چمکتا ہے جلوہ قہروار تیرا
نہین وہ جگہ اور نہین وہ مکان ہے — کہ جس جا نہین ذکر اذکار تیرا
تو ظاہر ہے اور لاکھ پردے مین تو ہے — تو باطن ہے اور سخت اظہار تیرا

تو اوّل نہین ابتدا تیرا یارب — تو آخر نہین انتہا کار تیرا

تو اوّل تو آخر تو ظاہر تو باطن — تو ہی تو ہے یا کہ آثار تیرا

نظر کو اُٹھا کر جدھر دیکھتا ہون — تجھے دیکھتا ہون نہ اغیار تیرا

نہین دیکھتا کچھ وسے دیکھتا ہون — ہر اک جا پہ نقشہ طرحدار تیرا

مطلع

الٰہی مین بس ہون خطاوار تیرا — مجھے بخش کہ ہے نام غفار تیرا

عفو کس سے چاہے گنہگار تیرا — کہو کس سے چھوٹے گرفتار تیرا

الٰہی بتا چھوڑ سرکار تیری — کہان جاوے یہ بندہ ناچار تیرا

نگاہ کرم ٹک بھی کافی ہے تیری — اگرچہ ہون بندہ بہت خوار تیرا

دوا بے رضا کیا کرون مین الٰہی — کہ دارو بھی تیری اور آزار تیرا

مرض لا دوا کی دوا کس سے چاہون — تو شافی ہے میرا مین بیمار تیرا

مین ہون چیز تیری جو چاہے سو کر تو — تو مختار میرا مین ناچار تیرا

الٰہی مین سب چھوڑ گھربار اپنا — لیا ہے پکڑ اب تو دربار تیرا

سوا تیرے کوئی نہین میرا یارب — تو مولا ہے مین عبد بیکار تیرا

کہان جاوے جسکا نہ ہو کوئی تجھ بن — کسے ڈھونڈھے جو ہو طلبگار تیرا

کیا اپنے در سے اگر دور مجھکو — کدھر جاوے عاجز یہ ناچار تیرا

نہ پوچھے سوا نیک کارون کے گر تو — کہان جاتا بندہ ناچار تیرا

گناہون نے ہر طرف سے مجھکو گھیرا — سُنا جب کہ ہے نام غفار تیرا

رہے گا نہ کچھ نقد عصیان میرے — لگے گا جو رحمت کا بازار تیرا

دلیر ہم گناہون پہ کیونکر نہ ہو دین — کہ ہے نام غفار و ستار تیرا

سدا خواب غفلت مین سوتا رہا مین
نہ اک دم ہوا آہ بیدار تیرا

چلا نفس و شیطان کے احکام پر مین
نہ مانا کوئی حکم زنہار تیرا

برے کام مین عمر افسوس کھوئی
کیا مین نہ اچھا کوئی کار تیرا

نہ رسوا ہون جیسا یہان حشر مین بھی
نہ ہون جب کہ ہو عام دربار تیرا

مری مشکلین ہو دین آسان اکدم
جو ہووے کرم مجھپر اکبار تیرا

خبر لیجیو میری تو اسدم الہی
کھلے جبکہ بخشش کا اخبار تیرا

ہون ظلمات عصیان سے حسنات روشن
جو ہو ابر رحمت نمودار تیرا

کہان میرے عصیان کہان تیری رحمت
کہان خس کہان بحر زخار تیرا

لگین کرنے کافر بھی امید بخشش
لگے ہونے جب رحم اظہار تیرا

گنہ میرے حد سے زیادہ ہین یا رب
مجھے چاہیے رحم بسیار تیرا

نہ ڈر دشمنون سے رہا مجھکو جب سے
کہا تو نے مین ہون مددگار تیرا

تمنا ہے اس بات کی مجھکو ہر دم
کہ دل سے زبان پر ہو اذکار تیرا

ترا نام شیرین حلاوت ہے دل کی
ہر اک بات سے خوش ہے تکرار تیرا

الہی رہے وقت مرنے کے جاری
بہ تصدیق دل لب پہ اقرار تیرا

نہ کوئی ہے میرا نہ مین ہون کسی کا
تو میرا مین عاجز دل فگار تیرا

تو میرا مین تیرا مین تیرا تو میرا
ترا فضل میرا مرا کار تیرا

نہین مین تو ہی ہے تو ہی ہے نہین مین
تو ہے نور میرا مین آثار تیرا

مین ہون عبد تیرا تو معبود میرا
تو مسجود مین ساجد زار تیرا

الہی بچا قہر سے اپنے مجھکو
کہ ہے عفو بخشش کرم کار تیرا

یہ جور و جفا ہم سے ہم پر ہی یارب — نہین ظلم اور جور اطوار تیرا
چلا نفس و شیطان کے احکام پر مین — یہ ہے بے نیازی کا بازار تیرا
نہین کافرون کو جو توفیق ایمان — کہ ہے نام قہار و جبار تیرا
حکومت ہوئی اسکو حاصل جہان کی — ہوا جو کوئی حکم بردار تیرا
فنا ہو گیا جو تری دوستی مین — تو ہے یار اس کا وہ ہی یار تیرا
دو عالم خریدار ہوا اسکا بیشک — جو ہے نقد جان سے خریدار تیرا
کھلین اس کی آنکھین کرین بند جس نے — عیان ہو نہان اس پہ اسرار تیرا
رہے ہوش اسکو کسی کا نہ اپنا — الٰہی ہوا جو کہ ہشیار تیرا
الٰہی مجھے ہوش دے اب تو ایسا — رہون مین سدا مست و مے خوار تیرا
تو کر بے خبر ساری خبرون سے مجھکو — الٰہی رہون اک خبردار تیرا
مین ہر مرض اور درد سے چھوٹ جاؤن — جو ہو وے محبت کا آزار تیرا
بنا اپنا قیدی کر آزاد مجھکو — ہے آزاد سب سے گرفتار تیرا
جو سویا سو جاگا جو جاگا سو سویا — سلا مجھکو تا ہون مین بیدار تیرا
بھکاری ترا جائے محروم کیونکر — کہ نت خوان بخشش ہی تیار تیرا
ترا خوان انعام ہے عام سب پر — ہے شاہ و گدا ہر نمک خوار تیرا
بھکاری کرورون ترے ہون نہ کیونکر — نہین کرنا معمول انکار تیرا
کوئی تجھسے کچھ کوئی کچھ چاہتا ہے — مین تجھسے ہون یارب طلبگار تیرا
نہین اس سے زیادہ کوئی مجھکو خواہش — ہر اک شے سے ہے وصل درکار تیرا
نہین دونون عالم سے کچھ مجھکو مطلب — تو مطلوب مین ہون طلبگار تیرا

ہے جنت کی نعمت تو سب میری خاطر | میسر ہوا ے کاش دیدار تیرا
مرے دل مین ٹک جلوہ فرما الٰہی | کہ تجھ بن ہے ویران یہ دربار تیرا
نہین وصل افسوس قسمت مین میری | مین سایہ نمط گرچہ ہون جار تیرا
تو ہے جان و دل سے بھی نزدیک میرے | ولے آہ ملنا ہے دشوار تیرا
ہون با وصف اس قرب کے دور ایسا | ستاتا ہے یہ ہجر خونخوار تیرا
یہ قرب و معیت ہے پھر بعد ایسا | نہین کھلتا یارب یہ اسرار تیرا
حجاب خودی میرا یارب اٹھا دے | کہ تا دیکھون بے پردہ دیدار تیرا
ذرہ آپ اپنے مین آدا آ تو | کہ ہے کون تو کیا ہے گفتار تیرا
تو کر صیقل آئینہ دل نام حق سے | کہ تا جلوہ گر اس مین ہو یار تیرا
زبان سے طرف دل کی مشغول ہو تو | وہین جلوہ فرما ہو امداد تیرا
اٹھا غم رکھ امید امداد حق سے | تجھے غم ہے کیا رب ہے غمخوار تیرا
نہ ڈر فوج عصیان سے گرچہ بہت ہے | کہ ہے رحم حق کا مددگار تیرا
اسی کی تو خدمت مین رہ دل سے ہر دم | تو چاکر ہے اس کا وہ سردار تیرا
تو پڑھ اس مناجات کو پنج وقتی | کہ تا جاوے ہر غم ہر آزار تیرا
الٰہی قبول ہو مناجات میری | کہ رد کرنا ہرگز نہین کار تیرا

خمسہ بر مناجات حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

ذکر کیا کوئی کرے وحدت مین تیری قال و قیل | عقل بحث و علت و معلول ہین زار و علیل
انت کافی فی مہمات و فی رزق کفیل | جد بلطفک یا الٰہی من لہ زاد قلیل

مفلس بالصدق یاتی عند بابک یا جلیل

جسطرح خاصو نپہ ہے مجھپر بھی کر لطف عمیم — ہے وفور جرم عصیان سے سزاوار جحیم
وہ سراپا عاصی و خاطی تو غفار و رحیم — ذنبہ ذنب عظیم فاغفر الذنب العظیم

انہ شخص غریب مذنب عبد ذلیل

حیف پیری جوانی سب کٹے مصروف لہو — روز و شب تھا جہالت ہی رہا غفلت مین محو
یا الہ العالمین تُو ہے مستی عصیان سے سہو — منہ عصیان و نسیان و سہو بعد سہو

منک احسان و فضل بعد اعطاء جزیل

خواب و خوری مین کٹی اک عمر مثل دام و دُو — ہین عمل سارے نکو ہیدہ سبھی افعال بد
دیکھکر انبار عصیان و جرائم بے عدد — قال یاربی ذنوبی مثل رمل لاتعد

فاعف عنی کل ذنب واصفح الصفح الجمیل

ہین سب افعال ذمیمہ زندگی کا ماحصل — یاد مین تیرے نہ گذری ایک ساعت ایک پل
کیا کرون اب کچھ نہین بنتی کہ سرپر ہے اجل — کیف حالی یا الٰہی لیس لی خیر العمل

سوء اعمالی کثیر زاد طاعاتی قلیل

غم الم اندوہ و حسرت یاس و دوری بیکسی — ناتوانی اضطرابی بیقراری بے کلی
ہین مرض سینہ مین اتنے دلپہ کاوش ہے بڑی — عافنی من کل داء واقض عنی حاجتی

ان لی قلبا سقیما انت شافی للعلیل

خود بخود ہو جائینگے یہ درد سارے دلسے دور — جتنے مقصد ہین برآئین گے الٰہی بالضرور
یہ تڑپ یہ بیقراری فکر بیجا ہے قصور — انت شافی انت کافی فی مہمات الامور

انت حسبی انت ربی انت لی نعم الوکیل

ہون مین جکو مین نہین ملتی صراط مستقیم / کر دیا آزو نیاز و مرض نے زار و سقیم
جسطرح خاصون پہ ہی مجھپر بھی کر لطف عمیم / رب ہب لی کنز فضلک انت وہاب کریم

اعطنی ما فی ضمیری دلنی خیر الدلیل — سنہ کھلا

صورت شبنم ہون گریان روز و شب صبح و مسا / غنچۂ خاطر برنگ گل نہ اک دم بھی ہنسا
جیتے جی ہر وقت خوف آتش دوزخ رہا / قل لنا یا بردی یارب فی حقے کما

قلت قلنا نار کونی انت فی حق الخلیل

عمر بھر کرتا رہا فرمان حق سے انحراف / وہ ہوا مجھسے جو شان عبدیت کے تھا خلاف
جرم و عصیان و خطا یک لخت سب کر دے معاف / ہب لنا ملکا کبیرا انجنا مما نخاف

ربنا اذ انت قاضی و المنادی جبرئیل

ہوش مین آئے غریب سرخوش جام صبوح / کر عمل اچھے برے ہوتے ہین فعال قبوح
کیا بھروسا زندگی کا ہے مسافر تن مین روح / این موسیٰ این عیسیٰ این یحییٰ این نوح

انت یا صدیق عاصی تب الی المولی الجلیل

غزل درشوق زیارت باسعادت آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم

سبز شاداب گلستان تمنا ہوئے / کاش مسکن مرا صحراے مدینہ ہوئے
ہند مین گرم تپش یون دل مضطر ہے مدام / دام مین جیسے کوئی مرغ تڑپتا ہوئے
مجھکو بھی روضۂ اقدس کی زیارت ہو نصیب / زہے قسمت جو سفر سوی مدینہ ہوئے
جب کہین قافلہ والے کہ مدینہ کو چلو / شوق مین پھر تو مرا اور ہی نقشہ ہوئے
ننگے پاؤن وہین ہو جاؤن مین اٹھکر ہمراہ / تن مین جامہ بھی مرے ہو کہ برہنہ ہوئے

یون چلون خاک اُڑاتا ہوا صحرا صحرا
جیسے جنگل مین بگولا کوئی اُڑتا ہووے

گرمِ جولان روشِ برق ہون شادان خندان
پانون پر پانون مرا شوق مین پڑتا ہووے

کانٹے تلونمین چبھین برگ گل تر سمجھون
خاک جو اُڑکے پڑے آنکھونمین سرمہ ہووے

ایسی صورت مین درِ شاہِ عرب پہ پہونچون
حال جیسے کسی ناچیز گدا کا ہووے

گرد آلودہ بدن خاک ملی چہرہ پر
ایک تہ بند پھٹا سا کوئی کرتا ہووے

خار پانون مین چبھین بال ہون سر کے بکھرے
فکر سوزن نہو کچھ شانہ کا سودا ہووے

باندھ کر ہاتھ کرون عرض بصد عجز و نیاز
خدمت شاہ مین جیسے کوئی بردہ ہووے

یہ غلام آپ کا حاضر ہے قدمبوسی کو
وصل کا آج اشارہ شہ والا ہووے

میری بیتابی و مسکینی پہ رحم آئے ضرور
خود در حجرۂ والائے نبی وا ہووے

دوڑ کر سر قدم پاک پہ رکھدون اپنا
دھیان کسکو ادب و بے ادبی کا ہووے

کبھی چومون کبھی آنکھونسے لگاؤن وہ قدم
خاک پا آپ کی اِن آنکھونکا سرمہ ہووے

گوہرِ اشکِ نثارِ قدمِ پاک کرون
جز تہیدستی کوئی اور نہ تحفہ ہووے

اور جب روئے مبارک کی تجلی دیکھون
جلوۂ طور بھی آنکھون مین تماشا ہووے

جسکے اِس شوق کو کہتے ہین ملائک بھی غریب
فضلِ حق سے تری حاصل یہ تمنا ہووے

مناجات

اے رسولِ کبریا فریاد ہے
یا محمد مصطفے فریاد ہے

آپکی اُلفت مین میرا یا نبی
حال یہ اب ابتر ہوا فریاد ہے

سخت مشکل مین پھنسا ہون آجکل
اے مرے مشکلکشا فریاد ہے

درد ہجران سے ہے لب جان مری — اب تو کچھ کیجیے دوا فریاد ہے
چہرۂ تابان کو دکھلا دو مجھے — تم سے اے نور خدا فریاد ہے
گردن و پا سے مرے زنجیر کو — یا نبیؐ کیجیے جدا فریاد ہے
قید غم سے اب چھڑا دیجیے مجھے — یا شہ ہر دو سرا فریاد ہے
یا نبیؐ احمد کو در پر لو بلا — اس لیے صبح و مسا فریاد ہے

مناجات دیگر

آپ کی فرقت نے مارا یا نبیؐ — دل ہوا غم سے دوپارا یا نبیؐ
طالب دیدار ہون دکھلائیے — روئے نورانی خدارا یا نبیؐ
حق تعالے کے تمھین محبوب ہو — کون ہی ہمسر تمھارا یا نبیؐ
درد ہجران کے سبب مجھسے کیا — صبر و طاقت نے کنارا یا نبیؐ
باغ جنت سے زیادہ ہی عزیز — مجھکو وہ کوچہ تمھارا یا نبیؐ
مرتے دم گر دیکھ لون روئے شریف — زندگی ہوے دوبارا یا نبیؐ
لیجیے در پر بلا کب تک پھرون — دربدر یان مارا مارا یا نبیؐ
چین آتا ہو مرے دلکو تمام — نام لیتے ہی تمھارا یا نبیؐ

مناجات دیگر حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وصحابہ وسلم

سب دیکھو نور محمدؐ کا سب ہے ظہور محمدؐ کا — جبریلؑ مقرب خادم ہے سب جا مشہور محمدؐ کا
جس مسجد مین مین سنتا ہون تو ہے مذکور محمدؐ کا — نا ہو کسی پیغمبر کا جو ہے مقدور محمدؐ کا

وہ منشا سب اسما کا ہی وہ مصدر ہر اشیا کا ہی / وہ مظہر ظہور و خفا کا ہی سب دیکھو نور محمدؐ کا

کہیں روح مثال کہایا ہی کہیں جسم میں جا سمایا ہی / کہیں حسن و جمال دکھایا ہی سب دیکھو نور محمدؐ کا

کہیں عاشق وہ یعقوبؑ ہوا کہیں یوسفؑ وہ محبوب ہوا / کہیں صابر وہ ایوبؑ ہوا سب دیکھو نور محمدؐ کا

کہیں موسیٰ وہ کلیم ہوا کہیں راز قدیم علیم ہوا / کہیں ہارونؑ وہ ندیم ہوا سب دیکھو نور محمدؐ کا

کہیں ابراہیمؑ خلیل ہوا اُس راز قدیم علیل ہوا / کہیں صادق اسمٰعیلؑ ہوا سب دیکھو نور محمدؐ کا

کہیں یار کہیں بیگانہ ہی کہیں شمع کہیں پروانہ ہی / کہیں دانا کہیں دیوانہ ہی سب دیکھو نور محمدؐ کا

کہیں غوث ابدال کہایا ہی کہیں قطب بھی نام دھرایا ہی / کہیں دین امام کہایا ہی سب دیکھو نور محمدؐ کا

مناجات دیگر

مرا طالع خفتہ جاگے یقیں ہے / اگر خواب میں منھ دکھائے محمدؐ

میں اُس پر فدا جان اور دل سے قربان / مرا جان و دل سب فدائے محمدؐ

محمدؐ کی مرضی ہی مرضی خدا کی / خدا کی رضا ہی رضائے محمدؐ

خجل ہوکے خورشید کا رنگ فق ہو / اگر منھ سے پردہ اٹھائے محمدؐ

نہ ہوتے تو کچھ بھی نہوتا یقیں ہے / ہوا ہی یہ سب کچھ برائے محمدؐ

عطا کر الٰہی تو اُس کی تمنا / کہ ہے رنج بھی خاکپائے محمدؐ

خاتمۃ الطبع

الحمد للہ والمنۃ کہ کتاب عجیب و غریب مسمّیٰ بہ امداد غریب از حاجی امداد اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ مع اشعار منشی محمد خان غریب سہارنپوری باہتمام حاجی محمد شفیع صاحب در مطبع مجیدی کانپور طبع شد

قرآن مجید مترجم بزبان اُردو

عمدہ کاغذ تقطیع کلان جلی قلم حنا شدہ

و برحاشیہ

سجاوندی عربی مع خلاصہ تفسیر حقانی اُردو

للّٰہ الحمد و قرآن مجید مترجم جسکا قوم اور ملک کو مدت سے انتظار تھا طبع ہوکر ہدیۂ ناظرین ہوا۔ اسمیں ضرورت زمانہ
کے موافق اصل عبارت سے منطبق کرکے اور استعارہ و کنایہ، مجاز و تشبیہ و تمثیل کو بھی ملحوظ رکھکر بامحاورہ
ترجمہ کیا گیا ہے، اور تحت الالفاظ کی رعایت بھی کیگئی ہے۔ یہ ترجمہ شمس العلماء مولانا مولوی ابو محمد عبد الحق
صاحب حقانی مرحوم کی جدید تالیف ہے جنکی مصنفہ تفسیر حقانی جد مقبول ہو چکی ہے اس قرآن
شریف مترجم کے حواشی پر پوری تفسیر حقانی کا خلاصہ بھی چڑھایا گیا ہے جسمیں ترکیب نحوی، صحیح شان
نزول، حل لغات، احکام سیاسیہ و اخلاقیہ و روحانیہ کی تشریح، ربط آیات، قصص اور واقعات کی تاریخ زمانہ
حال کے موافق درج ہے، بالخصوص سلف صالحین کا اتباع ہے اور بے اصل روایات و قصص موضوعہ سے بچنا گیا ہے
یہ مسلم ہے کہ فصاحت و بلاغت کا عنصر استعارہ، کنایہ، تشبیہ، تمثیل ہے بعض تو بے علمی سے اور بعض عناد سے ایسے ہی مواقع
میں ٹھوکر کھا جاتے ہیں اسلیے زمانہ حال کی ضرورتوں کے موافق۔ اس ترجمہ و تفسیر میں سب باتوں کا خاص خیال کیا گیا ہے
کہ کسی مخالف کو قرآن مجید پر اعتراض کا موقع نہ رہا۔ اور نیز یہ ترجمہ بہ خوبی [illegible] خواندہ [illegible] حاشیہ پر ترجمہ عمدہ کاغذ
تقطیع کلان ۲۰×۲۶ ڈبل پر چھپوایا گیا ہے اس ترجمہ کیلیے سے پوری تفسیر حقانی کا خلاصہ بھی جسکی قیمت مجلس [illegible]
روپیہ ہی میں حاصل ہو سکتا ہے [illegible] ایضاً مجلد عمدہ چرمی
آٹھ روپیہ دس آنے علاوہ محصول ڈاک وغیرہ ذمہ خریدار ہے

المشتہر
حاجی محمد سعید تاجر کتب کلکتہ کلاھی ٹولہ نمبر ۸۵

ضروری التماس

معزز ناظرین! مطبع مجیدی نے دیانت داری اور راستبازی کی وجہ سے اپنے خریدارون کو اپنا گرویدہ بنا رکھا ہی تاجران باوقار اور عام خریداران دیار و امصار جیسی کچھ اسکی عزت افزائی فرما رہی ہین وہ اس کی خوش معاملگی کے نتائج سے ایک نتیجہ ہی مطبع مجیدی اپنی مجموعی حیثیت اور ساکھ کے لحاظ سے بہت مشہور ہی بیوپاریون کو جسقدر خاص کفایت اور متفرق خریدارون کو جسقدر رعایت سے مال دیا جاتا ہی اس کا صحیح اندازہ وہی لوگ کر سکتے ہین جن کو ایک بار بھی مطبع سے مال منگانیکا موقع ملا ہی مندرجۂ ذیل امور کی اہتمام کے ساتھ پابندی اور لحاظ کی وجہ سے جیسی کچھ روزافزون ترقی اس کارخانے کو ہو رہی ہی معزز ناظرین پر مخفی نہین۔

(۱) اس مطبع مین تقریباً تمام ہندوستان کی مطبوعہ ہر علم و فن کی عربی فارسی اردو کتابون کا ذخیرہ اور سیل موجود رہتا ہے۔

(۲) حتی الامکان کتابین عمدہ چھاپے اور اچھے کاغذ کی چھپی ہوئی فراہم کی جاتی ہین۔

(۳) جو کتاب عمدہ طبع ہی نہین ہوئی یا چھپکر کمیاب ہو گئی ہو وہ بدرجۂ مجبوری خراب چھاپے اور خراب کاغذ کی روانہ کیجاتی ہی اور جو صاحب لکھدیتے ہین اُن کو خراب کتاب نہین روانہ کیجاتی ہی۔

(۴) تاجران کتب (بیوپاریون) کے ساتھ جو مراعات کی جاتی ہین اور جس نرخ سے اُن کو مال روانہ کیا جاتا ہی اُس سے کم نرخ پر غالباً اور تاجر سے کبھی نہ مل سکے گا۔

(۵) مدارس اسلامیہ و طالبان علم کے ساتھ جیسی رعایتین کیجاتی ہین اُسکا اندازہ مال منگانے پر ہو سکتا ہی۔

(۶) متفرق خریدارون کو خاص نرخ سے مال روانہ کیا جاتا ہی۔

(۷) تاجر (بیوپاریون) مدارس اسلامی طالبان علم اور متفرق خریدار غرضکہ سب صاحبون کے لیے کچھ نہ کچھ ایسی رعایتین ہین کہ بہ ہیئت مجموعی ہمارا دعوی ہی کہ انشاء اللہ ہر جگہ سے کفایت پڑیگی اور اس پر عمدگی مال کا نفع گھاتے ہین۔

(۸) ہمکو امید ہی کہ اگر آپکو کسی کتاب کی ضرورت ہو تو سب سے پہلے اپنے اس قدیم کتب خانۂ تجارتی مجیدی کو یاد فرما لیجیے اور ایک معمولی سی فرمائش بھیجکر کارخانے کی دیانت، راستبازی، کفایت، رعایت، عمدگی مال ذخیرہ وغیرہ کا اندازہ ضرور فرما لیجیے۔

المشتہر

حاجی محمد سعید تاجر کتب کلکتہ خلاصی ٹولہ نمبر ۸۵